ان من الشعر لحکمة و ان من البیان لسحرا

الحمد لله و المنه که درین ایام میمنت اقتران گلدستهٔ حدیقهٔ سخنوری و نغمه هاے بلبل معنی پروری اعنی

یادگار غنی

دیوان شاعر

حسب فرمایش عالیجناب شهرهٔ آفاق شیخ احمد حسین خان صاحب ورمداق آنریری مجسٹریٹ تعلقهٔ پیر دوان

در قومی پریس واقع لکهنؤ چو زیور طبع پوشید

بسم الله الرحمن الرحیم

مناجات

خدایا ز عصیان مرا پاک کن | سراپا سمم زهر تریاک کن
به بخشایش تو طلبگارم | تو آمرزگاری گنهگارم
ز سربار عصیان من کم نشد | صد افسوس اثر از سرشکم نشد
چو نیکان نشد نیک انجام من | شد اندر بدان شهرت نام من
نشد سرخ رویم نه رویم سفید | سیه اندرونست مویم سفید
ز گرد کدورت نشد سینه صاف | ز صیقل نشد زنگ آئینه صاف
کنون جامهٔ پاکبازی بده | بهر دو جهان بی‌نیازی بده
ازین خرقه و بوریه نادمم | بداغ سجود و ریا نادمم
کثیف از گنه هست دامان من | برحمت بشو داغ عصیان من
ز ناکامی و غفلتم دور دار | ز جور و جفا و ستم دور دار

دریغا بطاعت نه پرداختم
دریغا نخواندم دعا بے وضو
برآید بافتاد تکبیر من ؂
بنودم به تلبیس هردم نماز ؂
به قرات نشد بیخودی درتنم
قیامم الف در قیامم نشد ؂
بخوبی نکردم ادائے سجود ؂
بمیخانه روح از وجودم نشد
نشد عرش بین چشم تبلیغ من ؂
خراب از پریشانی دل شدم
بفرما براتم نکردی قبول ؂
بیامرز این معذرت خواه را
عطا کن مرا خاکساریئی دل ؂
جراحت ز تیغ نظر بایدم
به بیداری دل سرفراز کن
بسا تشنه لب هست جویائے عشق
ره سالکان طریقت نما ؂
چو باده کشان آبرویم بده ؂
بس است از درت جبه سائی مرا

به حج و زیارت نه پرداختم
پشیمانم از طاعت بے وضو
نشد برفلک بانگ تزویر من ؂
چو پاک اندرونان نکردم نماز
نشد ظلّ جسم همید تنم
بلام رکوعم سلامم نشد ؂
مدوّر نگشتم بهائے سجود
چو مستان رکوع و سجودم نشد
سراسر غلط گشت تنقیح من ؂
سراپا من الله باطل شدم
بطاعت گرانم نکردی قبول
مران ناصیه سائی درگاه را ؂
بده لذت بیقراریئی دل ؂
ملاحت بزخم جگر بایدم ؂
بمن باب مقصود را باز کن ؂
بده قطره آب دریائے عشق
در آئینه دل حقیقت نما ؂
مے ساغر مشکبویم بده ؂
بنباید ره پارسائی مرا ؂

صغیرِ دلِ افگار را شاد کُن

ز اندوہِ دارین آزاد کُن

اے خدائے دو جہان خالقِ اکبر تو ہے
تاج بخشِ سرِ خسرو و قیصر تو ہے

آفرینندۂ مہر و مہ و اختر تو ہے
سامعِ شور و فغانِ دلِ مضطر تو ہے

تیری تسبیح مین ہر شے ہے وہ معبود ہے تو
جسنے ڈھونڈا تجھے جس جا وہین موجود ہے تو

تو نے ہر شے کو ہر اک رنگ سے دی زیبائی
پھل دیے شاخ کو بو گل کو عطا فرمائی

صندلی خاک کو گردون کو کیا مینائی
جملہ مخلوق سے کی تو نے جہان آرائی

دی بلندی سرِ کہسار کو پستی کے لئے
ہمکو پیدا کیا معبود پرستی کے لئے

قوتِ باصرہ سب اہلِ نظر کو بخشی
تیرگی شام کو تنویر سحر کو بخشی

آگ پتھر کو دی اور آب گہر کو بخشی
منزلت علم کو توقیر ہنر کو بخشی

خاکساری مین شہنشہ کیا درویشون کو
مرہمِ وصل دیا عشق کے دلریشون کو

زندگانی کا اثر چشمۂ حیوان کو دیا
جلوۂ سرِ چراغِ مہِ تابان کو دیا

نورِ گرمِ آئینۂ مہرِ درخشان کو دیا
جوہرِ عقل دماغِ سرِ انسان کو دیا

اثرِ سعد دیا بالِ ہما کے پر کو
ہیرے مٹی کو دیے لعل دیے پتھر کو

تو جو چاہے تو ہر اک برگِ شجر بول اوٹھے
طایرِ قبلہ نما وقتِ سحر بول اوٹھے

گو زبان گنگ کے منہہ مین نہو پر بول اوٹھے
مرغِ تصویر کو ہو حکم اگر بول اوٹھے

مردۂ گور کو ایما ہو تو زندہ ہو جاے
ریسمان چلنے لگے مارِ گزندہ ہو جاے

تو نے شاداب ہر اک شے کو کیا پانی سے
پوستین خاک کو دی ابر کی بارانی سے
قوتِ لامسہ وہی جسم کو روحانی سے
موتی دریا کو دیے قطرۂ نیسانی سے

رتبہ اکسیر کو بخشا تو شرف زر کو دیا
آگ مین صبر اور آرام سمندر کو دیا

تیری مرضی ہو تو پتھر ابھی پانی ہو جاے
تو جو چاہے تو بڑھاپے مین جوانی ہو جاے
قامتِ سروِ گلستان کو روانی ہو جاے
فصلِ گل آئی ہوا بادِ خزانی ہو جاے

تیری قدرت سے ہر اک خار مین ہون پیدا
بیضۂ زاغ سے ہون قمری و بلبل پیدا

تو جو چاہے تو نیا عہد کہن ہو میرا
صحت آباد ابھی خانۂ تن ہو میرا
جلوہ گر پھر دُرِ دندان سے دہن ہو میرا
تو اگر چاہے تو سر سبز چمن ہو میرا

وادیِ غم ترے حکم سے گلشن ہو جاے
بلبلِ جان کا پھر آباد نشیمن ہو جاے

مار کو جس سے ہے نفرت وہ گنہگار ہون مین
جس نے صحت کو ہی پرہیز وہ بیمار ہون مین
جس سے ناخوش ہے رہائی وہ گرفتار ہون مین
جسکو روندے نہ کوئی پانو سے وہ خار ہون مین

جاے رحمت ہے یہی وقت عنایات کا ہی
آسرا اے مری رب و تری ذات کا ہے

مین شریکِ صفِ اربابِ شریعت نہوا
لایقِ بندگی و قابلِ طاعت نہوا
فیض یابِ شرفِ جامِ طریقت نہوا
ہون وہ مردود کہ مین موردِ رحمت نہوا
نہ کوئی پیرِ مغان ہے نہ کوئی ساقی ہے
آسرا اب تری رحمت کا فقط باقی ہے

نفرت اربابِ شریعت کو ہوی یا رب مجھسے
ناپسندیدۂ دل کام ہوئے سب مجھسے
منحرف ہوگئے سب صاحبِ مذہب مجھسے
دیدۂ اہلِ بصیرت ہین پھرے اب مجھسے
تو نہ پھیر اپنی نظر تیرا گنہگار ہون مین
گو سیہ کار ہون پر بندۂ غفار ہون مین

پارسائی مری بدتر ہے گنہگاری سے
خوب ہے خندۂ میخوار مری زاری سے
غفلتِ خفتہ ہے بہتر میری بیداری سے
آگہی ہے تجھے اخلاص و ریاکاری سے
کس گنہگار کے عصیان تجھے معلوم نہین
پر ترے رحم سے خاطی کوئی محروم نہین

مین ہون ناپاک نجس تر ہی طہارت میری
تو اگر چاہے تو ہو پاک نجاست میری
داخلِ معصیت و کفر ہے طاعت میری
طالبِ رحمتِ معبود ہے غفلت میری
آرزوئین جو ہین دلمین وہ برآئین میری
بخش دے اسے مرے معبود خطائین میری

کوئی مذہب ہے نہ میرا نہ کوئی ہادی ہے
نامرادی سببِ گریۂ و ناشادی ہے
جذبۂ عشق سے ایمان کی بربادی ہے
جسم پر دلق ریا خرقۂ آزادی ہے
کوئی سجدہ مرا درگاہ مین مقبول نہین

خار ہین گلشنِ طاعت مین کوئی پھول نہین

شعلۂ نارِ جہنم سے بچالے یارب
پڑ گئے جان کو ایمان کے لالے یارب

کون مشکل مین سوا تیری سنبھالے یارب
عرش تک جاتے ہین دسم مری نالے یارب

نہ نکلا نا سرِ دربار بدانجامی سے ۵۵
نامرادی سے بچالے مجھے ناکامی سے

تیرے دربارِ معلی مین صغیر آیا ہے
ای شہنشاہ گدائی کو فقیر آیا ہے

لیکے پشتارۂ عصیانِ کثیر آیا ہے
طالبِ عاطفتِ ربِّ قدیر آیا ہے

یہ نہین عرض کہ گلزارِ جہان دے یارب
اپنے دامانِ عنایت مین امان دے یارب

قصیدہ نعتیہ

یا رسولِ عربی مدحِ تو در قرآنست
ذاتِ پاکِ تو بکونین عظیم الشانست

بهتر از یوسفِ یعقوب جمالے داری
خرد از آئینۂ حسنِ رُخت حیرانست

گیسو و چشم و قد و عارضِ سیمین و خطت
سنبل و نرگس و سرو و سمن و ریحانست

صفتِ نقش بنامِ تو محبت دارم
کندۂ اسمِ محمد بہ نگینِ جانست

شرفِ سنگِ درت ہست برنگِ کعبه
سجدہ گاہِ ملک و حور و جن و انسانست

سرمۂ اہلِ نظر ہست غبارِ درگاہ
خاکِ نقشِ قدمت داروی بیمارانست

انبیا اندہما نا علمائے امت
بر حدِ دین ز تو خضرِ رہ ایمانست

کور باطن بود آنکس که ندارد ز تو عشق
الفتِ تو سببِ نورِ چراغِ جانست

غیرِ حق قبل تو در عالمِ ارواح نبود
بعد تو صاحبِ سجادہ شہ مردانست

موبمو صورتِ آئینه عیانست ترا
انچه در پردهٔ تقدیرِ خدا پنهانست

چهره پردازِ ازل سکّه بنامِ تو بزد
بادشاهیست که کونین تهِ فرمانست

غیرتِ مهرِ مبین است رواق زرین
نورِ قندیلِ درت رشکِ مهِ تابانست

چیست انسان که ملک نیز تمنّا دارد
بر درت انچه که توقیرِ سگِ دربانست

بهتر از تختِ نشنیست زمین بوسیِ تو
هر گدائی درِ درگاه به از شاهانست

ظاهرم گرچه بدنیاست مگر میدانی
نسبتِ باطنم از حضرتِ درویشانست

خرقهٔ اہلِ سلوک است بدوش جانم
نشهٔ بادهٔ عشقم ز خمِ مستانست

ملت و مذہبِ معبود پرستی دارم
دین و ایمانِ من انیست و همین ایمانست

گاه در مسجدِ اقصیٰ پسِ تو سجده کنم
آرزوئے دلم انیست مرادِ جانست

یا نبیم پئے معبود بفریادم رس
دستگیری کن و دریاب دمِ احسانست

بنگر احوالِ منِ خسته بچشمِ رحمت
نظرِ عاطفتت مرہمِ دلِ ریشانست

پیش ازان وقت که من خاک شوم پاک شوم
همین حسرت همین امید همین ارمانست

مرده هستیم کنون زندهٔ جاوید بکن
تو مسیحائی و ما را طلبِ درمانست

مثلِ شقّ القمر اعجاز نمائی فرما
خواهشِ خویشِ دلِ زار ز تو خواهانست

مأمنِ خود ز عبائے تو دلم می خواهد
صفتِ اشکِ روان در طلبِ امانست

روزے از دورِ جمالِ تو برویا دیدم
شد یقین روشنیِ طور درین میدانست

در بر استبرقِ خلد است و بفرقت دستار
سایهٔ چتر بدوشت به کفت قرآنست

رونق افزاست تنِ پاکِ تو در خانهٔ زین
دامنِ سبزتهٔ غاشیه آویزانست

دمِ طاوس براقت سُمِ آهو دارد
تن اسپست ولی روی پریرویانست

[illegible] واگویا — [illegible] فرش بکرانست
[illegible] — [illegible] افشانست
[illegible] — [illegible] و غلمانست
[illegible] — [illegible] و قربانست
[illegible] — [illegible] ذات تو بیرون ز حد امکانست
[illegible]

[illegible]
[illegible] خوان است

مسدس نعتیہ

خداوند تجھے ہے علم تحریر مقدر کا — نکلتا ہے تجھی سے کام مسکین و تونگر کا
ہر اک سایل کو ہے تو دینے والا لعل و گوہر کا — یہی مقصود ہے میرے دل بیتاب و مضطر کا

نہ چھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبر کا
پیون دست محمد سے پیالہ حوض کوثر کا

تن خاکی اگر برباد ہو جاے تو ہو جاے — حریم جسم بے بنیاد ہو جاے تو ہو جاے
تمام اس عمر کی میعاد ہو جاے تو ہو جاے — دل اپنا شاد یا ناشاد ہو جاے تو ہو جاے

نہ چھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبر کا
پیون دست محمد سے پیالہ حوض کوثر کا

تصور ہے رسول اللہ کا آٹھوں پہر مجکو — وہی نور خدا ہر وقت آتا ہے نظر مجکو
جمال پاک الفت نے دکھایا عمر بھر مجکو — یہی ورد زبان ہے راتدن شام و سحر مجکو

نہ چھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبر کا

پیون دستِ محمدؐ سے پیالہ حوضِ کوثر کا

بوقتِ مرگ حامی ہوگا ربِ ذوالمنن میرا
بنے گا چادرِ قبرِ پیمبرؐ سے کفن میرا
جلیگا کس طرح نارِ جہنم سے بدن میرا
مجھے لیجائیگا باغِ جنان مین یہ سخن میرا

نچھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبرؐ کا
پیون دستِ محمدؐ سے پیالہ حوضِ کوثر کا

مرا دل ناوکِ عشقِ پیمبرؐ کا نشانہ ہے
محبت مین ہون مثلِ ویس گو غائب زمانہ ہے
عجب تسبیحِ الفت ہے کہ ہر اک اشک دانہ ہے
یہی باغِ جہان مین بلبلِ جان کا ترانہ ہے

نچھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبرؐ کا
پیون دستِ محمدؐ سے پیالہ حوضِ کوثر کا

مین دیوانہ ہون کسکا واہ کیا تقدیر میری ہے
عجب زلفِ معنبر ای جنون زنجیر میری ہے
ملے دنیا و دین جسمین وہی تدبیر میری ہے
یہی تحریر میری ہے یہی تقریر میری ہے

نچھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبرؐ کا
پیون دستِ محمدؐ سے پیالہ حوضِ کوثر کا

ثناخوان ہون پیمبرؐ کا خدا کی مہربانی ہے
ثنای مصطفےٰ امین ای زبان گوہر فشانی ہے
اسی گوہر کے آگے آبروِ دریا کی پانی ہے
یہی ظاہری مطلب یہی رازِ نہانی ہے

نچھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبرؐ کا
پیون دستِ محمدؐ سے پیالہ حوضِ کوثر کا

پسندِ روحِ احمدؐ میری نظمِ دلپذیر آئے
فرشتہ شکلِ انسان لیکے انعام کثیر آئے
برائے دستگیری جلد میرا دستگیر آئے
زبان دل سے ہردم ہو نعت پر یہ اصغیر آئے

نچھوٹے زندگی سے حشر تک دامن پیمبر کا
پیون دست محمد سے پیالہ حوض کوثر کا

منقبت

شان الله شان جناب امیر ہے
قرآن مین بیان جناب امیر ہے

الله قدر دان جناب امیر ہے
خالق بہی مدح خوان جناب امیر ہے

ہر چند ہین خدای نصیری خدا نہین
بندے یہ ایسے ہین کہ خدا سے جدا نہین

خالق نے دی تو تیغ شجاعت انہین کو دی
گو اولیا بہت تہے ولایت انہین کو دی

حاتم سے بہی زیادہ سخاوت انہین کو دی
سب کچہہ جو دیچکا تو شہادت انہین کو دی

ان پر خدا نے مرتبون کا خاتمہ کیا
طرفہ یہ ہے کہ زوج پئے فاطمہ کیا

قدرت وہ دی کہ سیکڑون مردے جلا دئے
جام شفا مریض الم کو پلا دئے

دست بریدہ ہاتھہ سے دم مین ملا دئے
مسکینون کو خزانہ غیبی دلا دئے

معلوم معجزے ہین یہ سب کائنات کو
نکلا علی کے حکم سے خورشید رات کو

شیر خدا علی ہین ید الله ہین علی
راز خداے پاک سے آگاہ ہین علی

شاہان دو جہان مین شہنشاہ ہین علی
مثل نبی مقرب درگاہ ہین علی

ذات رسول پاک تو ہی رہنمائی کو
شیر خدا ہین خلق کی مشکلکشائی کو

کس کس کو فیض نام سے ان کے ہوا نہین
یہ رتبہ انبیا سے سلف کو ملا نہین

ار صنف و سما ہین مشکل علی دو سرا نہین
دست خدا انہین کو نبی شیر خدا انہین

دونون جہان ہین یہ مشتاق کمال ہین
اللہ کے ولی ہین پیمبر کے بہائی ہین

کیا کیا حروف نام علی مین ہین بیان
دل ہے علی کا خاص جو اللہ کا مکان

ثابت ہو عین سے کہ ہین عشق آشیان
لام الہ نام مین جبی دل ہے بیکران

مختار کارخانہ اللہ ہین یہی
یا کی دلیل ہے کہ یداللہ ہین یہی

پوچہین جو کچہ علی تو ابہی بول اوٹہے زمین
آب زلال شیر ہو سرکہ ہو انگبین

چاہین تو پار ہاے خزف ہون ور ثمین
انجم ہون خاک پر صفت گنبد برین

دکہلا ہین معجزہ یہ اگر کائنات کو
خورشید مثل روز نمایان ہو رات کو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بنا ہے بس خاک پہ نقش قدم میرے پیمبر کا
ضیا ہے مہر سے ہی جس طرح روشن مہ کا
سیاہی روز محشر جب علم ہو احمدی رایت
پیالہ مجہ فقیر عشق کو مرشد پلاتا ہے
آتی ہے کانون مین ملک کہتی ہے صل اللہ

بشر تو کیا ملایک کا کبھی ماتھا نہین سر کا
ثنا خورشید مین یہ تو نہین ہون ر و پیمبر کا
پھر سے کی جگہہ ہو ای خدا دامن پیمبر کا
چھلکتا ہے مری آنکھون کے آگے حوض کوثر کا
دم تکبیر جب مین نام لیتا ہون پیمبر کا

نہ اوترا آسمان سے خاک پر کیونکر نظر آتا
سواد چشم قدسی بنگیا سایہ پیمبر کا

سمجھ ہے رسول اللہ کو تشبیہ کس سے دون
ملک سے ہو زیادہ رتبہ سلمان و ابوذر کا

غبار آستان پاک اڑ کر بنگیا گردون
ستارہ بنگیا ذرہ رسول اللہ کے در کا

سواے حرف کیا کیا نسبتین اللہ سے پائین
ملا ہے سلسلہ بے واسطہ حق سے پیمبر کا

تسلسل نے صغیر آخر ہے پونہچا دیا حد تک
ملا بارہ اماموں سے مجھے دامن پیمبر کا

ازل سے کون ہوا ہمسر رسول خدا
کہ سایہ دار نہ تھا پیکر رسول خدا

کب انبیاے گذشتہ نے پاے یہ درجے
بلند عرش سے ہے منبر رسول خدا

چمک رہی ہے مہ و آفتاب مین شب و روز
ضیاے ذرۂ خاک در رسول خدا

وہ سرزمین ہوئی مسجود قدسی و انسان
جہان گئے قدم اطہر رسول خدا

میان حجرہ نہ تھی احتیاج شمع و چراغ
یہ تھا فروغ رخ انور رسول خدا

بلند ہے سر کرسی و لامکان سے دو چند
ہر ایک گوشۂ تاج سر رسول خدا

صغیر دامن امید ہاتھ مین آئیگا
جو ہونگاہ جہان بر در رسول خدا

کام آتے ہین مشکل مین یہ سب نام علی کا
مشکل جو ہو درپیش تو لے نام علی کا

بخشا کیے ہر اک کو زر و جواہر و گوہر
تھا بحر روان چشمۂ انعام علی کا

کعبے مین ولادت ہے تو مسجد مین شہادت
آغاز جو تھا ہے وہی انجام علی کا

پیدا ہوئے مثل نبی آدم سے بھی پہلے
کیون ہو نہ لقب سابق الاسلام علی کا

اللہ نے فاقے مین غذا عرش سے بھیجی
جام شب معراج ہوا جام علی کا

کیسہ مہ پُر نور کا ہے کیسۂ دلاک / گرمابۂ خورشید ہے حمّام علیؑ کا
کھاتے نہ تھے بھوکھونکو کھلا دیتے تھے کھانا / تھا کام یہی صبح سے تا شام علیؑ کا
جو ذات نبیؐ کی ہے وہی ذات وصی ہے / بے صلِ علیٰ مُنہ سے نہ لے نام علیؑ کا
کیا بخشش کونین کی پڑہتا ہی دعائین / رکھہ وردِ زبان نامِ دلارام علیؑ کا
جب طاعتِ معبود مین مصروف ہوی روح / نرمی مین ہوا موم سب اندام علیؑ کا
دو حرفون مین اک حرف کی کیونکر نہ جگہ ہو / دل کے لیے ہے لام ولا لام علیؑ کا
خالق کے ولی ہین یہ محمدؐ کے وصی ہین / کسطرح نہ لون وقتِ اذان نام علیؑ کا
سو رنگ سے شاہد ہے عبا وصلِ خدا پر / تھا سیکڑون پیوند مین اندام علیؑ کا
بول اوٹھتے تھے سنگ و شجر و مردہ و حیوان / اصحاب سے سُنتے تھے جو پیغام علیؑ کا
ہو رشکِ گلستانِ ارم بعدِ فنا گور / آجاے نظر چہرۂ گلفام علیؑ کا
اے دل غمِ اندوہ سے کیون ہے تو پریشان / اسوقت مین کیا بھول گیا نام علیؑ کا
بتخانون مین اعجازِ مسیحا جو دکھایا / نام آپ سے جپنے لگے اصنام علیؑ کا
ہین ساتھہ یہان حشر مین بھی ساتھہ رہینگے / چھوڑین گے نہ دامن کبھی خدّام علیؑ کا
یہ خاک نشینی سے ہوئی رفعتِ خانہ / ہم مرتبہ عرش ہوا نام علیؑ کا
پیدا ہوے سرو و سمن و لالہ و ریحان / جب شور زمینون مین پڑا گام علیؑ کا
اورون کے عوض آپ اوٹھا لیتے تھے ایذا / تھا عیش اسیرانِ غم آرام علیؑ کا
الماس و زمرد کے نگین پر نہ کھدیگا / ہے دل کے نگینے کے لیے نام علیؑ کا
کیونکر کہون اللہ نصیری کے خدا کو / ہمنام خدا سے ہے مگر نام علیؑ کا
یارب پے سبطین نبیؐ روزِ جزا مین / سایہ ہو سرِ حلقۂ خدّام علیؑ کا

اندیشہ نہین نوح کا طوفان اگر آئے — کشتی سے زیادہ ہے ہمین نام علی کا

موجِ مے کوثر ہے صغیر اپنی فقیری
مرشد نے پلایا ہے ہمین جام علی کا

جنون کے ساتھ طبیعت کو انتشار رہا — بہار آئی گریبان تار تار رہا
بغیر جلوۂ محبوب نور سے کیسا — چراغ بھی شبِ فرقت مین ناگوار رہا
نہ تھا تکلف حرص وہوا سے کچھ مطلب — عبث مین غفلتِ وحشت سے ہوشیار رہا
عجب ہے رنگِ زنخدان میان عارضِ نم — یہ سیب وہ ہے جو گالون مین آشکار رہا
وہ ناتوان ہون کہ ہے قبر داغۂ زیرِ گل — چڑھا جو پھول وہی گنبدِ مزار رہا
خدا نہ دے کسی دشمن کو رنجِ تنہائی — ہزار شکر کہ دل غم سے داغدار رہا

صغیر دل جو ہو بیتاب تو تعجب کیا
یہ حسن وہ ہے کہ سیماب بیقرار رہا

تا دمِ مرگ گھلا عشق مین یون تن میرا — بیضۂ مور ہوا گنبدِ مدفن میرا
ساغرِ بادہ پرستی سے ہے چراغِ شہرت — گو سیہ کار ہون پر نام ہے روشن میرا
جامِ مے پر ہے مباہات مرے چلّو کو — دستِ قدرت نے بنایا ہے یہ برتن میرا
پوچھتے ہین دہنِ تنگ کی لالی ہر دم — آج پھولون سے بھری دیتے ہین دامن میرا
چمن دہر مین وہ بلبل نازک دل ہون — ہر رگِ برگِ گلستان ہے نشیمن میرا

اے صغیر اونکے جو پہلو سے کبھی اٹھتا ہون
تو انگوٹھے سے دبا لیتے ہین دامن میرا

غمِ عشق سے داغ حاصل نہوتا — نہوتا یہ لالہ اگر دل نہوتا

نہ ہوتا اگر کعبہ طاق ابرو
در یار سجدے کے قابل نہ ہوتا

دم ذبح بھی کچھ تسلی نہ ہوتی
جو دل زیر زانوے قاتل نہ ہوتا

نہ ہوتا کبھی چاک سینہ گلون کا
جو باغون مین شور عنادل نہ ہوتا

سجا تھا تجھے دعوے بے دہانی
اگر تجھ سے منہ کی حسب بلبلہ تل نہ ہوتا

نہ ہوتا جو مین عاشق زلف پیچان
گرفتار طوق و سلاسل نہ ہوتا

صغیر ایک دن اس گلی مین نہ آتے
جو اے ماہرو عشق کامل نہ ہوتا

حال وارفتگی اے یوسف ثانی کہتا
نیند آتی تجھے مین اپنی کہانی کہتا

مستی ساغر مے ہوتی اگر اے ساقی
عہد پیری کو مین ایام جوانی کہتا

وہ دکھایا مری آنکھون نے سنایا جو تھا
حال کیا اون سے دم اشک فشانی کہتا

نامہ لکھنے کی نہین ہے دل بیتاب کو تاب
آپ سنتے تو مین احوال زبانی کہتا

کھینچتا مین تری تصویر تو ہو جاتا نام
کوئی بہزاد بناتا کوئی مانی کہتا

سبزہ رنگی تری پوشاک سے جو ہوتی عیان
لال جوڑے کو ہر اک دیکھ کے دھانی کہتا

نیند تو ایک طرف سنکے اوسے غش آتے
سامنے جسکے صغیر اپنی کہانی کہتا

ہاتھ بے سامانیون سے بالش سر ہو گیا
سایۂ تن وادی وحشت مین بستر ہو گیا

دیکھنے کو ہم ترستے ہین نظر آتا نہین
خال جانان نقطۂ کلک مقدر ہو گیا

آتش غم بعد ایذا باعث راحت ہوی
مرغ جان جل بھن کر ان روزون سمندر ہو گیا

وحشیون کی ہو گئی الفت یگانون سی سوا
اے جنون ہر گوشۂ صحرا مجھے گھر ہو گیا

ساقی مہوش کی آنکھون مین سرمہ دیکھکر
میرے دل کو اشتباہِ خطِ ساغر ہو گیا

جب نسیم کوچۂ گیسوے جانان آ گئی
مین برنگِ بوے گُل جامے سے باہر ہو گیا

کیا بتاؤن کس طرح مہکا گلِ داغِ جنون
منزلون تک دامن صحرا معطر ہو گیا

اسقدر ہے عارضِ پرنورِ ساقی مین اثر
جو سبو چہ سامنے آیا وہ گنبر ہو گیا

یار آیا تیرگی مرقد کی زائل ہو گئی
سنگِ موسے روشنی مین سنگِ مرمر ہو گیا

عالمِ وحشت مین اوٹھے جسطرف اپنے قدم
غولِ صحرائی مثالِ خضر رہبر ہو گیا

باغِ جنت نشۂ مے مین نظر آنے لگا
ہر پیالہ مجکو جامِ حوضِ کوثر ہو گیا

وصل کی شب جب بجا گھڑیال دل بسمل ہوا
احتمالِ نعرۂ اللہ اکبر ہو گیا

تشنہ کامِ وصل کی آسودگی ہوتی نہین
شربتِ دیدارِ جانان آبِ گوہر ہو گیا

دفترِ اعمال تو ہے ناتمام ابتک صغیر
بوجھہ دونا کیون سرِ گاوِ زمین پر ہو گیا

جامِ شربت مین وہ لعلِ لبِ خندان دیکھا
آب و آتش کو بہم دست و گریبان دیکھا

پُرعرق مانگ مین سیندور کو افشان دیکھا
آب و آتش کو بہم دست و گریبان دیکھا

عرقِ شعلۂ رخسار کو غلطان دیکھا
آب و آتش کو بہم دست و گریبان دیکھا

تیرے دیوانون کو دیکھا بھی تو عریان دیکھا
نہ تو دامن کبھی دیکھا نہ گریبان دیکھا

عاشقِ گیسوِ شبرنگ کو کب نیند آئی
جب ذرا آنکھ لگی خواب پریشان دیکھا

کعبہ و دیر مین شان ایک نظر آتی ہے
متفق مذہبِ کفّار و مسلمان دیکھا

کس طرح دل کو کلیجے سے لگائے نہ رہون
یہ وہ آئینہ ہے جسمین رُخِ جانان دیکھا

دیکھکر مصحفِ رُخ سبزۂ خط دیکھ لیا
اس طرح بعد رجب کے مہِ شعبان دیکھا

سچ ہے اچھا نہیں ہوتا ہے خوشی کا انجام
آئی آفت کوئی جب پھول کو خندان دیکھا

نظر آیا انہین آنکھون سے رخِ یار صغیر
انہین آنکھون سے شبِ ہجر مین طوفان دیکھا

وہ ملا جس دن پڑھا ہمنے دوگانا عید کا
جب مہِ ابرو کو دیکھا چاند جانا عید کا

اے پری تجھسے گلے ملنے کی جو امید ہے
اس لیے مشتاق ہے سارا زمانا عید کا

وصل کا وعدہ جو ٹھہرا غرۂ شوال کو
مین نہ بھولونگا کبھی نازون سے آنا عید کا

خوف کس کا شرم کیسی مل جاونگا چاہتا
ہم بغل ہونیکو کیا کم تھا بہانا عید کا

یون شبِ فرقت مین روزِ وصل کا ہون منتظر
روزہ دارون کے لیے جسطرح آنا عید کا

یادِ وصلِ یار مین ہر دم دعا ہے ای صغیر
یاالٰہی جلد پھر جلسہ دکھانا عید کا

ہون وہ دیوانہ کہ مین داخلِ زندان نہوا
جنگلی جھاڑ کبھی قابلِ ایوان نہوا

صبحِ امید نہ آئی نہ گئی شامِ الم
وصل کا روز نصیب اسے شبِ ہجران نہوا

مسکرا کر بھی نہ بولا کبھی وہ تنگ دہن
حیف اسے غنچۂ دل تو گلِ خندان نہوا

کون احوالِ پریشانیِ دل پوچھے گا
دشتِ غربت مین اگر مجمعِ یاران نہوا

جھک گیا قامتِ دلدار سے شمشاد تو کیا
نخلِ خرما صفتِ سروِ گلستان نہوا

نہ پھنسا زلفِ مسلسل مین ترے دل کس کا
کون دیوانۂ گیسو سے پریشان نہوا

نجم پر شمس و قمر پر نہین موقوف صغیر
جلوہ محبوب کا کس شے سے نمایان نہوا

سرمہ آنکھون مین لگاے سرِ محفل آیا
باڑہ رکھے ہوے مقتل مین وہ قاتل آیا

کھو دیا عالمِ ہستی سے محبت نے مجھے
روح قالب سے گئی جب سی مراد آیا

خطِ گلزار مین اوس شوخ نے لکھا ہی جواب
ابکی مکتوبِ صنم سیر کے قابل آیا

وہ پری بند پہنتی ہین تو مین کہتا ہون
عقد پروین پہ پڑے ہیں عقدِ انامل آیا

اے صغیر آنکھون کو مین غرفۂ جنت سمجھا
رات جو خواب مین وہ حور شمائل آیا

وصالِ یار سے آباد گھر نہین دیکھا
ابھی تو جذبۂ دل کا اثر نہین دیکھا

وفورِ آب سے بہتا پھرے مکانِ رقیب
نہین سُنا کبھی اے چشمِ تر نہین دیکھا

فروغ اصل مقلد کو کب ہوا حاصل
چراغِ شام مین نورِ سحر نہین دیکھا

لکھا جو خط اوسے خفیہ تو یون گیا لیکر
کسی نے سایۂ پیغامبر نہین دیکھا

فریبِ خلق سے اہلِ صفا کو کیا مطلب
کبھی ملمعۂ آبِ گہر نہین دیکھا

کبھی تو کھو لئے انگشتِ معجزہ سے گھڑی
یہ اشتیاق ہے شق القمر نہین دیکھا

لگاتی جاتی ہین تیغِ نظر یہ کھِنچ کھِنچ کے
صغیر سا کوئی سینہ سپر نہین دیکھا

خضرِ دل راہ پر لگا دیگا
تیرے گھر کا پتا بتا دیگا

زاہدو پی لو ایک جام شراب
سبب غمِ عاقبت بھلا دیگا

شکوۂ ہجر کیا خدا سے کرون
چاہے گا جس گھڑی ملا دیگا

قید مین بھی نہ سونے پاؤنگا
میری بیڑی جنون ہلا دیگا

ہمنے امید پر دیا تھا دل
کیا خبر تھی کہ وہ دغا دیگا

اپنے بیمار کا نہ پوچھو احوال
دردِ دل کہہ کے دل دُکھا دیگا

رشکِ آئینہ ہے وہ رشکِ مسیح / مردۂ عشق کو جلا دیگا۔

صبر کر اے صغیر تشنہ کام / کوئی تو جامِ مے پلا دیگا

جذبِ باطن سے مرے گھر وہ گل اندام آیا / آج میرا دلِ بیتاب بہت کام آیا
سال تکلیف گیا اب مہِ آرام آیا / دورۂ جام پس گردشِ ایام آیا
کس نے بھولام کے برقع سے دکھائیں آنکھیں / آج کیوں دل کو خیالِ گلِ بادام آیا
حال بیتابیِ دل سن کے وہ رو دیتے ہیں / شکر ہے جوش پہ اب روغنِ بادام آیا
سب مجھے بھول گئے دیکھنے والے میری / جب گھڑی بھر تماشا وہ لبِ بام آیا
سرکشی صحبتِ ہمجنس میں کب پیش گئی / جھک گیا شیشۂ مے سامنے جب جام آیا
دور میخانے پر آئے میری میخواری سے / مفت میں پیرِ خرابات پہ الزام آیا

سادہ روئی میں صغیر اوسنے تھی رسمِ نامہ / خط جو نکلا تو زبانی مجھے پیغام آیا۔

دل الفت سے اسے گلبدن بھر گیا / گلوں سے سراپا بدن بھر گیا
سنگھائی جو اوسنے کبھی اپنی زلف / دماغوں میں مشکِ ختن بھر گیا
نئی سوت بلبل نے پیدا کئے / یہ رو ئی کہ حوضِ چمن بھر گیا
ہوا دفن جب دم شہیدِ نظر۔ / لہو سے سراپا کفن بھر گیا
پھرا گرد وحشت میں میں اس قدر / ہر اک پاؤں مثلِ بدن بھر گیا
ملی اپنے سفاک کی خاکِ پا۔ / اسی طرح ہر زخمِ تن بھر گیا
بھری آنکھ میں وحشتِ چشمِ یار / کوئی چوکڑی جب ہرن بھر گیا

شبِ وصل شرمائے وہ اس قدر
پسینے سے چاہِ ذقن بھر گیا

جو سننے لگے کچھ کہئے تو سنتا نہیں
کوئی کان اسے سیمتن بھر گیا

لہو روئے کتنا نہ پوچھ اے جنون
فقط فصد سے خون من بھر گیا

یہاں ورزش تازہ ہے اے صغیر
ہوئی جب خوشی تو بدن بھر گیا

کچھ لطف ہمیں دیدۂ گریاں نہ اوٹھے گا
قطرے سے اگر نوح کا طوفان نہ اوٹھے گا

پھیلا ہے جو کاجل نہ چہرۂ مصحفِ رخ سے
حرفِ غلطِ سورۂ قرآن نہ اوٹھے گا

اے ساقیو اک جام میں گیا ہوش اوڑینگے
چیونٹی سے کبھی تختِ سلیمان نہ اوٹھے گا

یاد آتی ہے ہر دم تری زلفوں کی سیاہی
ہے ہے ستم خانۂ زندان نہ اوٹھے گا

اے جان بنت بیل سے چپکے گی کلائی
بھاری ہے بہت گوشۂ دامان نہ اوٹھے گا

اے سیلِ سرشک اتنی روانی نہیں اچھی
جب بیٹھ گیا کلبۂ احزان نہ اوٹھے گا

کھدواتے ہو کیوں کوچہ سے تم تربتِ عاشق
خوابیدۂ ایوانِ گلستان نہ اوٹھے گا

آسان ہے اوٹھ جاؤں جو دنیا سے کسی دن
اے جان جہان صدمۂ ہجران نہ اوٹھے گا

افتادہ نہ پڑ جائے کوئی عشق میں ایدل
گر کر صفتِ قطرۂ باران نہ اوٹھے گا

کیونکر ہم اوٹھیں زندہ صغیر اونکی گلی سے
مرجائیں گے تو قالبِ بیجان نہ اوٹھے گا

شبِ فراق میں کس دن مجھے قرار آیا
یہ دل تڑپ کے لبوں تک ہزار بار آیا

سناؤں حالِ دلِ سوزناک کیا اپنا
کب آپ کو مری باتوں کا اعتبار آیا

اسیرِ کنجِ قفس آج تک نہیں چھوٹے
خزاں چمن سے گئی موسمِ بہار آیا

رقیب کیا کہ مکدر ہوا تمام جہان
کبھی جو آپ کے کوچے مین خاکسار آیا

سمجھ گئے تھے اوسیدن کہ ہم گئی گذرے
جب آپ پر دل بیتاب وبیقرار آیا

لٹا دے آج تو دو چار لوٹ کے کاغذ
مبارک اے دل بیتاب خط یار آیا

کدورت اونکی کھلی اے پیامبر ہمکو
کہ تو جو راہ سے آلودۂ غبار آیا

خدا کرے دم تکرار پر کہے یہ صغیر
غلام آپ کا یا شاہ ذوالفقار آیا

اے شغل مے خیال ہو کس خانہ جنگ کا
ہے ساغر شراب پیالہ تفنگ کا

جو سامنے نگاہ کے آیا اوڑا دیا ؎
بندوق مین ہے آپکے ندا پتنگ کا

لکھون خط اوس پری کو تو دو چیزین چاہئین
پر کا قلم ہو اور ہو کاغذ پتنگ کا ؎

آنسو بچھے ہین فرقت جانان مین اسقدر
حامی مین میرے پاٹ ہو دریای گنگ کا

تصویر دل پر اک بت لندن کی کھنچ گئی
سکہ کہان کہان نہین شاہ فرنگ کا

وہ بحر حسن جب سے جدا ہو گیا صغیر
گھر ہو رہا ہے کام وہان نہنگ کا ؎

خاص کیونکر رگ گردن مین ہو مسکن اونکا
آنکھین اونکی ہین دل اونکا ہی ہے تن اونکا

پردہ پوش تن عریان محبت وہ ہین
خرقۂ قامت آزاد ہے دامن اونکا

کعبہ وعرش سے ہے خانۂ دل کو ترجیح
مسکن خاص نہین وادی ایمن اونکا

امتیاز حق وباطل ہے پئے رد وقبول
نہ کوئی دوست ہے اونکا نہ ہو دشمن اونکا

ہوگیا عشق مجازی سے حقیقی ہمکو
ان حسینون مین نظر آتا ہے جو بن اونکا

شعلۂ عشق سے جو جلتے رہے جیتے جی
شمع تربت کی طرح نام ہے روشن اونکا

دست و پاک ید قدرت سے ہے نہین نمگیرہ
چادر تربت عشاق ہے دامن اونکا

ہم اونہین کے ہین طلبگار جو ہوئی ہی سو ہو
زاہدو تمکو مبارک رہے گلشن اونکا

خاکساری سے گئے زیر زمین جو عاشق
آسمان جاہ ہوا گنبد مدفن اونکا

جنکی الفت مین محبت مین ہوئی عمر تمام
تذکرہ ورد زبان ہے دم مردن اونکا

اے صغیر آدم وقدسی کو نہین ہی تخصیص
ذکر کرتا ہے ہر اک طائر گلشن اونکا

مجکو فراغ اب غم عقبا سے ہوگیا
عذر گناہ شدت سودا سے ہوگیا

گالون سے پھول آنکھونسی نرگس ذقن سی سیب
شمشاد منفعل قد رعنا سے ہوگیا

بجلی کے پاس کان کا پتا جو آگیا
قرب ہلال عقد ثریا سے ہوگیا

ہویا جو شب کو اوس قد بالا کی یاد مین
نالہ بلند عالم بالا سے ہوگیا

میرہی تپ فراق گئی وصل یار سے
بیمار کا علاج مسیحا سے ہوگیا

طغیان آب دیدہ نے آخر ڈبو دیا
مین پردہ پوش دامن دریا سے ہوگیا

مانند سرو جسکو تعلق نہین صغیر
آزاد وہ بشر غم دنیا سے ہوگیا

جو کوئی وحشی گیسوے مسلسل ہوگا
پا بزنجیر اگر آج نہین کل ہوگا

یہ خبر کیا تہی کہ یون عشق کی بو پیدا ہوگی
بیج الفت کا جو بوئین گے تو صندل ہوگا

ہجر مین آہ جو کھینچون گا بنے گی بجلی
دامن اشکون سے جو تر ہوگا تو بادل ہوگا

پوست کندہ جو کبہی پوچہو گے ای لالہ رخو
عرض حال دل پر داغ مفصل ہوگا

ہم فقیرون کے لئے بخت سیہ کافی ہے
یہی بستر یہی پوشش یہی کمبل ہوگا

اے صغیر احمد وحیدر کی جو ہوگی امداد
عقدۂ مشکل دشوار ہر اک حل ہوگا

کفر عشق یار ہے کچھ غم نہین تفضیح کا
رشتۂ زنار ہے ڈورا مری تسبیح کا

داغہائے عشق سے سینہ گلستان ہوگیا
کلفت دل سے مرا حاصل ہوا تفریح کا

دین و ایمان مٹ گئے تحقیق راہ عشق مین
اہل عالم مین ہی گمراہی لقب تفضیح کا

دل کو استغراق سے مقصود اصلی ملگیا
خود غلط ہوکر نشان پیدا کیا تصریح کا

انتظار یار مین بے دم ہوا ہون اے صغیر
قالب بیجان مرا مشتاق ہی تزویج کا

عاشق ہوسے خراب ہوئی غم نے کھودیا
بیٹھے بٹھائے ہاتھ سے دل ہمنے کھودیا

مدت کے بعد آئے تو عشرت مین آپ آئے
لطف وصال ماہ محرم نے کھودیا

کچھ کھو کے سیکھتا ہے زمانے مین آدمی
پائی سزائے عشق جو دل ہمنے کھودیا

دل کی نہین تلاش مگر ہے یہ جستجو
وہ شے ملے کہ جس لئے دل ہمنے کھودیا

مارا صغیر کو رخ و گیسو کی یاد نے
اس رات دن کے صدمۂ پیہم نے کھودیا

حیلہ سے مرغ دل کو پھنسانا ضرور تھا
تل کا بنا ہوا کوئی دانہ ضرور تھا

کب تک رہینگی تفرقہ پردازیان تری
اے چرخ دو دلون کو ملانا ضرور تھا

بالی کی طرح حلقہ بگوشی کی تھی ہوس
اے عشق لاغری مین گھلانا ضرور تھا

سوز درون فروغ دعا ہے خدا گواہ
اس لو سے یہ چراغ جلانا ضرور تھا

جو آگ کا جلا ہوا اوسے آگ ہے علاج
گل کھا گئے داغ عشق مٹانا ضرور تھا

کاوش تھی اوس سوار کو کاؤ دنکے نام سے — میرا غبارِ قبر اوڑانا ضرور تھا
کیا پاؤن پھیرنے کے لیے آئی تھی یہان — جانا ہی تھا تو کیا تمھین آنا ضرور تھا

اب خاک فائدہ نہین پرہیز سے صغیر
پہلے سے اوس گلی مین نہ جانا ضرور تھا

سایہ ایسا ہے ترے رخسارِ آتش ناک کا — غیرتِ خورشید ہے ایک ایک ذرہ خاک کا
خاکساری سے ہوا جدِ فنا رتبہ بلند — ہو گیا اونچا بگولا میری مشتِ خاک کا
الفتِ گیسو نے مارا تل نے زندہ کر دیا — کاٹ کھایا سانپ نے احسان ہے تریاک کا
بعدِ مردن بھی نچھوڑا گردشِ گردون نے ساتھ — چاک بنتا ہے زمانے مین ہماری خاک کا

اے خداوندِ دو عالم ہے یہی عرضِ صغیر
مشکلین حل ہون تصدق صاحبِ لولاک کا

عجب پیچ گیسوئے خمدار دیکھا — جسے ہمنے دیکھا گرفتار دیکھا
اثر ہو گیا دل کو تعویذِ حُب کا — ترے گھر مین جو نقشِ دیوار دیکھا
غلط کھیل سمجھے تھے ہم عشق بازی — جسے سہل سمجھے تھے دشوار دیکھا
رقیبون کی دوڑ اے خداوندِ نعمت — یہ سرکار دیکھی یہ دربار دیکھا
شبِ وصل کیا باتون باتون مین گذری — مگر خواب اے بختِ بیدار دیکھا
وہ سُنتے نہین حالِ دل کس سے کہیے — نہ پوچھا نہ حالِ دلِ زار دیکھا

صغیر اونکے ظلم و ستم سب اوٹھائے
تمھین ہر طرح نازبردار دیکھا

جلوے سے اوسکے نور سرِ شام ہو گیا — ہین آج آفتاب لبِ بام ہو گیا

ساقی جو مہربان ہو تو ساماں پاس ہے
چلو سے پی شراب وہی جام ہو گیا

آیا عرق جو وصل مین آنکھون پر آپکی
مجھکو گمان روغنِ بادام ہو گیا

قاصد شراب پی کے جو آیا ہی راہ سے
شاید قبولِ وصل کا پیغام ہو گیا

وہ دن گئے تمہارے زمانے تھے زاہدو
آئی بہار دورِ مے جام ہو گیا

دیوانگی مین کعبہ ابرو کا ہے طواف
ترکِ لباس جامۂ احرام ہو گیا

تھا ایک میری نالہ و زاری سے دردِ سر
مین مر گیا حضور کو آرام ہو گیا

نکلا جو مرغِ روح ضعیفی مین ای صغیر
جا لامکان کا صفتِ دام ہو گیا

گئے بہار کے دن موسمِ خزان دیکھا
نہ بلبلین کہین دیکھین نہ آشیان دیکھا

کہان کہان اوسے ڈھونڈھا کہان کہان دیکھا
خدا کے واسطے اسے آہ لامکان دیکھا

کیا ہے سوختہ جان سبکو زلفِ پیچان نے
ہر اک مکان سے اوٹھتا ہوا دھوان دیکھا

مری زبان سے جب وقت حالِ زار سنا
تو مسکرا کے کہا سر جھکا کے ہان دیکھا

وہ کامیاب ہو جو بیٹھے پھیرے دنیا سے
ہمیشہ روے قدح سوی آسمان دیکھا

چمن مین صورتِ گل گھر مین مثلِ آئینہ
ہر ایک رنگ مین دیکھا اوسی جہان دیکھا

صغیر نام علی سے ہین سب کے بیڑے پار
اسی کو وقتِ الم مثلِ بادبان دیکھا

کب مین دیوانۂ گیسوے معنبر نہوا
کون سے دشتِ جنون خیز مین بستر نہوا

سب طرح کا کبھی سامان میسر نہوا
اوڑھنے کو جو ہوا پاس تو بستر نہوا

شکوہ کیونکر نکرون اسے اثرِ بیتابی
آجتک اوسکو خیالِ دلِ مضطر نہوا

کب سمٹے عالمِ وحشت مین ہمارے دامن و
دامنِ وحشتِ جنون کون سیو ون تر نہوا

لیگئی بادِ صبا دردِ جگر یار کے پاس
خط ہمارا کبھی پابندِ کبوتر نہوا

بس گیا شہرِ گل داغ جگر کی بو سے
پر دماغِ دلِ محبوب معطر نہوا

بڑھ گیا سروِ چمن گھٹ گئی ہر شمع لگن
کوئی ان مین قدِ جانان کے برابر نہوا

فرقتِ یار مین اتنا بھی تو گھل جاے کوئی
تارِ بستر مین نمایان تنِ لاغر نہوا

اے صغیر آنکھین سرِ راستہ کسدن نہ بچھین
گھر مین کب اون کے لئے فرشِ گلِ تر نہوا

لعل و یاقوت سے بالی مین ہے روشن پتّا
کان مین کثرتِ جوہر سے ہے معدن پتّا

عشقِ نخلِ قدِ جانان نے کیا مجکو سبک
ہو گیا وزن مین گھل گھل کے مرا تن پتّا

کوئی سروِ بتِ گلفام سے ہے بتخانے مین
پھول کے ساتھ چڑھاتے ہین برہمن پتّا

دہوپ مین جلتے ہین ای بادِ خزان جا تر باغ
نہ رہا کوئی سرِ شاخِ نشیمن پتا

ناتوان ہو کے غمِ عشق سے مرتا ہون مین
عوضِ سنگ ہے لازم سرِ مدفن پتّا

شجرِ وادیِ ایمن کا گمان ہے اے سرو
تیرے کانون مین جو ہر ایک ہے روشن پتّا

یہ نہالِ قدِ جانان کی ہے تاثیر صغیر
بن گیا بالیون کے واسطے کندن پتّا

جام مے کو قدحِ چشمۂ کوثر سمجھا
ساقیا پیرِ مغان کو مین پیمبر سمجھا

کون دیوانہ ابروے ستمگر سمجھا
جسنے دیکھا وہ مجھے کشتۂ خنجر سمجھا

جسکو اللہ نے دی چشمِ حقیقت بینی
قدر مین خورد و کلان کو وہ برابر سمجھا

آتشِ ہجر نے دن رات جلایا پر سون
کیا وہ مرغِ دلِ سوزان کو سمندر سمجھا

نہ تھی عالمِ وحشت مین بھی یہ کشتیٔ عمر
گو مین زنجیر گرانبار کو لنگر سمجھا

تھی یہ نفرت مری خط سے نہ لگائی مہندی
طائرِ رنگ حنا کو وہ کبوتر سمجھا

اے پریرو ترے کوچے مین رہا یون سوتا
چادر اس دہوپ کو اس سایہ کو بستر سمجھا

ہین یہ گلبرگ نہین ہین یہ عقیقِ یمنی
خاک سمجھا جو لبِ لعل کو پتھر سمجھا

آج کی رات تو ہونے دو حصولِ مطلب
ہم نمائش نہ نکلنے دے اسے یار فسون گر سمجھا

جوہری نے بھی تجھے دیکھ کے دہوکا کھایا
لعل ہونٹون کو ترے دانتون کو گوہر سمجھا

وہ جفاکش ہون کہ وحشت مین بھی اُف منہ سے نہ کی
دشتِ پُرخار کو مین فرشِ گلِ تر سمجھا

بوسہ ہائے لبِ شیرین نے مزا دکھلایا
دل مرا ذائقۂ شیرہ و شکر سمجھا

زرافشان کو کسی نے جو بہون پر دیکھا
خنجر و تیغ شرربار کا جوہر سمجھا

وحشیون مین جو ملا چین بہت دل کو صغیر
گوشۂ دشتِ جنون خیز کو مین گھر سمجھا

آنے سے تیرے خوش دلِ دیوانہ ہو گیا
ویرانہ تھا مکان پری خانہ ہو گیا

ہر تارِ زلفِ یار نے اپنا جو گھر کیا
دل چاک چاک ہو کے غرض شانہ ہو گیا

تیری نگاہِ مست نے دکھلا دیا اثر
دل عالمِ سلوک سے مستانہ ہو گیا

سینے تپِ فراق مین کنگھی جو کی کبھی
بالون کا ڈھیر خاک سے تا شانہ ہو گیا

ہوش آ گیا کبھی کبھی بیہوش ہو گئے
ہم پر شبِ فراق مین کیا کیا نہ ہو گیا

وہ اوٹھ گیا جو پاس سے بعد شبِ وصال
عالم مری نگاہ مین ویرانہ ہو گیا

سچ ہے خراب کرتی ہے انسان کو خودی
بیخود جو ہو گیا وہی فرزانہ ہو گیا

آئی اجل تو حال زمانے کا کھل گیا
جو تھا یگانہ آج وہ بیگانہ ہو گیا

اوس شعر و لنے لکھا ہے پر سی جواب خط
میرا کبوتر آج سے پروانہ ہو گیا

قاصی سے انتقام سے خلاق دو جہان
ویران مہ صیام مین میخانہ نہ ہو گیا

ہم خم کے خم شراب کی مستی مین پی گئے
خم کیا کہ جام دل ہمین خمخانہ ہو گیا

تھا سو نہ ہجر مین تو سمند ریہ مرغ دل
اب شمع روے یار کا پروانہ ہو گیا

قصہ کہین ہے اور کہین داستان ہے
حال صغیر خلق مین افسانہ ہو گیا

منظور جنون پیرہن تن نہین ہوتا
ہوتا ہے گریبان تو دامن نہین ہوتا

اعلی کو ہے ہر حال مین اسفل سی ترقی
بالاے گریبان کبھی دامن نہین ہوتا

آرام کی امید تنگ ظرف سے کیا ہو
رہنے کے لیے گوشہ دامن نہین ہوتا

بے فیض مہ و مہر ہین گو شمع فلک ہین
دونون مین چراغ ایک سے روشن نہین ہوتا

ہر روز اوڑاتا ہون گریبان کے پرزی
وحشت مین اگر گوشہ دامن نہین ہوتا

ہر چند کئے عشق نے داغون سی چراغان
دل ہے وہ سیہ خانہ کہ روشن نہین ہوتا

مٹی بھی ہے برباد پس مرگ ہماری
تعمیر کبھی گنبد مدفن نہین ہوتا

ادنی کو بلندی سے بزرگی نہین ہوتی
کہسار کبھی سنگ فلاخن نہین ہوتا

کیا ایک جگہ بیٹھ رہون ضبط کہان ہے
الفت مین قرار اسے بت پرفن نہین ہوتا

ہوتی ہے شب ہجر مین آنکھون کو ندامت
آلودہ اگر اشک سے دامن نہین ہوتا

کیا فیض سیہ قلب کو ہو اہل صفا سے
ظلمت کدہ آئینے سے روشن نہین ہوتا

احباب تو بگڑے تھے پر اب دل بھی ہی بگڑا
وہ کون ہے جو عشق مین دشمن نہین ہوتا

اصلاح سی سفلے کو شرافت نہین ہوتی
آہن ہو اگر لال تو کندن نہین ہوتا

اے شیخ بتون سی تجھے انکار عبث ہے
کیا سبحہ مین زنار برہمن نہین ہوتا

ملتا نہین کچھ دل کو مزا وصل کی شب کا
جب ہاتھ تمہارا تہِ گردن نہین ہوتا

کیون ہو نہ صغیر آپ کو بیگانوں کا غم
صحرا مین شگفتہ گلِ گلشن نہین ہوتا

اے صنم وہ کون سی ایسی جفا تھی مین نہ تھا
مہربانی کے لیے خلقِ خدا تھی مین نہ تھا

باغبانِ دہر کی تجویز کا دیوانہ ہون
قابلِ پابوسیِ جانان حنا تھی مین نہ تھا

قالبِ بے روح کو وہ بیقراری اب نہین
جان شاید اوس پریرو پر فدا تھی مین نہ تھا

بیوفائی کا گلہ سن سنکے کہتا ہے وہ شوخ
جب ازل کے روز تقسیمِ وفا تھی مین نہ تھا

جامِ مے تھا ساقی گلرنگ تھا اغیار تھے
شمع تھی پروانہ تھا بزمِ غنا تھی مین نہ تھا

دشت مین ہمدم نہ تھی جوشِ جنون تھا ای صغیر
شہر مین یارونکو جب فکرِ دوا تھی مین نہ تھا

جب ارادہ ہو سوالِ گوہرِ مقصود کا
جوش پر آجا ہے دریا رحمتِ معبود کا

دودِ زلفِ عنبرین سے دل مین شک پیدا ہوا
ورنہ گالون پر یقین تھا آتشِ بےدود کا

رہنمائی کے لیے یارب خضر کو بھیج دے
نامہ بر بھولا ہے رستہ منزلِ مقصود کا

الفتِ اصنام بھی ہم اور یادِ حق بھی ہے
اپنے دل کو بتکدہ سمجھون کہ گھر معبود کا

سنگدل تھا ہو گیا آہون سے اب وہ موم دل
معجزہ دل نے دکھایا حضرتِ داؤد کا

راز پوشیدہ نہین الفت مین رہتا ای صغیر
آہ کا دل سی نکلنا دھوان ہے عود کا

ردیف بائے موحدہ

مظہرِ شانِ خدا بیشک ہے شانِ بوتراب | سجدہ گاہِ قدسیان ہے آستانِ بوتراب

آسمان اس واسطے خم ہے ہمین ثابت ہوا | چومنے آیا ہے سنگِ آستانِ بوتراب

پائیگا حورون کے بوسے وہ ریاضِ خلد مین | جو کوئی چومے گا سنگِ آستانِ بوتراب

بعدِ مُردن ہو ہمارے سینے پر خاکِ شفا | لوحِ تربت پر ہو سنگِ آستانِ بوتراب

کاتبِ تقدیر نے ہم سب کی ماتھے پر لکھا | سجدہ کرنے کے لئے ہے آستانِ بوتراب

جسنے رکھا سر یہان وہ عرش تک پہنچا صغیر
نردبانِ آسمان ہے آستانِ بوتراب

داغِ دل سی ہے غرض آہِ رسا سی مطلب | کام کیا باغ سے کیا بادِ صبا سے مطلب

رات دن شام و سحر وردِ دعا سے مطلب | بت اگر کام نکالین تو خدا سے مطلب

عشق و الفت سے بنایا ہے میری پتلے کو | خاک سے نار سے پانی سی ہوا سی مطلب

نخل پر خار بیابان جنون کافی ہین | ہاتھ کو چاک گریبان قبا سے مطلب

صبر تلخ است ولیکن برِ شیرین دارد | ہجر مین نالہ و فریاد و بکا سے مطلب

مشغلِ غولِ بیابانِ جنون سی کیا کام | کبھی حاصل نہ ہوا اہلِ دغا سی مطلب

دیکھ لینے کی تمنا رہی بوسے کی ہوس | وصل کیسا نہ ہوے جب یہ ذرا سی مطلب

ہیچ ہوتی ہے ذرا اب تو گلے سے لگ جا | فوت ہوتا ہی تری شرم و حیا سی مطلب

سرخرو رہتے ہین ہر عہد مین بعضے بدنام | حاکمِ وقت کو کیا فردِ خطا سے مطلب

پانو کو میرے غرض ہے اوسی رستے سے صغیر
سر کو ہے یار کی نقشِ کفِ پا سے مطلب

اسقدر ہے شدتِ دردِ بیانِ عندلیب | گل گریبان چاک ہی سنکر فغانِ عندلیب

جذبۂ دل نے مٹایا صدمۂ کنج قفس
بوئے گل آئی پئے تسکین جان عندلیب

صورت برگ درختان صرف پامالی ہوا
اوڑ گیا باد خزان سے آشیان عندلیب

حال عاشق وقف معشوق سے باہر نہو
چاہیئے اوراق گل پر داستان عندلیب

اوڑتے پھرتے ہین چمن مین بال و پر نوچے ہوئے
ابتک اسے صیاد باقی ہی نشان عندلیب

سچ کہو کس رشک گل کی ہی محبت ای صغیر
رات دن نالے جو کرتے ہو بسان عندلیب

ردیف باے فارسی

خوب بدنام ہوئی دیدۂ تر آپ سے آپ
اوڑ گئی قاف سے تا قاف خبر آپ سے آپ

نہین آئی ہی نسیم سحری بھی اب تک
آج کیا ہی جو لچکتی ہے کمر آپ سی آپ

دونون آنکھون مین پڑا کل شگوفہ کا عکس
بنگیا اون کے لئے کحل بصر آپ سی آپ

تیرے کوچے مین ہی وحشت نی ستایا مجکو
کچھ طبیعت ہے اوچاٹ ای گل تر آپ سی آپ

آکے ایک ایک بگولے نے مجھے گھیر لیا
بنگیا دشت جنون خیز مین گھر آپ سی آپ

کار قدرت مین ہی رخنہ کرے انسانون نے
نہین ممکن کہ ہو سوراخ گہر آپ سی آپ

مشغلہ عالم تجرید مین ہوگا یہ صغیر
دشت وحشت مین بکونگا مین اگر آپ سی آپ

ردیف تاے فوقانی

رہون مین گرد گھر کے سایۂ دیوار کی صورت
کسی روزن سی دیکھونگا کبھی تو یار کی صورت

رہے پوشیدہ کیونکر درد عشق چشم جانان کا
چھپائے سے نہین چھپتی کبھی بیمار کی صورت

کتابی منہ ہی اوسکا نرگسی آنکھین ہین گل عارض
بہار سبزۂ خط ہی خط گلزار کی صورت

جمالِ یوسفِ کنعان مین کیا تہا جو نہین تجھ مین
ترے کوچے مین پائی مصر کی بازار کی صورت

ترے تیر دینکے پڑنے سے ہوئی اتنی خوشی مجھکو
دہانِ زخم ہنستے ہین لبِ سوفار کیصورت

نہین پلکین ہوین ایسی نہ یہ آنکھین نہ یہ بانین
ملاؤن کسطرح ماہِ فلک سے یار کی صورت

تلاوت مین کرون قرآن کی جوشِ تصور مین
ملاؤن سورۂ یوسف سے اپنے یار کی صورت

فراقِ یار مین مدت سے پہرتا ہی صغیر ابتک
کبہی ملنے کی کب اے گردشِ دوّار کی صورت

ہونٹون تک آتے ہین اسرارِ نہانی دنرات
سننے والون کو سناتا ہون کہانی دنرات

دہیان مین رہتی ہی ہر وقت جو تیری افشان
ہے مجھی مشغلۂ اشک فشانی دنرات

سایۂ سبزۂ عارض ہے زمرد سے سوا
جسمِ محبوب مین پوشاک ہری دہانی دنرات

پہنس گئی چاہِ محبت مین میری جانِ عزیز
طالبِ مرگ ہون اے یوسفِ ثانی دنرات

کیا کرون ابلقِ ایامِ ضعیفی سے گلا
یاد آتی ہے تگاپو سے جوانی دنرات

بہولون کیا زلفِ صنم پہنے ہون زنجیر بنون
سامنے آنکہون کے رہتی ہی نشانی دنرات

زلف و عارض کے تصور ہین ضعیفی مین ہمین
جہیلتے ہین ستمِ عہدِ جوانی دنرات

چٹّی گنڈہ ہواتے ہین منہ دہوتی ہین آ آتی ہین
یہی آیا کئے پیغام زبانی دنرات

دشتِ وحشت مین جو ہر وقت تو بکتا ہی صغیر
کون ہے کس کو سناتا ہے کہانی دنرات

ردیف ثائے مثلثہ

وصلِ جانان کے ہین ارمان عبث
اے دلِ زار یہ ہین دہیان عبث

دستِ وحشت کے اشارے یہ ہین
روز سیتے ہو گریبان عبث

یہی کہدو کہ ندین گے بوسہ ؔ
گالیان دیتے ہوا ہے جان عبث

شکل کب دیکھی سُنی کب آواز
آنکھین بے فائدہ ہین کان عبث

کیا ملا تجکو بتون سے اے دل
کھودیا عشق مین ایمان عبث

وعدہ یار سے مایوسی ہے ؔ
ہین شبِ وصل کے سامان عبث

کافرِ الفتِ جانان ہے صغیر ؔ
لوگ کہتے ہین مسلمان عبث

ردیف جیم معجمہ

کہین درد دل کا نپایا علاج
ترے ہاتھ سے ہے اے مسیحا علاج

بڑہا شربتِ وصل سے دردِ شوق
یہ کیسی دوا ہے یہ کیسا علاج

کہا مینے جب یار سے دردِ دل
تو بولا یہی ہے تمہارا علاج

طبیبون نے اس حال مین فصد لی
مرض کیا ہے مجکو کیا کیا علاج

جنون شہر مین اور بڑہ جائے گا
ہوائے بیابان ہے میرا علاج

کہان کی دوا اور کیسی شفا ؔ
محبت ہے بیماریِ لاعلاج

ندیتا جو معجونِ بوسہ مسیح
نہوتا کبھی جانِ یلب کا علاج

مریضِ محبت سے پرہیز ہے
یہ تشخیص اچھی ہے اچھا علاج

ملا جاکے خاکِ شفا مین صغیر
ہر اک درد کا ہاتھ آیا علاج

رہتا ہے چند روز سے باشندہ مزاج
آگے تو اس طرح کے نہ تھی آپ بدمزاج

اللہ رے بوئے کوچہ گیسوئے عنبرین
آتی ہے آج بادِ صبا بھی بصد مزاج

برداشت یا نہوتی تھی ادنی سی بات کی | یا اب اوٹھا چکا ستم بے عدد مزاج
جرات ہو کسطرح طلب وصل کی مجھے | جب دیکھتا ہون یار کو پاتا ہون بدمزاج
اے نازکی طبع قبا تنگ پہنون جو تنگ | اسکو بہی جانتا ہے فشار لحد مزاج

اوسکے سوا نہ کوئی پسند آئے ای صغیر
عہد ازل سے یون ہی رہے تا ابد مزاج

ردیف حاے حطی

تڑپی جو عشق گیسوئے عنبر شکن مین روح | مانند بوے مشک نہ ٹھہری بدن مین روح
وحشت جنون مین کوچہ جانان کی ہی تلاش | غربت مین پھر رہا ہون مگر ہی وطن مین روح
بعد فنا جو پہول بہی ہونگے تو کیا حصول | میری لگی رہی گی اوسی گلبدن مین روح
دل ہو رہا ہے صورت سیماب بیقرار | گھبرا رہی ہے یاد بت سیمتن مین روح
بے کوچہ اے یار نہ ٹھہری کسی جگہہ | صحرا و کوہ و جنت و شہر و چمن مین روح
رگ رگ مین اوس پری کی محبت نے گھر کیا | پاتی نہین جگہہ ہی کیونکر بدن مین روح
دندان و لب کی عکس جو پڑجائین ای مسیح | موتی مین جان آئی تو لعل یمن مین روح
اوسکو گلے لگا کے مین بیہوش ہو گیا | غفلت کا پردہ کر گئی دولہا دولہن مین روح
اے حور اشتیاق جنان کس طرح نہو | تیری گلی سے پھر کے نہ آئی بدن مین روح

اوسوقت لطف زمزمہ خوانی ہوا ے صغیر
بن جاے عندلیب جو باغ سخن مین روح

دیر کی آنے مین صبح شب ہجران کیطرح | آمد مرگ ہوئی آمد جانان کی طرح
باغ عالم مین سُنی جسنے حکایت میری | نالے اوسنے کئے مرغان گلستان کی طرح

مردم دیدہ بھی قیدی ہین تری الفت کے ۔ قید مین بند ہین آنکھین در زندان کیطرح

جذبۂ دل یہ ہوا عشق بتان مین مجکو ۔ بنگیا رشتۂ زنار رگ جان کی طرح

بیڑیان قید مین ہین سلسلہ جنبان جنون ۔ کیون پریشان نہ ہون زلف پریشان کیطرح

آرزو خاک ہو فرقت مین مجھے مرنے کی ۔ باغ فردوس نہین کوچۂ جانان کی طرح

میرے نالون نے زمانے کو ہلایا ایسا ۔ روز بھونچال رہا گنبد گردان کی طرح

ہوئی پریون کی سواری کی یہ تاثیر صغیر
بگھیان اوڑنے لگین تخت سلیمان کیطرح

ردیف خاے معجمہ

ہوگیا آتش سودا سے ملیحان دوزخ ۔ دل بریان کو ہمارے ہے نمکدان دوزخ

گرمی آتش فرقت نے جلایا ایسا ۔ ہوگیا مجکو مرا کلبۂ احزان دوزخ

قید کر سامنے اپنے تو ہو باغ جنت ۔ بے ترے ہوگا مجھے خانۂ زندان دوزخ

روح اعراف مین اےحور لقا رہتی ہے ۔ ہے دم سرد ارم سینۂ سوزان دوزخ

گرم پہلو جو وہ غیرون سے ہین جاڑے مین صغیر
جل گیا مین ہوئی ایام زمستان دوزخ

رنگ گل سے بھی زیادہ یار کے ہین گال سرخ ۔ جسگھڑی منہ دھوکے پونچھا ہوگیا رومال سرخ

یون دم قلیان کشی چاندی سے سونا بنگیا ۔ پرتو یاقوت لب سے ہوگئی مہنال سرخ

ایکدن کیا آٹھہ دن تک لال جوڑا تو پہن ۔ رنگ ہے نوروز کا ایجان ابکی سال سرخ

رہتے ہین دہشت زدہ ہم غصہ رہتا ہے تجھے ۔ زرد چہرہ ہے ہمارا اور تیرے گال سرخ

اے پری ہے یہ کف پاے حنائی کا اثر ۔ روندنے سے ہوگئی خاک تن پامال سرخ

اشکِ خون آلودہ سے رنگین ہے مرغِ نگاہ
موسمِ بارش مین ہوتا ہی زیادہ لال سُرخ

شہرِ شبیر کا دربار کرتا ہے صغیر
کیون نہ خلعت مین دو شالہ سبز سو رومال سُرخ

ردیف دال مہملہ

ظلم گلچین نے کیے شدتِ صیاد کے بعد
باغ مین خاک اوڑہی بلبلِ ناشاد کے بعد

قیدِ الفت سے رہائی ہوا ی جانِ جہان
اور کچھ روز بڑہا نا مری میعاد کے بعد

سامنے اوس بتِ بیرحم کے رؤون پہلے
حالِ دل عرض کرون نالہ و فریاد کے بعد

جانشین کس کو کرون سلسلۂ الفت مین
کون پابندِ بلا ہوگا اس آزاد کے بعد

بیڑیان ہاتھون مین لینے دے ای جوشِ جنون
زور دکھینگے ترا رخصتِ حداد کے بعد

ذبح کر کے کچھ اشارہ نکیا قاتل نے
تیغِ ابرو نہ چلی خنجرِ فولاد کے بعد

خاتمہ سلسلۂ عشق کا مجھپر ہے صغیر
بعد مجنون کے ہے فرہاد مین فرہاد کے بعد

تعلیان یہ لڑکپن مین اے صنوبر قد
ابھی نہین مرے شانے کے بھی برابر قد

مقابلے مین تمہارے ہو کس طرح انسان
جمالِ حور سے بہتر پری سے بہتر قد

مٹا دیا تجھے ای سرو سرکشی نے تری
نکل گیا حدِ خوش قامتی سے باہر قد

فراقِ یار مین گھل گھل کے ہو گیا دُبلا
شکن ہے فرش کی نظرون مین سبکی لاغر قد

جمالِ یار سے کیا مہر و ماہ کو تشبیہ
یہ چہرے وہ ہین کہ جنکو نہین میسر قد

تکلفون سے ترے حُسنِ قد کو کیا مطلب
لباسِ فاخرہ ہوتا ہے زینتِ ہر قد

کہان ہے قوتِ نامہ رسانی اسمین ابھی
نکال لائے ذرا اور یہ کبوتر قد

نہ تم نکلتے ہو کوئی نہ آنے پاتا ہے
صغیر گھر ہے تمہارا کہ گوشۂ مرقد

یون دیکھتا ہون ہجر بت سیمبر مین چاند
دل مین تصور خم ابرو نظر مین چاند

چھپکا او لجھگیا ہے سرکنے سے پیچ کے
وہم ہلال ابر ہے یا موے سر مین چاند

سورج لگی ہے جلوۂ عارض سی تابدان
باہر تو آفتاب چمکتا ہے گھر مین چاند

جہاون کے موتیو نمین پڑی بجلیو نکے عکس
دیکھا ہر ایک قطرۂ آب گہر مین چاند

رشک رخ صبیح سے داغ برص کی طرح
بڑہ بڑہ کے چند بار گھٹا سال بھر مین چاند

یہ عشق رخ نے نور بصارت بڑہا دیا
سبکی نظر مین گال ہین میری نظر مین چاند

جوش جنون مین دورۂ سرگشتگی رہا
دیکھا اگر وطن مین تو گذرا سفر مین چاند

چھپکے سے چاندنی نہین چٹکی تو کیا ہوا
تاثیر کر گیا مرے زخم جگر مین چاند

معکوس ہے مہ شب اول ہوا یہ دھیان
دیکھا صغیر نے جو ترے طوق زر مین چاند

غم زمانے کے رہے یون دل ناشاد کے گرد
جسطرح مجمع شاگرد ہو استاد کے گرد

لاغر ایسا ہون کہ نظرونسے نہان رہتا ہون
شکل ہمزاد ہون مین اپنے پریزاد کے گرد

پردۂ راز محبت نہ کھلا برسون تک
مثل دامن مین رہا اوس ستم ایجاد کے گرد

جانب دشت دم قصد مین کیونکر رہا گون
ای جنون حلقۂ احباب ہے فصاد کے گرد

گھیرے رہتے تھے جنون مین بھی ہر اک کامل کو
قیس کے گرد رہے یا رہے فرہاد کے گرد

طوق زنجیر نہ تہا پاونکو اسے جوش جنون
گرد شین روز رہین خانۂ حداد کے گرد

آشنا گھیرے ہین اس تارک دنیا کو ابھی
اور بستر ہین کئی بستر آزاد کے گرد

مجکو کیا کام سواے قدِ موزونِ صنم ؎
پہرو کے گرد ہے یا فاختہ شمشاد کے گرد

مدِ بادِ بہاری سے اوڑ اپھرتا ہون
صفتِ گرد سواری ہون پریزاد کے گرد

اے صغیر اہلِ محلہ تر ہے نالون سے
گھر مین ویران ترے خانۂ آباد کے گرد

اب تک نہ بر آئی کسی تدبیر سے امید
ایسی تو نہ تھی کاتبِ تقدیر سے امید

بوئے گل کاغذ کی توقع نہین دلکو
نالون کی نہین بلبلِ تصویر سے امید

بیوجہ پریشانیِ عاشق نہ سمجھنا ؎
کچھہ تو ہے غمِ زلفِ گرہ گیر سے امید

لکھا تو جواب آئی تو باتون مین لگاوٹ
تحریر سے تو یاس ہے تقریر سے امید

اشکون کی جگہ گو دہین ہو وہ درِ مقصد
یہ ہے اثرِ نالۂ شبگیر سے امید

دیوانۂ کاکل کی تمنا نہ بر آئی ؎
باہر نہوی حلقۂ زنجیر سے امید

مایوسی خاطر تھی شہادت کے چمن سے
بسمل کو ہوی نعرۂ تکبیر سے امید

کٹ جائین شبِ وصل مین ایام جوانی
کیونکر ہو مجھے یہ فلکِ پیر سے امید

کس طرح صغیر اس دلِ بیتاب کو ہو یاس
دارین مین ہے شبّر و شبیر سے امید

ردیف ذال معجمہ

یون صرف ہوا شوقِ خطِ یار مین کاغذ
مہنگا ورقِ زر سے ہے بازار مین کاغذ

وحشت مین لکھا شعر ہر اک برگِ شجر پر
ممکن نہ ہوا وادیِ پرخار مین کاغذ

لکھہ لکھہ کے ہزارون ورقِ گل اوسی بھیجے
بیکار ہے ہا تختۂ گلزار مین کاغذ

تحریر کئے ہین مجھے بوسے کے مضامین
آتا ہے کبوتر لئے منقار مین کاغذ

بہیجی جو چنگیر اوسکو تو کچہہ حال بہی لکہا
پہولون کی طرح گوندھ دیا ہارین کاغذ

بے دستخط اب تک ہے صغیر آپکی عرضی
کس دن نہوا یار کے دربار مین کاغذ

تب الفت کے ہے قابل تعویذ
داغ سینہ ہے پے دل تعویذ

حلقۂ داغ مرے سینے پر ہے
تیری گردن مین حمائل تعویذ

نہ خط آیا تو مجہے تب آئی ہے
بہیج اے حور شمائل تعویذ

اثر آہ سے ہلتا ہے عرش
کیا لکہے گا کوئی عامل تعویذ

تمغۂ حسن وہ ہے نام خدا
جو ہے گردن مین حمائل تعویذ

چشم بد دور منگاؤ جلدی
پہنو پہنو سر محفل تعویذ

وحشی زلف کی صحت کے لئے
مشک سے لکہتے ہین عامل تعویذ

گھر ہوا اوس ماہ لقا کے دل مین
لکہہ دے ایسا کوئی کامل تعویذ

یار کا نقش قدم ڈہونڈہ صغیر
چاہیئے قبر کے قابل تعویذ

ردیف راے مہملہ

پہڑک اوٹہو جو سناؤن دل و جگر کی خبر
لطیفے کا مین لطیفہ کہون جنبر کی خبر

پیام یار کہان کا جواب خط کیسا ہے
مجہے ملی نہین مدت سے نامہ بر کی خبر

پڑہی جو زلف تو اوسکو بہی کچہہ پتا نملا
میان موی کمر چہپ رہی کمر کی خبر

خیال دیر و خیال حرم سے عاجز ہون
دل ایک سینے مین ہے لی کدہر کدہر کی خبر

جو کچہہ جنون مین بکا تہا وہ سامنے آیا
یہ دل وہ ہے جسے ملتی ہے پیشتر کی خبر

ہر اک کی آنکھ مین تاریک ہو گیا عالم | غبار بنکے اوڑی کشتۂ نظر کی خبر
تڑپ تڑپ کے لگاتا ہون ٹکرین در پر | نہ درد دل کی خبر ہے نہ دردسر کی خبر
ہر ایک مردم آبی بہی ہو گیا واقف | کہان کہان نہ گئی میری چشم تر کی خبر
بتون کی بے خبری سے تمام ہو جاتے | اگر خدا کو ہنوتی دل بشر کی خبر
میان دشت جنون خیر جب سی آیا ہون | نہ دوستون کی ملی خیریت نہ گھر کی خبر

صغیر دیکھیئے کس دن روانہ ہوتے ہین
کئی مہینے سے مشہور ہے سفر کی خبر

زہر کہاتا ہون مار گیسو پر | دم نکلتا ہے تیغ ابرو پر
جلوۂ ساق پا سے ماند ہوا | آئینہ رکھہ لیا جو زانو پر
دست نازک اوٹھا نہین سکتے | بار تعویذ ہے یہ بازو پر
بہر مدفن ہو سر زمین حلب | مرتے ہین ایک آئینہ رو پر
عالم غش مین کیون ہو دلکو خوشی | سر ہمارا ہے کسکے زانو پر
میری تقصیر کیا ہے ای صیاد | کس لئے نوچتا ہے بازو پر
تیرے وحشی کے طائر دل کا | آشیانہ ہے شاخ آہو پر
مل رہا ہون ملا ہوا اوبٹنا | لیپ کرتا ہون درد پہلو پر
فائدہ کیا گلاب سے ہو گا | غش ہوا ہون تمہاری خوشبو پر

کون ہے اے صغیر غرفے مین
دیکھو تو سر اوٹھا کے تم اوپر

یار کے واسطے جب نقرئی آئی زنجیر | چمپئی رنگ نے پہنائی طلائی زنجیر

نکلا خوف سے خط لایا ہون اوس وحشی کا
نامہ بر نے درِ جانان کی ہلائی زنجیر

طوقِ وحشت میری گردن مین وہی سال پڑا
جس برس یار نے منت کی بڑہائی زنجیر

وہ جو پٹ کہول کے جہانکے تو لٹک آئی زلف
اپنے دروازے مین اک اور لگائی زنجیر

کسکو صدمہ نہین عاشق کی گرفتاری کا
نالے کرتی مری احوال پر آئی زنجیر

تیرے دیوانے پر احسان ہے کاریگر کا
صورتِ زلفِ گرہ گیر بنائی زنجیر

دیدِ رنگِ گلِ تر باعثِ سودا ہے صغیر
فصلِ گلزار ہمارے لئے لائی زنجیر

ترے قطرون سے پسینے کے جو سارا زیور
آبِ گوہر مین جہلا تمنے دو بارا زیور

گہنگروون مین بہی ہے صورتِ دہن خندانگی
سنکے نالے مرے ہنستا ہے تمہارا زیور

چاندی رنگ نے سونے کی مٹا دی رنگت
پہول کے طور پہ ہے بدرنگ تمہارا زیور

اور دیوانون کو درکار ہے کیا آرایش
اے جنون طوق و سلاسل ہے ہمارا زیور

خوشنما بالیون سے بال ہین گہونگہر والے
قدرتی صانعِ قدرت نے سنوارا زیور

کہل گئین پہول گئین خوش ہوئین ایسی کلیان
بالنین گوندہ کے لائین جو تمہارا زیور

عکس یہ ہے درِ دندان و لبِ لعلین کا
یا جڑاؤ ہے ترے جسم مین سارا زیور

اے صغیر آتی تہی جہنکار جو دروازے تک
اس لئے اوس نے شبِ وصل اتارا زیور

جہک گیا سجدے کو مین محرابِ ابرو دیکہکر
کعبہ یاد آیا سوادِ رنگِ گیسو دیکہکر

باغ مین یاد آگئے سیب گلوی یار کے
اوڑ گیا دل شاخِ گل پر رات جگنو دیکہکر

گر پڑا قدمون پر اوس شعلہ قد کے ہر سرو چمن
بے چہوے مرجہا گیا اوسکو لجالو دیکہکر

ہوگیا ہے اس صفر کے چاند مین مجکو سفر
غصے مین تیرا خطِ جبین جبین یاد آگیا
پہول کہلتے ہین چمن مین گرتی ہی جسوقت اوس

گم ہوا ہون یار کا آئینہ رو دیکھکر
بارہا ایجان لال اطلس پر اُتو دیکھکر
آپ ہنستے ہین مری آنکہون مین آنسو دیکھکر

جستجو سے یار مین ایسا پہرا مین ای صغیر
آسمانون کو بہی چکر ہے تگاپو دیکھکر

ہاتھ کہتے ہین کہ ہون تارِ گریبان مین اور
ملگئی یار کی تصویر میانِ اوراق
عالمِ فقر مین پابند محبت نرہی
اک تو اغواے شیاطین سی نہین خوف غذا
سبز انگیا کی کٹوری سے لہو رلوایا
چہٹ گئی رات کو مہتاب جو نکلا وہ صبح

وحشتِ شہر سے وحشت ہی بیابان مین اور
ایک صورت نظر آئی مجہے قرآن مین اور
او پہیو مد ہین دامن مین گریبان مین اور
ای بتو تم خللِ مذہب ہوا ایمان مین اور
سچ ہی سُرخی کے سوا رنگ نہین پان مین اور
رنگِ عالم نظر آیا مجہے اک آن مین اور

لوگ دیوانہ جانان تمہین کہتے ہین صغیر
خلق مین اور تخلص ہی تو دیوان مین اور

تم تو پردہ مین ہو کرتی ہے خدائی تصویر
لاکہ جانون سے مین قربان یدِ قدرت پر
بہیجو نکو بہی یہ مطبوع ہے صورت تیری
مشغلہ آٹھ پہر ہے یہی تنہائی مین
باعثِ زیست ہے ایجان نظارہ تیرا
قاصد و دل کو فقط حسرتِ دیدار نہین

لوگ بُت بن گئے جبسے نظر آئی تصویر
یہ ہتہیلی تری نازک یہ کلائی تصویر
جب لکہا تونے ورق پر او ترا آئی تصویر
کبہی دل سے کبہی آنکہون سی لگائی تصویر
پتلیان پہر گئین جسوقت ہٹائی تصویر
گفتگو کون کرے گا اگر آئی تصویر

چشم انصاف نہین پیر فلک کو ایجان — نہ دکھائی تیری صورت نہ دکھائی تصویر
آتش خواہش نظارہ نہ بھڑکے کیونکر — خانۂ دل مین ہوا بنکے در آئی تصویر
حفظ محرومی دیدار بنا دروازہ — صورت پرچہ بے خمس لگائی تصویر

احتیاط ایسی ہے اوس صاحب عصمت کو صغیر
نہ لگائی کسی کمرے مین پرائی تصویر

آنکھ اوس قاتل عالم سے لڑائی کیونکر — کیا بتائین کہ ہماری اجل آئی کیونکر
دیکھتے دیکھتے نظرون مین سمائی کیونکر — دل مین تصویر تمہاری کی اوتر آئی کیونکر
آرزوئے دل بیتاب بر آئی کیونکر — تیرے کوچے مین قضا کھینچ کر لائی کیونکر
دست بند آج ہین لیجیے دم بھر کے لئے — ہم بھی دیکھین کہ لچکتی ہے کلائی کیونکر
یاد بت یاد خدا سے یہ تعجب ہے مجھے — ایک دل مین ہوئی دونون کی سمائی کیونکر
کوئی ناواقف الفت نہ پھنسے آفت مین — پوچھتا ہون کہ مٹے داغ جدائی کیونکر
لشکر غم کی چڑھائی ہے شکست دل ہے — اور اے جان بگڑتی ہے لڑائی کیونکر
شعلۂ آہ کبھی نکلا نہین بعد مرون — شمع تربت دل سوزان نہ جلائی کیونکر
گریۂ حسرت دیدار سے پوچھے کوئی — خانۂ یار کی دیوار گرائی کیونکر
مچھلیان تیری ہتھیلی مین کہان سے آئین — بنگیا دام خط دست حنائی کیونکر

ہچکیان دونون طرف بندھ گئین پڑھتے ہی صغیر
کیا بتائین کہ غزل اونکو سنائی کیونکر

نہ بار سر بدن پر ہے نہ بار رنج ہے دل پر — ہم اپنی جان دیتے ہین فقط دیدار قاتل پر
گمان شرمگینی ہے جبین ماہ کامل پر — یقین مہر تابان ہے رخ غارتگر دل پر

جنون کا جوش ہے لاکھ آفتین ہین تیرے مائل پر
ہزارون داغ ہین سر پر کروڑون رنج ہین دل پر

یہ سوزِ دل وہانِ زخم بسمل سے ہوا پیدا
کہ چھالے پڑ گئے کتنے زبانِ تیغ قاتل پر

کسی کا دل بہلتا ہے کسی کی جان جاتی ہے
وہ سفاک زمانہ لوٹتا ہے رقص بسمل پر

کہین ہوتے پہونچتے اے گل اڑکے تیرے گلچین
نکل آتے ہمارے بھی اگر مثلِ عنادل پر

چکھا ہے ہین مزہ دریا کو اشکِ گرم نے کیا کیا
حبابون کی جگہ ہین آبلے لبہائے ساحل پر

میانِ انتظار و شوق قاصد جس گھڑی آیا
لگایا نامہ آنکھون سے کبھی رکھا کبھی دل پر

مین ایسا قیدیِ دیوانۂ فصلِ بہاری ہون
کہ مرغانِ چمن عاشق ہین آوازِ سلاسل پر

فرشتون کی طرح یارب نہ تڑپون قیدِ ہستی مین
کنوئین مین ڈوب کر مر جاؤن وسن ہر شہرِ بابل پر

کبھی دل سے نہ جائیگی تمنائے قدمبوسی
جدا ہو کر گریگا سر ہمارا پائے قاتل پر

عرق آلودہ زلفین اوس پری کی یاد جب آئین
گلاب و مشک مین کپڑا بھگو کر رکھ لیا دل پر

غمِ عشقِ بتان بھی کام آیا دیکھ اے زاہد
سوادِ داغ کی پوشش ہے اپنے کعبۂ دل پر

نہین ممکن ہے سفلون کو رسائی اہل رفعت تک
کہان گرتے ہین پروانے چراغِ ماہِ کامل پر

مجھے یہ دیکھنا سینے کی ڈھرکن کا پسند آیا
بہت آرام ہے جب سے تمہارا ہاتھ ہے دل پر

تمہارے عارضِ روشن نے بخشی ہے ضیا ایسی
چراغِ طور کا دھوکا ہے سبکو شمعِ محفل پر

سماتا ہی نہین کوئی نگاہون مین سوا اوسکے
خیالِ یار نے باندھی ہے پٹی دیدۂ دل پر

ہجومِ رنج و غم سے جان کا اللہ حافظ ہے
گرے پڑتے ہین پروانے چراغِ خانۂ دل پر

یہان تک بڑھ گیا داغِ فراقِ گیسوئے جانان
شبِ تاریک کی صورت سیاہی چھا گئی دل پر

صغیر الفت بتونکی سختیان کیا کیا دکھاتی ہے
فلک ہر وقت برساتا ہے پتھر شیشۂ دل پر

ردیف زاے معجمہ

فرقت مین بیقرار رہا صبح و شام روز
گذرا تمام رات سے بدتر تمام روز

اے نامہ بر بتا کوئی صورت وصال کی
درپیش اک نہ اک وہ نہین رہتا ہی کام روز

ہر چند ہی نماز بھی مجنون کو معاف
کرتا ہون پر حضور کو آکر سلام روز

قاصد گیا ہے دیکھئے آتا ہی پھر کے کب
رہتا ہے انتظار جواب پیام روز

گو با نشان سے بھی نہ آگاہ تھے کبھی
اس طرح پوچھتے ہین ہمارا وہ نام روز

مجکو گلی مین سُنکے نہ نکلے مکان سے
یا دونون وقت آتی تھے بالائے بام روز

پوچھو نہ حال آمد شام شب وصال ؛
کاٹا تڑپ تڑپ کے بمشکل تمام روز

تخصیص عاشقونکی نہین خانہ باغ مین
دربارِ خاص ہوتا ہے دربارِ عام روز

اس غم سے بدحواس ہین یار بلا کرین
یار و کباب و شیشہ و ساقی و جام روز

یون آئے گا جو ساقیِ میخوار سامنے
ٹوٹین گے مفت روزۂ ماہِ صیام روز

بیمار مین رہون تو رہون دردِ عشق سے
دیکھین مرے مسیح علیہ السلام روز

ایسے عزیزِ مصر بناتے ہین سیکڑون
یوسف سے چھوڑ دیتے ہین لیکر غلام روز

آرام تھے جو وصل کی راتونمین ای صغیر
لیتا ہے دردِ ہجر وہی انتقام روز

ردیف سین مہملہ

بوسۂ لب کی ہے ای دلبر ہوس
قند کی خواہش نہ شکر کی ہوس

وہ مہوس ہون ترا اے سیمتن
خاک ہے ہر کیمیاگر کی ہوس

سیمتن ہو یا سنہرا رنگ ہو ؛
دل کو ہے کب نقرہ و زر کی ہوس

بھوک مین زخمِ جگر کی اشتہا ؛
پیاس مین ہے آبِ خنجر کی ہوس

مرگیا ہون گورے رنگ پر ؛
قبر مین ہے سنگِ مرمر کی ہوس

اوٹھنے دون کیونکر بغل سے یار کو
پہلوِ دل سے نہین سر کی ہوس

ہین دورا سے مین ہون اے جوشِ جنون
حرصِ صحرا مین ہے اوس گھر کی ہوس

بیڑی پہنائی گی اک دن اے صغیر
حلقۂ زلفِ معنبر کی ہوس ؛

ردیف شین معجمہ

ہین صدا سی تری باغون مین عنادل خاموش
طوطیِ آئینہ ہے منہ کے مقابل خاموش

چوڑیان پاؤن کی ہاتھون کی نہ بولین کیونکر
بجنے مین نہین تعویذِ حمائل خاموش

حیرتِ آئینۂ رُخ سے ادہر مین چپ ہون
ہے ادہر شرم سے وہ حور شمائل خاموش

شب کو آوازِ قدم خانۂ عاشق مین نجاے
آتے جاتے ہین مثالِ مہِ کامل خاموش

تابِ نالہ نہین اے جوششِ دریاے سرشک
ہونٹ میری ہین مثالِ لبِ ساحل خاموش

آج کس عاشقِ جانباز کی سوالوشتی ہین
سب ہین مانندِ تصاویرِ عنادل خاموش

سوءِمن تابوت مین تو نالہ کشی سے چھوٹون
جرسِ دل ہو پہونچکر سرِ منزل خاموش

پارسا اور برہمن کی برائی سے کون
سب سے بہتر ہے زبانِ حق و باطل خاموش

عشق مین ضبط ہے ہاروت کو ماروت کو صبر
دونون لٹکے ہین میانِ چہِ بابل خاموش

گھر کی چھت توڑ گئے بامِ فلک تک پہونچے
انتہا ہو گئی نالونکی بس اے دل خاموش

پھر مری آہ کے جھونکو نہین ہو تاثیرِ سکوت
صفتِ شمع ہین سب حاضرِ محفل خاموش

نالے کرنے سے مجھے سازِ جنون مانع ہے
یہی ہے مطلبِ آوازِ سلاسل خاموش

دمِ فریاد یہ اوس کوچے مین کہتا ہی صغیر
یہ ادب کی ہی جگھہ اے دلِ غافل خاموش

ردیف صاد مہملہ

مجھے الفت کی ہے اے سیمبر حرص / ہوس ہون رہے گی عمر بہر حرص
بہت ہے قبضۂ ملکِ قناعت / زیادہ اور اب اے دل نکر حرص
فقط ملکِ عدم کی اب ہوس ہی / نہین کچھ اور اے عشق کمر حرص
خدا نے گنجِ استغنا دیا ہے / غنی مین ہوگیا ہون چھوڑکر حرص
تمنا ہمکو دولت کی نہین ہے / حریصون کو پھرا ے دربدر حرص
کہان وہ طاقت و زورِ جوانی / ضعیفی مین ہوئی دونی مگر حرص

صغیر اب پھونک تنورِ توکل
تجھے ہے خوانِ نعمت کی اگر حرص

ردیف ضاد معجمہ

بالِ ہما و چترِ گہربار سے غرض / ہمکو ہے تیرے سایۂ دیوار سے غرض
اے شیخ ہمکو کعبہ و مسجد سے کام کیا / جس روز تک ہے خانۂ خمار سے غرض
محروم باغ مین بھی ہین عشاق چشمِ یار / نکلی نہ دیدِ نرگسِ بیمار سے غرض
فصلِ بہار مین بھی رہائی محال ہے / صیاد کو ہے مرغِ گرفتار سے غرض
اغیار کی جفا سے شکایت نکر کبھی / اے دل اگر ہے مرضیِ دلدار سے غرض
عشاق تیرے سینہ سپر بے سبب نہین / کچھ تو ہے تیغ ابروِ خمدار سے غرض

اب دل کو باغ و دشت برابر ہین اے صغیر

گل سے نہ مدعا نہ ہمیں خار سے غرض

ردیف طائے مہملہ

لایا نہ سال بھر میں کبھی پیک یار خط — ہم روز بھیجتے ہیں مگر پانچ چار خط

اب تک مری طرف سے کدورت نہیں مٹی — بھیجا ہے اوسنے لکھ کے بخطِ غبار خط

بعدِ فنا بھی دلشکنی اپنے ساتھ ہے — تاریخ میں شکست ہے روئے مزار خط

حسنِ شباب چاہِ ذقن نے بڑھا دیا — سرسبز مثل سبزہ ہے اے گلعذار خط

مضمون زلف لکھ کے جو ملفوف کر دیا — بو سے ہے رشکِ نافۂ مشکِ تتار خط

قاصد نہ پھر کے آئے نہ آیا کبھی جواب — بھیجے ہزار نامہ بر اوس کو ہزار خط

ہوتا ہے بیقرار زیادہ دلِ صغیر
جب بھیجتا ہے وہ بتِ جادو نگار خط

ردیف ظائے معجمہ

پاسِ جبیں کسے تحریر کا لحاظ — ہمکو فقط ہے منشیِ تقدیر کا لحاظ

وہ وصل میں بھی آنکھ ملاتا نہیں کبھی — ٹوٹا نہ ہم سے اوس بتِ بےپیر کا لحاظ

پامال کس طرح ہو ایذا رسا کا گھر — کرتا ہے کون خانۂ زنجیر کا لحاظ

ہر چند گھڑی زبان ہے پر بولتی نہیں — پھولوں کو بھی ہے یار کی تقریر کا لحاظ

زخمِ جگر کی سن کے شکایت کہی یہ بات — تیر افگنوں کو کیا ہدفِ تیر کا لحاظ

کس کے قصور پر نہیں اغماض آپکو — ہے ایک ایک صاحبِ تقصیر کا لحاظ

کس کھیلے آپ جب سے میں دیوانہ ہو گیا — کچھ دن تو کرتے بستۂ زنجیر کا لحاظ

وحشت میں خاکسار ہی دل کا یہ حال ہے — رکھا قدم قدم سرِ نخچیر کا لحاظ

اوصاف لکھ کے مصحف عارض کو چوم تون
قرآن کے سیپارے سے ہے تفسیر کا لحاظ

رنج والم مین عہد جوانی گذر گیا
کب تک کیا کرون فلک پیر کا لحاظ

دل مار کر جو خاک کرے پاسے مرتبہ
کرتے ہین لوگ صاحب تاثیر کا لحاظ

محرابی ابرونکی صفت لکھ کے مین جھکون
لازم ہے کچھ تو مسجد تعمیر کا لحاظ

محشر مین رونے والونکو بخشے گا اے صغیر
خالق کرے گا حضرت شبیر کا لحاظ

ردیف عین مہملہ

بڑھاپے نے کیا ہے زر ملمع
سفیدی سے ہے عیب پیری ملمع

تجلی سخت باطن کو کہان ہے
نہین ہوتا ہے پتھر پر ملمع

اگر تو چاہتا ہے قدر اپنی
چھپا عیب جہان ہو کر ملمع

ریا اے شیخ کب تک بعد مردن
نہین رہنے کا گنبد پر ملمع

فروغ عارضی کب معتبر ہے
چھڑا دیتا ہے صیقل گر ملمع

ہوئی مجھ رو سیہ کو سرخروئی
نہین اس سے کوئی بہتر ملمع

وہ بلبل ہون کہ بعد مرگ ہی گل
زر گل سے ہو روضے پر ملمع

صغیر بد کو اچھا جانتے ہو
نشانی دل ہے مس باہر ملمع

ردیف غین معجمہ

آنکھونکے آگے خار ہوے روی یار باغ
صحرا پر بلا ہے میان بہار باغ

کلفت کبھی جنون مین تو فرحت کبھی ہوئی
دیکھے ہزار وادی وحشت ہزار باغ

صیاد اپنا [illegible] نقش پا [illegible]
اوڑھا ہے تو نے آج جو رومال چار باغ

پھیلے جو بو کہ اوس لباس آتشیں [illegible]
تجھ کو [illegible] ہو گیا ہے دل داغدار باغ

قد [illegible] نخل بستہ [illegible]
[illegible] ہمیان میں ہے اسکا عذار باغ

ہم [illegible] ایک گل ترے عشق میں
تجویز لوگ کرتے ہیں بہر مزار باغ

شبنم نہیں ہے یہ عرق شرم ہے صغیر
اوس [illegible] گل کے سامنے تو شرمسار باغ

ردیف فا

تیوری کے بل سے پاؤں ہیں ہم انحراف صاف
کھو ڈالیے جو آپ کے دل میں ہو صاف صاف

مجھسے کدورتیں ہیں کہ پتھر کے نقش ہیں
ہوتا نہیں کبھی وہ نیت برخلاف صاف

کیا فائدہ ہوا تری الفت میں ای پری
پلکوں سے آجتک جو کیا کوہ قاف صاف

اعجاز اگر وہ ترک پر رو کبھی دکھائے
زاغ کمان بھی کہنے لگے قاف قاف صاف

باتیں ہیں گول گول ہماری کہیں آج کل
ممکن نہیں کہ ہے سو تعریف ناف صاف

حد سے زبان دراز ہوتی ہے حضور کی
ہم بھی کہیں گے دل میں جو آئیگا صاف صاف

عشق حبیب ہی مانگ سے مطلب نہیں صغیر
کیا کام استعارے کی کہتے ہو صاف صاف

ردیف قاف

کیا راز دل بیان کریں مبتلائے عشق
پروانوں نے کبھی نہ سنا ماجرائے عشق

دل دے چکے تھے آپکو اب مر گئے جان بھی
وہ ابتدائے عشق تھی یہ انتہائے عشق

تربت میں میری ساتھ گئی نقد داغ دل
مٹی میں آج مل گئی دولت سرائے عشق

میری طرح جہان مین کوئی ہو خراب — نازل ہو کسی پر الٰہی بلاے عشق

وہ کونسا ہے درد کہ جسکی دوا نہین — دیکھی ہر ایک چیز نہ دیکھی دواے عشق

وحشت جنون مین اہل وطن کا خیال ہے — ایک اور ہمسفر ہے ہمارا سواے عشق

وحشت مین گھر سے جانب صحرا تو آچکے
اب دیکھیے صغیر تمہین کیا دکھاے عشق

ردیف کاف تازی

حیلۂ کم سنی اے حورِ شمائل کب تک — ہوتا ہے دیکھیے تو وصل کے قابل کبتک

عالمِ نزع مین بھی دھیان ہے اوس عیسیٰ کا — مرضِ عشق رہیگا تجھے اے دل کب تک

وحشتین ساری ہرن کی ہین مگر نافہ نہین — دیکھیے نکلین گے آنکھون کے تلے تل کبتک

ناصحو بکتے ہو کیون مین بھی سنبھل جاؤنگا — میرے قابو مین نہ آئیگا مرا دل کبتک

صورتِ وصل بھی کر خط کے سواے قاصد — یہ صحیفہ رہے گردن مین حمائل کبتک

ذبح کر ڈالیے یا کیجیے تدبیرِ وصال — مجھکو تڑپائیگا صورتِ بسمل کبتک

جب یہ کہتا ہون غمِ ہجر سے مرجاؤن گا — پوچھتا ہے وہ بُتِ حورشمائل کبتک

لین گے ہم مصحفِ رخسار کا بوسہ کس دن — ہاتھ ہونگے ترے گردن مین حمائل کبتک

کبھی تو جذبۂ دل نیند سے چونکاے گا — آپ رہیے گا مرے حال سے غافل کبتک

قیس یہ دیکھتا تھا ناقۂ لیلیٰ کی طرف — کہ اوڑاے گی ہوا پردۂ محمل کبتک

دیکھیے لیتے ہین ترا شغلۂ خود بینی — رہے گا آئینہ چہرے کے مقابل کبتک

اے صغیر آئین گے کس روز امامِ دوران
دیکھیے ہوگا ثبوتِ حق و باطل کبتک

دوستی عشق بہت رنج اٹھاتے ہین کب تک
داغ سہتے شب فرقت کی جگر مین کب تک

یاد دندان مین ہے جاری ہین دریا سرشک
دل ڈبوئیگا مجھے آب گہر مین کب تک

فرق ہو جائیگا میرے سر و تن مین کس دن
رہے گی یار کی تلوار کمر مین کب تک

شب فرقت نہین پھاہا ہی سیہ مرہم کا
دیکھئے رہتے ہین ناسور جگر مین کب تک

مین ہون مجروح مگر لال ہین آنکھین تیری
خون میرا رہیگا تیغ نظر مین کب تک

غسل دو اشکون سے اے رنج غریب الوطنی
جسم آلودہ رہے گرد سفر مین کب تک

نہ اوٹھوینگا صفت پردہ مین دروازے سے
چھپے بیٹھے رہین گے اپنے وہ گہر مین کب تک

ایک مدت سے ہون مشتاق تری نظرونکا
تیر آئینگے دل سینہ سپر مین کب تک

کب مرے خون کے چھینٹے اوڑہین گی اے قاتل
رنگ ہین آئینگی گلہاے سپر مین کب تک

عشق نے دل کی جگہ عقل کی لی سودے نے
دیکھئے دونون رہین سینہ و سر مین کب تک

ایسی تلوار ترے دست حنائی کی لگی
دیکھئے چھید رہے زخم جگر مین کب تک

جھانکنے کی اونہین عادت ہے وہ جھانکین گے صغیر
دہجیان تم بھروگے رخنۂ در مین کب تک

ردیف گاف

کھینچے ہے تصویر کیونکر ہو سکے ایجاد رنگ
لائین تیرا سا کہان سے مانی و بہزاد رنگ

ایک ہے چہرہ کی زردی دوسرے ہین اشک سرخ
کیا دکھائے تونے اے عشق ستم ایجاد رنگ

وحشی زلف سیہ کا خون ابھی بدلا نہین
فصد لیکر دیکھتا ہے دیر سے فصاد رنگ

سرخی لالہ کہان سرسبزی سبزہ کہان
کر دیا باد خزان نے باغ کا برباد رنگ

خواہش گلزار اے مرغ گرفتار اب جو ہو
خون سے اپنے پھڑک کر خانۂ صیاد رنگ

ہجر کے روز سیہ نے کر دیا مجھکو سفید
کیسے کیسے رنگ پیدا ہوگئے ہین یاد رنگ

قیس کے مانند مین ہوش و حواس لیلیٰ صفت
غیرت شیرین ہے جو وہ بت ہے تو مین غیرت رنگ

غیر کو ہر رنگ خط وہ بھیجتا ہے ڈاک مین
یہ تماشا ہے کہ ہے نیرنگ کیا اوسکا ہے رنگ

پائی یاقوت و زمرد کی تجلی اے صغیر
کیسے کیسے لائے لبہا و خط جلاد رنگ

ردیف لام

صدمے فراق کے نہ کسیکا اوٹھائے دل
بہتر ہے جان جائے کسی پر نہ آئے دل

دل لیکے اوس پری نے کیا ہے مجھے ہلاک
گنج مزار مین بھی کہون گا کہ ہائے دل

خط سینے پر ہے یار کا تعویذ کی طرح
مدت مین مستجاب ہوئی یہ دعائے دل

مونس نہین انیس نہین مہربان نہین
سنتا ہے کون کس سے کہون ماجرائے دل

خاطر نہ کی کبھی نہ دلاسا دیا کبھی
کس آسرے پر آپ سے کوئی لگائے دل

دیکھا جو تجھکو درد جگر دور ہو گیا
تیرا گھرانے مسیح ہے دار الشفائے دل

جور و جفائے یار سے شکوہ نہین ہمین
اپنے کئے کی آپ سزا کچھ تو پائے دل

لپٹے گا سینے سے جو گل اندام اے صغیر
پھولے نہین سمائینگے یہ داغہائے دل

سنکے ڈور رہین یہ سب محفل کو آئیگا خیال
وہیان بٹ جائینگے جسدم یار کا آئیگا خیال

ہجر مین تصویر اوسکی کھینچ لائے گا خیال
درد دل مٹ جائیگا جس روز آئیگا خیال

کوک ارگن کی جہرو کون مین ہے آواز نہوا
یہ تری دو لت سرا مین مجکو آئے گا خیال

راہ اونکی شام سے تکتا رہونگا صبح تک
کیا شب فرقت مین میری نیند اوڑائیگا خیال

ہر ذرہ گو کہ ہستی جاتی ہے تماشا ہو جہان نہیں
پھر رستہ اوس کوچہ کا بتلا کے آنکھیں بند ہوگئی جگر
یا ہو ہمارا ان ہی کیسو تھا قاتل نہ سنے یاد ہو
پیچ پیچ ہونا لیکا اوس کے زلف کے ہمسایہ نہ
[illegible] سے بیطرح دیکھو ہوا
[illegible] شوق رگ سنگ نہین

رفتہ رفتہ مجکو دیوانہ بنائے گا خیال
ہمکو گہر بیٹھے ترا کوچہ دکہائے گا خیال
جسگہڑی خواب آئیگا مجکو جگائیگا خیال
ناتوانی مین اگر زور آزمائے گا خیال
خوف ہے اب کچہ نہ کچہ کہٹر اگ لائیگا خیال
توڑ کر آئینہ دروازہ جائے گا خیال

ہر غزل مین چاہئے تاریخ ہجری ای صغیر
اسکے دل اب جسے یار کیا کیا راگ لائیگا خیال

[illegible] عنایت آج کل
یار پہلو مین نہین ساقی نہین شیشہ نہین
آسکے خط مضمون الفت کے سمجہے لگا کیے
داد کی [illegible] ہوا وہی کر چکے ہین
[illegible] جب گئے پیالے ہمارے یاد کے
مے پرستونکی [illegible] اے ماہ صیام
میرے دلکو لیون نو سال گذشتہ کا خیال
ابتداے عشق مین کب یون لچکتی تہی کمر
[illegible] کشتہ کیا [illegible] ماہ محرم کا گلہ ہے
کچہ کبہی مانگا نہین [illegible] شروع عشق سے
مستی [illegible] سرا ہے [illegible] جوش شباب

پہیکی ہی لعل لب شیرین کی رنگت آج کل
کچہ نہ پوچہو حال دل حضرت سلامت آج کل
کہل گیا اونکا لفافہ فی الحقیقت آج کل
آگئی پہر جوش پر اگلی محبت آج کل
کس قدر سرسبز ہے صحرای وحشت آج کل
شغل بادہ شب کو ہو دن کو عبادت آج کل
یار سے اکثر رہا کرتی تہی صحبت آج کل
اون دلونسے کچہ زیادہ ہے نزاکت آج کل
ساغر مے کے عوض ہو جام شربت آج کل
چاہتا ہون بوسہ لینے کی اجازت آج کل
دل کو کب ہوتی ہے تاثیر نصیحت آج کل

سمر تھا ... توں بدگمان تھا اے صغیر
میر صاحب ہو چکے بہر زیارت آج کل
۱۲۹۶

نہیں ہیں حور و پری ناز و پیار کے قابل
فقط حضور ہیں بوس و کنار کے قابل

مجھے جلانے سے کب ہوگی تیری آرایش
کبھی نہ ہونگے گل داغ نار کے قابل

ہوا کی کیا ہے خطا کس طرح اڑا لیجائے
ہماری خاک نہیں کوے یار کے قابل

ہزار ہین ہے مجھے بوجھ دامن گل کا
لباس چاہیے اس جسم زار کے قابل

یہ آنکھیں دیکھتی ہیں روے یار اے نرگس
خدا نے تجھ کو کیا انتظار کے قابل

مثال دہر بدلتا ہے رنگ ہر روزہ
مزاج یار نہیں اعتبار کے قابل

اوتار و سوگ ملو مستی میرے چہلم مین
یہی تو دن ہیں تمہارے سنگار کے قابل

عبث لگاتے ہو تلوار غیر کے سر پر
یہ امتحان ہے اس جان نثار کے قابل

تمہارے ظلم و ستم لکھہ رہا ہوں گن گن کر
مرا حساب ہے روز شمار کے قابل

میں ہر کسی سے محبت کروں معاذ اللہ
یہ دل ہے عشق بت پردہ دار کے قابل

صغیر رند ہے پھر بحث کیا ہے اے زاہد
تو ہی ہے رحمت پروردگار کے قابل

ردیف میم

خواب میں آکے دکھا جا کبھی اے یار قدم
چومے آنکھوں سے ترا طالب دیدار قدم

سوے جنت نہ اوٹھینگے مرے زنہار قدم
تیرے کوچے کے ہیں اے یار طلبگار قدم

پاؤں درکار نہیں قتل میں خونخواروں کو
چلتی ہے گو کہ نہیں رکھتی ہے تلوار قدم

گھر سے نکلا ہے جو تو ڈال کے برقع منہ
آج دیکھیں گے ترے طالب دیدار قدم

لے زمانہ مرا کروٹ تو کروں پہلو گرم
جاگے تقدیر تو لات میرے گھر یلو قدم

چلے آتے ہیں جو یوں سر سے کمر کے نیچے
بڑھ سکے چوٹی نہ گیسو کے ترے گیسو سے ہزار قدم

جب میں کہتا ہوں کہ ہوں تشنۂ موج رفتار
چل کے جہاں کل تو دکھا دیتے ہیں وہ چار قدم

نہیں بھرتے ہیں ستارے سے تری پاپوش سے
آتش رنگ حنا سے ہیں شرربار قدم

دل کی امید بر آئے گی اوسیوقت صغیر
جس گھڑی لائیگا گھر میں مرے دلدار قدم

ردیف نون

کیونکر قرار پائے مرا دل ذرا کہیں
میں مبتلا کہیں ہوں مرا دلربا کہیں

دل ہو گیا ہے پہلے پہل مبتلا کہیں
وہ ابتدا ہے جس کی نہیں انتہا کہیں

صیادوں نے بچھائے ہیں لالونکے جال آج
شاید اوڑا ہے طائر رنگ حنا کہیں

دریا میں اوسنے دھوئے جو دندان لعل لب
مونگا ہوا کہیں گہر بے بہا کہیں

قاصد کے پاؤں پھول گئے اسقدر پھرا
اوس گلبدن کے گھر کا نہ پایا پتا کہیں

کس چال سے چلا وہ ستمگار مل کے عطر
محشر بپا ہوا کہیں فتنہ اوٹھا کہیں

اوڑ اوڑ کے ای پری تری کوچے میں آئیگی
لیجائے میری خاک اوڑا کر ہوا کہیں

پایا ہے وہ مزا کہ نرکھوں زبان پر
مجکو ملے جو درد کی میرے دوا کہیں

موئے کمر تو ڈھونڈھ نکالا تلاش سے
ملتا نہیں پتا دہن یار کا کہیں

بہکا وہ مست ناز یہ محفل میں ای صغیر
باتیں جو ستر غیب کی تہیں برملا کہیں

سبزۂ حسرت میں نہیں یا گلشن قالی نہیں
کون میرے یار کا مشتاق پامالی نہیں

پہل مرادون کے ملین وندہی جو تواے شہسوار
صورتِ خرمن ہمین اندوہ پامالی نہین

عشق کی تحریک سے ہے زندگانی کی بہار
خاک بھی رونق نہین بن باغ مین مالی نہین

میرے ساقی نے پیالی سبکو بھر بھر کے دئی
مینے جب مانگا تو بولا ہاتھہ ابھی خالی نہین

تجکو اے جوشِ جنون دامن کی جلدی پڑ گئی
ہاتھہ ابھی چاکِ گریبان سے یہان خالی نہین

وعدہ یہ پورا کیا جب چاند آدھا ٹل گیا
آج کہتے ہو کہ مین اُس چاند بھر خالی نہین

جب بہار آئی کیا الفت نے دیوانہ مجھے
کیونکے سمجھوں مین بیڑی پاؤن مین ڈالی نہین

سانچے کی صورت ہین جیلے اور گوری ونگلیان
شمعین ہین پر آدمی کے ہاتھہ کی ڈھالی نہین

وہ دمِ رقص آفتِ جانِ جہان ہے اے صغیر
عاشقون کو ہے طمانچہ موت کا تالی نہین

سمجھہ جنکو نہین ہے وہ کسیکو کیا سمجھتے ہین
سمجھوالے مگر قطرے کو بھی دریا سمجھتے ہین

جنہین رتبہ ملا ہے وہ ترا رتبا سمجھتے ہین
خدا تو کہہ نہین سکتے مگر بندا سمجھتے ہین

میرے قاتل دولائی اوڑھتے ہین فصلِ سرما مین
وہ شالے مین بھی میرے زخم کا ٹانکا سمجھتے ہین

گھلایا ہے غمِ فرقت نے ایسا ناتوانی مین
کہ بحرِ غرق بھی قطرے کو ہم دریا سمجھتے ہین

فقیرِ عشق ہے دیدار کا طالب نہ سمجھے گا
یہ تیری لن ترانی حضرت موسیٰ سمجھتے ہین

اثر دکھلا رہی ہے اندرون تحریر عاشق کی
تڑپ جاتے ہین جب مضمونِ خط کا سمجھتے ہین

گلِ گلزارِ خوبی اور سروِ باغِ محبوبی
جو ہین ذی فہم دنیا مین تجھے کیا کیا سمجھتے ہین

کبھی معجز بیانی سے مسیحائی کے دعوے ہین
کبھی دزدِ حنا کو وہ یدِ بیضا سمجھتے ہین

خیالِ یار نے وحشت مین لوایا ہمین ایسا
بیابانِ جنون کو آدمی دریا سمجھتے ہین

دمِ سیرِ چمن پامال وہ کرتے ہین پھولو تلکو
گلِ صد چاک سر بستہ کو دل میرا سمجھتے ہین

ابھی تک ہے دل کو شام وصل امید ہے غم جدا ہوگا
نہ پایا لطف وصل آپ پا کر نہ ہین ہی دیکھیئے کیا ہو

ترا منہ دیکھکر ہم نور کا ترکا سمجھتے ہین ؛
خط رخسار کو اے سیم بر مینا سمجھتے ہین

حفیظ احوال درد دل کہا تو گالیان کہائین
ہم اونکے سامنے کہتے ہین کیا وہ کیا سمجھتے ہین

نہین آتی کوئی دم نیند ابھی ہمارے آنکھون مین
سیاہی پتلیون کی یہ ہی اک پردہ ہی ظاہر کا
اٹھو و چاندنے چہرے کا شعلہ ہی بجھو نگا ہے
ابھی تک لال ہین غصے سے اونکی پتلیان دیکھو
کہانی جو کہے کوئی تو میری آنکھ لگ جائے
ہماری پتلیون کو روندتا ہے روز پاؤن سے
کبھی باطن ہین تیری تیغ ظاہر مشق گاہ ہے

پھرا کرتا ہے جب سے یار کا انداز آنکھون مین
پھرا کرتی ہے تیری سرمئی پشواز آنکھونمین
چھپا کرتی ہے یا مہتاب آتش باز آنکھونمین
جما رہتا ہی خون عاشق جانباز آنکھونمین
لگائے سرمۂ غفلت تری آواز آنکھونمین
عجب کاوش سے پھرتا ہے سمند ناز آنکھونمین
کیا ہے دلمین گھر پایا ہے سراپا ناز آنکھونمین

حفیظ اپنی نگاہون مین سمائے وہ سرا کیونکر
مثال مردمک پھرتا ہی وہ طناز آنکھونمین

بلائین پاس عنایات بیقیاس کرین
جو ہوسکے پائے گی ہین کبھی گدا اپنا
جو آپ ہی نہین سنتے تو پھر سنے گا کون
وصال یار سے دل سے نہ ہا دیئے غم ہجر
ادا نہ ہوگا کبھی شکر تیغ قاتل کا
سناتے وہ نہین جہانگل کی ہی صدا اگر

رقیب دیدہ حیران ہے ابھی کچھ نہ پاس کرین
ہزار پھیرے ترے گھر کے آس پاس کرین
سوا حضور کے ہم کس سے التماس کرین
زبان حال سے کیا آج التماس کرین
ہر ایک زخم کے منہ سے اگر سپاس کرین
ہزار تشنۂ دیدار پیاس پیاس کرین

سخن سے ہوگا وہی جو ہے اونکو منظور سے
خدا پہ فکر کرین کچھ نہ دل اداس کرین

کوئی تمسا حسن مین شکل بشر نہین
آدمی کیا صورت شمس و قمر ملتی نہین

بے خبر ہے یار سے وہ جسکو آگہی نہین
ہوگئی جسکو خبر اوسکی خبر ملتی نہین

شاہ کو فکر خلائق ہے گدا کو فکر نان
فکر سے دونون کو فرصت عمر بھر ملتی نہین

ہے شمشیر اکثر روکتے ہین ہاتھ پر
تیغ ابرو کے لئے کوئی سپر ملتی نہین

جان باقی ہے ہماری انتظار وصل مین
اونکو آرایش سے فرصت رات بھر ملتی نہین

گھر مین آنے کی اجازت کیون نہین ہوتی مجھے
بات کی پروا انکی کس بات پر ملتی نہین

وصل گل مین دل بہلتا سنتے گل کی داستان
اے صفیر اب بلبل بے بال و پر ملتی نہین

ہم اپنی جان کا اے دوست دشمن دیکھ لیتے ہین
کسیکے ہاتھ مین تیرا جو دامن دیکھ لیتے ہین

کیا [illegible] کیا وہ [illegible] ہاتھون کی صفائی
ہوئی جب تیغ اپنا روی روشن دیکھ لیتے ہین

بچا [illegible] لیتے طوفان [illegible] نوح
اگر میرا چراغ قبر روشن دیکھ لیتے ہین

کرن سورج کی گر جاتی ہے اوسپر اپنی نظر وسے
ترے ہاتھون مین جب ہاتھ میرے کنگن دیکھ لیتے ہین

نکالا منھ چشم نرگس اور سنبل قد صنوبر ہے
اونھین جب دیکھتے ہین سیر گلشن دیکھ لیتے ہین

پناہ اللہ سے وہ مانگتے رہتے ہین تھرا کر
کمند عشق مین جو میری گردن دیکھ لیتے ہین

یہ فصل گل مین گلچین بلبل شیدا سے باقی ہین
قلم کرتے ہین جو شاخ نشیمن دیکھ لیتے ہین

نکلجاتے ہین وہ سایہ بچا کر موڑ کر منھ کو
سر رستہ کبھی میرا جو مدفن دیکھ لیتے ہین

فراغت ہوگئی ہے اے جنون چاک گریبان سے
نہو بیتاب صحرا کا بھی دامن دیکھ لیتے ہین

ہزارون ٹل گئے اقرار لاکھون سن چکے وعدے / صداقت آج ہی ای شوخ پرفن دیکھ لیتے ہین

پسند آئی ہے دیوانون کو گردِ دامنِ صحرا / پہنتے ہین وہی جو ٹھیک چپکن دیکھ لیتے ہین

کنہیا اے صغیر اپنا نظر آنے لگا جب سے
دیارِ لکھنؤ ہین بندرابن دیکھ لیتے ہین

وہ بادشاہ ہین جو ترے در کے فقیر ہین / وارستہ ہین جو دام مین تیرے اسیر ہین

ابرو کشیدہ ہین کہ کمانین خمیدہ ہین / پلکین نکیلی یہ ہین کہ پیکانِ تیر ہین

ہین داغ لالہ اور دونون ہین جو ناشگفتہ / کیا خاکِ بوستان سے تمہارے خمیر ہین

مجھسے رکے ہو لوگون کے کہنے سے آج کل / میرے رقیب ہین جو تمہارے مشیر ہین

فصلِ بہار آئی ہے صیاد چھوڑ دے / مرغانِ باغ کتنے دنون سے اسیر ہین

پرتوفگن جو ہے ترے رخسار کی صفا / نہرین روان ہین باغ مین یا جوئے شیر ہین

عشاق پر ستم نکرو اے بتو ڈرو / یہ بھی تو بندگانِ خدائے قدیر ہین

کچھ غم نہین صغیر عذابِ فشار کا
بہر مدد وہان بھی جنابِ امیر ہین

ایسی دیکھی نہ سنی صحبتِ مستانہ کہین / شیشہ ہے کہین ساقی کہین پیمانہ کہین

سوزشِ عشق نے کی رات یہ صحبت برہم / شمع جلتی تھی کہین بزم مین پروانہ کہین

دستِ وحشت نے کیا چاک گریبان گویا / ڈر ہے کھلجا نہ میرے بھید کا پردا کہین

کردیا حسن نے بیخود ہمہ تن ایسا / دستِ مشاطہ کہین زلف کہین شانہ کہین

ہجر مین نالے ہین تو وصل مین جل جاتا ہون / مثلِ بلبل ہون کہین صورتِ پروانہ کہین

عشق مین ایک پہ پروگے یہ کٹکا ہے صغیر

رفتہ رفتہ دل مایل شد دیوانہ ہمین ہا

کیا تجھے آنکھون نے آنسو کوئی دم برسات مین
وہ نہین لاتے مرے گھر تک قدم برسات مین

میرے رونے سے ہوا لبریز جام آرزو
میرے ساقی نے کیا بہر کرم برسات مین

دیدۂ گریان لگاے کیون نہ ساون کی جھڑی
آپ سے اقرار تھا آئینگے ہم برسات مین

کیون نہ رونے سے نکلجاے طبیعت کا بخار
زور گرمی کا بھی ہوجاتا ہے کم برسات مین

کیون نہو رونے مین انگشت حنائی کا خیال
بیشتر بوتے ہین ہندی کی قلم برسات مین

وہ پری بارش مین بلواتا ہے اکثر اے صغیر
یاد آتے ہین برسے دین رو دہم برسات مین

جان جائے گی یار کے غم مین
دم نکل جائیگا کوئی دم مین

بیوفائی تمہاری میری وفا
یہ کہانی رہیگی عالم مین

جان بلب ہون جواب نہ آؤگے
پھر کب آؤگے میرے ماتم مین

جوش سودا ہوا برسوین دن ؎
پہنی زنجیر یہ محرم مین

دل کا ناسور یہ نہین جاری ؎
خون روتا ہے [illegible] ہم مین

اے صغیر اب غم جدائی سے
ہم نہین دم مین دم نہین ہم مین

ہے شہرۂ مذاق سخن خاص و عام مین
شیرینی نبات ہے تیرے کلام مین

خالق نے تجکو لاکھ طرح کے دی صفات
پائی ہے اسم ذات کی تاثیر نام مین

کیونکر تمہارے سیب زنخدان سے دون مثال
یہ حسن و بو و رنگ و مزہ کب ہے آم مین

زلفون مین تیرے پھنس کے مجھے ہوگیا سکوت
کب بولتا ہے مرغ گرفتار دام مین

یاد بتان [illegible] حسرت زیادہ [illegible]
ناقوس پھونکتا ہون مین بیت الحرام مین

اوس [illegible] دیا
تقدیر لیگئی مجھے دار السلام مین

مثلِ غزال ہین تری آنکھین شوخ [illegible]
لیکن وہ تیز روی کی ہے نمایش خرام مین

اوس نے دکھا دیا لب شیرین کا اثر
مصری کا کوزہ کھول دیا آب جام مین

کہتا ہے یہ سمجھ کے ذرا قاتلون سے حال
قاصد قضا کا ڈر ہے ادا سے پیام مین

مستِ شراب ہم ہین تو زاہد ہی مست ہے
کیونکر ہوا امتیاز حلال و حرام مین

مسجد سے بھی ہے منزل الفت زیادہ تر
سجدون کا ہے ثواب قعود و قیام مین

بھٹی مین آج ساغر مے کی سبیل ہے
رکھا ہے میکشون نے قدم نیک کام مین

بیڑا ہمارا پار ہو کس طرح صغیر
ڈوبے ہوئے ہین الفت خیر الانام مین

تڑپا کرون نہ صورتِ بسمل تو کیا کرون
قابو مین ناصحا جو نہو دل تو کیا کرون

ہین سخت جان نہین نہ مجھے سر پہ تیغ ہے
بران نہو جو خنجر قاتل تو کیا کرون

تھک کر سرای دہر سے مینے سفر کیا
آخر نہو جو عشق کی منزل تو کیا کرون

اے قیس پختہ کاری ہمت کا وقت ہے
خالی جو پاؤن یار سے محمل تو کیا کرون

بارِ غم فراق اوٹھاؤن مین کس طرح
دل ہی نہو متحمل تو کیا کرون

دونون ہین ایک نقل کو دیکھون کہ اصل کو
آئینہ اوس سے ہو جو مقابل تو کیا کرون

ترکِ حدِ ادب کی نہ ترغیب دے دلا
کہہ بیٹھین کچھ جو وہ سر محفل تو کیا کرون

گو ہمدمون سے بھید چھپاتا نہین کوئی
مجھسے کہا نجائے غم دل تو کیا کرون

ان گرگون سے دور نہ بھاگون مین کس طرح
پھنس جائے دل بہ رنگ عنادل تو کیا کرون

بالاے بام زلف جو ہنگی تعقب ہوا
سر پہ پڑا فلک سے یہ نازل تو کیا کرون

ابرو کو آرسی مین جو دیکھا تو یہ کہا
گر تیغ کج ہلال ہو جو قاتل تو کیا کرون

عشق ذقن مین رہوے شور زندگی
چاہ ذقن مین رہ تہ بابل تو کیا کرون

کیا اختیار عشق مین دریا ہون اشک کا
لب تشنگی ہوا ہون جو صورت ساحل تو کیا کرون

تدبیر پوچھتا ہے خدا سے بتا کہ
مطلب نہ ہو سکے جو حاصل تو کیا کرون

کوزہ نبات ہین وہ لب شکرین نہین
اصل ہے انکی بات مین لذت انگبین نہین

دیدہ تر سے بڑہ گئین دست جنون کی شدتین
اشکو نکو کس سے پونچھیے دامن و آستین نہین

رنگ چمن ہوا ہوا لطف بہار کیا ہوا
باغ مین آیون کہلا ہو غنچۂ یاسمین نہین

شام سے اور تا سحر حال رہا یہ رات بہر
عجز و فروتنی ادہر اور ادہر نہین نہین

چہرے پر اوسکے نور ہے جس سے خجل بلور ہے
دود چراغ طور ہے کاکل عنبرین نہین

جان ہماری جائیگی تمکو نہ عقل آئیگی
دیکھیے کیا دکہائیگی روز کی یہ نہین نہین

وامق و قیس مر گئے عشق مین نام کر گئے
سال کتے گذر گئے پر کوئی جانشین نہین

ورد و الم اوٹھا چکے آئے اجل تو آ چکے
قصۂ ہجر کہہ چکے ضبط دل حزین نہین

پاس صغیر خوشنان یاد کریں جو جان جان
لایق بزم مہوشان گو کہ یہ کمترین نہین

ضعف مین طاقت رفتار کہان
مین کہان کوچۂ دلدار کہان

گو کہ جنت مین ہون طوبی کے تلے
پر ترا سایۂ دیوار کہان

موسم گل مین چمن خالی ہے
پھنس گئی بلبل گلزار کہان

جان دے دیگا دولت پہ — جائے گا طالب دیدار کہان
نقد جان آج لٹاتا ہون کیون — ملگئی دولت دیدار کہان
کون شطرنج محبت جیتا ہے — لوٹ لے ایجان ترے ہار کہان

چھلکے آنکھون سے کہان ہونٹون ہون صغیر
پاؤن خاک قدم یار کہان

رنج ہوتا چار دن تو دل کو راحت چار دن — تم دکھا دیتے جو اٹھوار ہمین صورت چار دن
گال دونون آنکھین دونون لب دونون ہین — کسکو جینے دیگی ان آٹھون کی چاہت چار دن
وصل کی شب ہجر کی بیچارگی مٹ جائیگی — ہین غم و اندوہ و تکلیف و مصیبت چار دن
ہین اگر یون گالیان غصہ رکاوٹ برہمی — کب نبھے گی آپسے صاحب سلامت چار دن
گومتی کی کیا حقیقت ہی ابھی چوکا ہے — ہجر مین مجکو اگر ہو جوش رقت چار دن
پھر کہان یہ آستین دامن دستار جیب — اور کرلے شدتین ای دست وحشت چار دن
ہر کسیکا لیکے دل تو دو ہی دن مین پھر گیا — کب نباہی دوستی ای بے مروت چار دن
چھوکرسی بولی غزال ہوش کو اے ناصحو — یاد رہتی ہے یہان کسکو نصیحت چار دن
دہ سہ بارے صبح کو چالونمین آئی شام کو — ہو گئے یہ ہمسر روز قیامت چار دن
جاؤ تم ہر پنجشنبہ کو اگر درگاہ تک ہے — ہر مہینے مین میسر ہو زیارت چار دن

ابتدا سے ہے اگر اونکو کدورت ای صغیر
خیریت سے یہ نہین نبھنے کی صحبت چار دن

ہوشیارونمین نہین ہین یہ دیوانونمین ہین — اسے پری زلف پریشان کی پریشانونمین ہین
چال کسکی دیکھکر مین لوٹتا ہون باغمین — سبزہ پامال کی صورت خیابانون مین ہون

سونگھتا پھرتا ہون بوی زلف جانان ہر جگہہ
صورت باد صبا شہرونمین پہ الونمین ہون

اہل عالم مین تری جان بخشیون کی دہوم ہے
اے مسیحی عیسی خبر لے تیرے بیچاونمین ہون

حال میرا پوچھتے ہین دیکھنے جو آئے ہین
کیا کہون کس رشک آئینہ کے حیرانونمین ہون

عشق محرابی بہوونکا پتلیونکا دھیان ہے
مسجدونمین ہون خداوندا کہ بتخانونمین ہون

شعلۂ الفت جلاتا ہے مجھے کیون اسقدر
کونسا ہی شمع رو مین کسکے پروانونمین ہون

میرے مذہب کا نہ پوچھو حال کچھ اے زاہدو
مسجدونمین پارسا ہون رند میخانونمین ہون

خاک کو بہی جستجوے یار ہے مرنے کے بعد
مین بگولونکی طرح ابتک بیابانونمین ہون

اہل عالم دیکھنے آئے ہین مجکو اے صغیر
ایک دن اوسنے نہ دیکھا جسکے دیوانونمین ہون

صغیر کوے بتان مین نہ جاؤ عید کے دن
بڑے غضب کے ہین انکے بناؤ عید کے دن

تڑپ رہے ہین مہینون سے عاشق بیتاب
بلا بلا کے گلے سے لگاؤ عید کے دن

جو غیر ساتھ ہوے تو زمانہ دیکھے گا
مرا بگاڑ تمہارا بناؤ عید کے دن

برسوین روز تو بر آئی میری دل کی مراد
نہ آؤ تم تو ہمی کو بلاؤ عید کے دن

خطوط وصل مین لکھتا ہون عیدیونکی عوض
سیاہ ہوتے ہین دو چار تاؤ عید کے دن

گلے لگانے کا ہر روز کرتے ہو حیلہ
بہانہ کیا کروگے یہ بتاؤ عید کے دن

غزل صغیر نے بھیجی ہے یا مبارکباد
مغنیون سے اسیکو گواو عید کے دن

گرمیان جاتی ہین برسات کے دن آتے ہین
مے پرستو کہو کس بات کے دن آئے ہین

بھاگے جاتے ہین مشائخ حرم و مسجد سے
مستی رند خرابات کے دن آتے ہین

کار زمانے میں زمانے کئے ہی سرد و گرم
کبھی ململ کبھی بانات کے دن آتے ہیں

گرمیوں میں طلب وصل سے وہ کٹتے ہیں
کیوں مرے جانے ہو برسات کے دن آئے ہیں

کچھہ تو ہوگا مرے خالق کو لحاظ پیری
اے شب ہجر مناجات کے دن آئے ہیں

اے صغیر اب نکر اندیشۂ وصل و غم ہجر
متصل حل مہمات کے دن آتے ہیں

رہتی ہے بیخبری مجکو جہاں رہتا ہوں
ہجر میں یہ نہیں معلوم کہاں رہتا ہوں

صانع بت کبھی احوال جو پوچھے تو کہوں
اے خداوند طلبگار بتان رہتا ہوں

کوئی مبتلا نہو الفت میں بتوں کی اتنا
عقب رشتۂ زنار نہان رہتا ہوں

ہوں وہ دیوانہ کہ چرچا ہے ہر اک کوچے میں
باعث رونق بازار جہان رہتا ہوں

طالب وصل جو ہوتا ہوں تو فرماتے ہیں
مین گرفتار بلاے خفقان رہتا ہوں

کوچۂ گلبدنان میں ہوں میں وہ بلبل زار
صفت نکہت گلزار نہان رہتا ہوں

یاد چشمان سیہ مست ہے بیہوشی میں
بو تلیں رہتی ہیں ہمراہ جہاں رہتا ہوں

ہے جوانی میں مرے دل کو خیال پیری
فصل گلزار میں غمگین خزان رہتا ہوں

ہوں وہ بیکار کہ فرصت نہیں دم بھر کی صغیر
رات دن کام میں مانند زبان رہتا ہوں

شہر سے بستر اوٹھائیں ترک آسایش کریں
دل میں ہے دشت جنوں کی چل کے پیمایش کریں

ناصحوں کی ذلت باہیبت ہوا تنی ای خدا
میرے سمجھانے کے بدلے اوسکو فہمایش کریں

آدمی آیا ہے اس دنیا میں جانے کے لیے
چاہیے لوگوں کو ماتم وقت پیدایش کریں

ہے سبب منظور رلانے کو نہیں گر بہر زہین
دل میں ہے ملک عدم کی جا کے پیمایش کریں

واقعی زخمِ محبت سے ہین عاجز چارہ ساز
دل مین پھوڑا ہو تو کیونکر وہ آلایش کرین

اتنے تارے آسمانون پر نہ گلزار مین پھول
اور کیا داغِ فراقِ یار افزایش کرین

عشق مین دل کی طرف سے ہم وہ عالی ظرف ہین
ساری دنیا کے جو غم آئین تو گنجایش کرین

ڈوب کر دریاے الفت مین کبھی مر جاؤن گا
آشنا احباب مجکو لاکھ فہمایش کرین

پھر ہواے وحشتِ جنون ہر کہین کا اوٹھنا محال
ہم جریبِ ناتوانی سے جو پیمایش کرین

حالِ دل سب نظم کر کے بھیجدون مین اے صغیر
وہ کسی دن تو غزل کی مجسے فرمایش کرین

زخمیِ تیغِ نظر مجروحِ خنجر کے نہین
گھاو ہین سینے کے اندر جسم پر نشتر کے نہین

چکنے چکنے گورے گورے جسم ہین دل سخت ہین
کون کہتا ہے کہ یہ بت سنگِ مرمر کے نہین

ہم ہوے اوس سر زمین کی خاک تیری راہ مین
دیکھ پاے جس جگہ نقشِ قدم سر کے نہین

لکھتے لکھتے ہوش اوڑ کر لیگئے مضمونِ خط
اب تو ہم محتاج قاصد کے کبوتر کے نہین

یار کے گالون کو کیا نسبت مہ و خورشید سے
یہ بھی ہین چھوٹے بڑے دونون برابر کے نہین

کیون دُرِ اشک ابلے آتے ہین فراقِ یار مین
تشنۂ دیدار پیاسے آبِ گوہر کے نہین

حلقۂ گیسو ہین بالی کی طرح کانون کے پاس
فی الحقیقت آپ حاجتمند زیور کے نہین

وقتِ آرایش وہ کہتے ہین دمِ یاد صغیر
سونگنے والے مری زلفِ معنبر کے نہین

وصل کا خواب بھی تقدیر دکھانے کی نہین
کوئی دم نیند شبِ ہجر مین آنے کی نہین

دوستو حالِ دلِ زار کہون کیا اپنا
پوچھتے ہو وہی جو بات بتانے کی نہین

ناتوانی ہوئی اس درجہ غمِ فرقت مین
طاقت اب مجکو ترے ناز اوٹھانے کی نہین

چاہیے کنج قفس مین کوئی پہلو اے صیاد	آرزو مرغ گرفتار کو اڑنے کی نہین

ایسے بہلاتے ہین دل ایک جگہ وہ کہ صغیر
اب طبیعت کہین بھولے سے بھی آنے کی نہین

بارہا شربت دیدار پلا جاتے ہین	جب مسیحا مرے آتے ہین جلا جاتے ہین
جانتا ہون کہ وہ دے لعل و زمرد مجکو	ہاتھ سے اپنے گلوری جو کھلا جاتے ہین
ہم بھی کیا یاد کرینگے تجھے اے پیر مغان	آئے تھے ساغر بادہ نہ ملا جاتے ہین
کبھی کھلتا نہین دروازہ تمہارے گھر کا	لاکھ غل کرتے ہین زنجیر ہلا جاتے ہین
وہ جو آتے ہین کسی روز عیادت کے لئے	اپنے تعویذ مجھے دھو کے پلا جاتے ہین
سونے دیتے نہین وہ ایسی ہنسی کے قربان	قیدی عشق کی زنجیر ہلا جاتے ہین

اے صغیر اب ترے خالق کی نظر سیدھی ہے
جب وہ آتے ہین اودھر آنکھ ملا جاتے ہین

یون تیرے طلبگار ہین انسان ہزارون	جس طرح کہ دل ایک ہی ارمان ہزارون
بدنام کیا چاک گریبان جنون نے	پردہ جو کھلا بندھ گئے بہتان ہزارون
کیونکر غم وحدت کو نہ کہئے غم کثرت	دل ایک ہے اس دل مین ہین ارمان ہزارون
آگے تو فقط ناز اوٹھانے کو ہمین تھے	اب چاہنے والے ہوے ای جان ہزارون
مذبوح زخم خنجر ابروے بتان ہون	میرا ہے گلا ایک گریبان ہزارون
فرماتے ہین وہ ایک تمنا ہو تو بر آئے	اللہ ہی پورے کرے ارمان ہزارون
ایک ایک نیستان کو قلم کرکے بڑے ہم	وحشت نے دکھائے نئے میدان ہزارون
وہ مصحف رخسار ہے مطبوع خلائق	سچ کہتے ہین چھاپے گئے قران ہزارون

جو بکاتے تجھے وحشت مین اوسے لکھتے ہی جاتے
ہو جاتے صغیر آپ کے دیوان ہزارون

رات قصون مین بسر کرتے ہو دن باتون مین
نوبت وصل نہ آئی کبھی ان باتون مین

اے پری چھیڑ نکالی ہے وہی پھر شب وصل
صبح تک شام سے حجت رہی جن باتون مین

نالے کرتا ہون شب و روز تو دل کہتا ہے
ایکدن جان نکل جائے گی ان باتون مین

بک اوٹھون عالم وحشت مین تو آسانی ہو
اے غم ہجر گذر جائین گے دن باتون مین

سنتے ہین عمر ابد باتون مین کٹ جاتی ہے
پوچھیے خضر سے کیفیت سن باتون مین

نوبت بوس و کنار آئے گی یارب کبتک
یار آیا بھی تو گذری کئی دن باتون مین

سن لے اے دل سخن شیخ و کلام رندان
کوئی تو بات پسند آئیگی ان باتون مین

تیری وہ سحر بیانی ہے کہ انسان تو کیا
بند ہو جائے پری شیشے مین جن باتون مین

لطف ملتا ہے جو اشعار مزے کے ہون صغیر
ورنہ یے آپ ہین لذت نہین جن باتون مین

جان دی شوق رخ یار کے نظارے مین
سیل گریہ نے مجھے غرق کیا دھارے مین

یہ اثر ہے ذقن یار کے نظارے مین
یوسف دل کو گرایا ہے اس ندارے مین

آہ پیچان سے کمال دل سوزان کیا ہو
نقص رکھتا ہے دھوان ہے اگر انگارے مین

رونے سے اس دل بیتاب کی بیقدر رہی ہے
چاندی بنجائے جو پانی نرہے پارے مین

لخت دل پر صفت حسن رخ یار لکھون
چاہیے سورۂ یوسف اسی سیپارے مین

کب دوا اوس سے مٹا حال دل مضطر کا
بوسون نے بھی نہ تاثیر کی اس پارے مین

عہد طفلی سے مرے حق مین پریشانی تھی
جنبش زلف گرہ گیر تھی گہوارے مین

شب تاریک مین داغِ دل سوزان ہے چراغ
تھا جو آغاز مین آرام وہ انجام مین ہے
رزق دیتا ہے اوسے پیٹ بنایا جسکا
پاس جو چیز ہے وہ کام بہی آجاتی ہے
پیٹ پر لاد لیا باندہ کے جو کچہ پایا
وہ تہم داغِ جگر باعثِ گریانی ہے

یدِ بیضا کی تجلی ہے اس انگارے مین
اب ہین تابوت مین پہلے رہے گہواری مین
چوٹین کہانے کے لئے جوف ہی نقارے مین
دیدیا دل گنہ عشق کے کفارے مین
دامن وحشتِ جنون ہی مرے پشتاری مین
پانی آتا ہے خزانے ہی سے فوارے مین

اے صغیر اسکو کہون مین حسنِ فضلی کیونکر
وصل حاصل ہے مجھے روز اب اٹھواری مین

شہ ۱۲۹۶ افضلی

ذکر بتان کرون کہ مین یادِ خدا کرون
صد شکر طاقِ ابروِ جانان نظر پڑا
اٹہی پلادے اے مری ساقی مجھے شراب
وقت ہے ہنگی جنہا اپنا اسے بچۂ جنون
بے حکم پانہا اصل مطلب اگر نہین
اس جان لب پہ آگئی ہے یہ قول طبیب ہے
بیٹھو جو سامنے تو مین دیکہا کرون تمہین
دل ہے نشانہ تیر بلا کے صدمے اوٹہائین بہت

دربیش دو ہین کام اکیلا مین کیا کرون
کعبہ کدہر ہے سجدۂ باری ادا کرون
ہوجاے مستجاب جو حق سے دعا کرون
کب تک مین روز چاکِ گریبان سیا کرون
پہر کس لئے ہر ایک کی مین التجا کرون
کر یگا کرون علاج مین کس کی دوا کرون
پردے مین ہو تو ناز کی باتین سنا کرون
اپنی خطا ہے کیا مین کسی کا گلا کرون

اسکے سوا کچہ اور کہنا نہین جھوڑ ... صغیر
اونکے سنانے کے لئے غزلین کہا کرون

تیرے آنے کی تمنّا بخدا رکھتے ہین
روز ہم پھول مسہری مین بچھا رکھتے ہین

کیا ہوا اُنکو جو دعویٔ خدائی ہے بتو
ہاتھ ہم بھی پئے تسبیح و دعا رکھتے ہین

کبھی تو لائیے تشریف ادہر بہولے سے
خانۂ دل مین جگہ اہلِ وفا رکھتے ہین

آتشی شیشے ہین شاید کہ بتون کے سینے
ظاہرا صاف ہین پر دل مین غبار رکھتے ہین

آب بوسے سے ہمین ہوگی حیاتِ ابدی
خضر رہنے دین اگر آبِ لبِ تار رکھتے ہین

پھرون بہلاتے ہین قاصد جو مرا جاتا ہے
نامہ پڑھتے نہین مٹھی مین دبا رکھتے ہین

کیا شبِ وصل مین حاصل ہو مجھے بوس و کنار
صبح ہو جاتی ہے باتون مین لگا رکھتے ہین

ضبط کر نالۂ سوزان کو تو یون سینے مین
جس طرح آگ انگیٹھی مین دبا رکھتے ہین

شدتِ جورِ بتان سے نہین تشویش صغیر
ہم بھی اُمیدِ عنایاتِ خدا رکھتے ہین

کسی سے کام نہین تم سے کام رکھتے ہین
بلا سے لوگ اگر ہمکو نام رکھتے ہین

تلاشِ دیر و حرم کی تلاش سینہ و چشم
پتا نہین کہ کہان وہ قیام رکھتے ہین

کھلا رہو کہ نہو پاس غم نہین ہمکو
بغل مین شیشۂ بادہ مدام رکھتے ہین

حضور سے کوئی وعدہ نہو سکا پورا
شکایتِ سخن ناتمام رکھتے ہین

جنون مین گھر سے کبھی کا نکل گیا ہوتا
رفیق و دوست مجھے تمام تمام رکھتے ہین

وہ بادہ کش ہین کہ ہم واقفِ خمار نہین
ہر آن سامنے لبریز جام رکھتے ہین

زبانِ بسملِ تیغِ ادا سے جاری ہے
تمام کر کے مجھے ناتمام رکھتے ہین

کباب و بادہ سے افطار کرتے ہین ہم مست
کبھی جو روزۂ ماہِ صیام رکھتے ہین

ہٹا کے زلفِ معنبر دکھا دو گال اپنے
کہ لوگ تہمتِ ماہِ تمام رکھتے ہین

[illegible] ان [illegible]
[illegible] اپنے گرد حشم و خدام رکھتے ہین

[illegible]
[illegible] صبح مین بھی نور شام رکھتے ہین

[illegible]
[illegible] جو بیت الحرام رکھتے ہین

[illegible]
[illegible] حضرت خیر الانام رکھتے ہین

[illegible] سا کوئی نہین
ایک ہین تو مرتضیٰ ہین دوسرا کوئی نہین

[illegible] دوسرا
جز علی شیر خدا [illegible] کوئی نہین

[illegible] سے لیے
غیر حیدر جانشین مصطفیٰ کوئی نہین

[illegible] اقتدار
لا جواب و لا مثال ان کے سوا کوئی نہین

[illegible] اقرار ہے
جز علی مرتضیٰ مشکل کشا کوئی نہین

[illegible] سے یہی
صاحب شمشیر غیر مرتضیٰ کوئی نہین

[illegible]
[illegible] نصیری [illegible] کوئی نہین

[illegible] کے سوا
واقف اسرار [illegible] کوئی نہین

[illegible] آفتاب
یون شہ مردان سے محروم عطا کوئی نہین

[illegible] کس طرح اس [illegible] صغیر
یا علی حلال مشکل آپ سا کوئی نہین

[illegible] نہین [illegible] سر نہین
جاتے کی جان تھین کچھ خبر نہین

[illegible] زلف تو پوشیدہ ہو گئی
اے جان بال کی بہت برابر کمر نہین

کیا پوچھتے ہو [illegible] فرقت کو دوستو
وہ کون سی گھڑی ہے کہ رومال تر نہین

پھر شب وصال دعا کرکے تھک گئے
کیسی ہے یہ زبان کہ جس میں اثر نہیں

محشر کے روز سے بھی سوا طول ہو گیا
شام شب فراق کی یارب سحر نہیں

درد جگر کو سینے میں اوٹھنا محال ہے
طاقت فراق یار میں اسپند کو نہیں

کیوں زرد ہوگئے جو لئے ہو نہ راز صغیر
پھر اور کیا ہے عشق کسی کا اگر نہیں

کیوں ڈبوئے نہ مجھے دیدۂ تر پانی میں
آبرو پانی ہے مانند گہر پانی میں

خشک و تر میں جو پڑا اون لب و دندان کا عکس
لعل پتھر میں ہوئے اور گہر پانی میں

بارش دیدۂ نمناک سے نالاں ہیں لوگ
بہ گئے اگلی برس سیکڑوں گھر پانی میں

غرق دریائے محبت ہوں مجھے کیا سوجھے
واقعی ہوتی ہے بیکار نظر پانی میں

چشم نمناک نے جنگل میں بہائے دریا
بول اے خضر جنوں جاؤں کدھر پانی میں

بارش دیدۂ گریاں ہوئی بعد شب وصل
میرے گھر سے وہ گئے وقت سحر پانی میں

اے جنوں دشت میں یوں آبلۂ پا ٹوٹے
راستے ڈھونڈھتے ہیں اہل سفر پانی میں

دل کو منظور ہے اوس زلف رسا کی تسخیر
شب کو پڑھتا ہوں عمل تا بکمر پانی میں

آبرو صحبت ہمجنس میں کس نے پائی
نظر آئی نہ کبھی آب گہر پانی میں

گل امید نہ پھولا صفت غنچۂ دل
اثر اشک سے بہتر ہے اثر پانی میں

دل مضطر کو دم گریہ نہ تھاموں کیونکر
لوگ لیتے ہیں مکانوں کی خبر پانی میں

میرے واسوخت کے پرزے یہ بہاکے کس نے
کرۂ نار ہے ایک ایک بھنور پانی میں

ایک دن بارش گریہ سے نہ پائی فرصت
اے صغیر اپنی ہوئی عمر بسر پانی میں

مر کے بھی اپنی شکستہ خاطری کی حد نہین
لختہاے دل ہین خشت گنبد مرقد نہین

بیقراری نے ترے جانباز کا چھوڑا نہ ساتھ
واقف آرام خواب بستر مرقد نہین

مجکو اشک شمع کا قطرہ بہت ہی بعد مرگ
لاغری ہین احتیاج گنبد مرقد نہین

منزل اول لحد سے یہ ہمین ثابت ہوا
میل راہ عشق ہے سنگ سر مرقد نہین

یون تڑپتا ہون پس مردن کہ ہلتی ہی زمین
کچھ مجھے خوف گزند گنبد مرقد نہین

بیکسی اس قدر چھائی ہے ہماری قبر پر
کون ہے جسکو شکوہ نکیرۂ مرقد نہین

نام اپنا صفحۂ ہستی سے ایسا مٹ گیا
کچھ نشان گنبد سنگ سر مرقد نہین

اس امر کے واسطے منہ چاہیے ای جاجیو
بوسۂ رخسار جانان بوسۂ اسود نہین

اے صفیر آگہت نہین واقف ہین وہ یار
کان اب تک آشنائی مژدۂ آمد نہین

یار سے صورت وصال نہین
کونسا روز مجکو سال نہین

کیون چھپے ہین انار سینہ پہ
قد تمہارا اگر نہال نہین

خاک کھاؤن کباب اے ساقی
بے مے تک مجھے حلال نہین

کیون ہے دام نقاب آنکھون پر
یہ چپکا ہے نہین غزال نہین

کس قدر دل کو دوست رکھتا ہون لیکن
مجکو دشمن سے بھی ملال نہین

شک دل شکن سے صاف ہو کیونکر
کہین اس آئینے مین بال نہین

قول میرا ہے بوسہ لے تو نکال
یار کہتا ہے یہ مجال نہین

کیون ہین مشتاق دید اہل جہان
طوق تیرا اگر ہلال نہین

آپ پیدا ہے راست ہو قد پر چشم
ماہ نو کے لیے زوال نہین

بدر کیونکر کہون [illegible]
[illegible] کمال نہیں

سالک منزل فنا [illegible]
[illegible] زوال نہیں

خاکسارون کو کیا غرور [illegible] کا ہم
اسکے [illegible] مثال نہیں

معصیت نے ڈبو دیا سب کو
عرق شرم [illegible] انفعال نہیں

سکۂ داغ بڑھتے جاتے ہین
دولت عشق کو زوال نہیں

دام گیسو مین کیا پھنساؤن دل
زندگی [illegible] وبال نہیں

یہ ہے قسمت کا پھیر اے قاضی
[illegible] جلال نہیں

شعلۂ طور کا نمونہ ہے [illegible]
نور آئینۂ جمال نہیں

خواب غفلت مین ہو صغیر ابتک
عہد پیری کا بھی خیال نہیں

کیا کہین جائین کہان حالت ناشادی مین
جو ہے ویرانے مین عالم وہی آبادی مین

سنگ اطفال سے اے جوش جنون بچ کے رہون
اب تو رہنا مجھے دشوار ہے آبادی مین

ہون وہ لاغر کہ دم ذبح سما جاؤن مین
بال پڑ جائے اگر خنجر فولادی مین

کیون نہ آفت سے بچین خاک نشین صحرا
بنتے ہی نقش قدم مٹتے ہین آبادی مین

جو برے ہین وہ نہین قابل صحبت ہوتے
مسکن بوم نہ دیکھا کہین آبادی مین

بھر گیا دشت جنون خیز بس اے دیدۂ تر
آمد سیل کی اب دہوم ہے آبادی مین

نہ کہو یوسف ثانی نہ کہو حور سرشت
شبہہ ہوتا ہے ہمین اونکی پریزادی مین

اے صغیر اہل لطافت کو تکون کب ہے
بوے گل ایک ہے ویرانہ و آبادی مین

سودائی ہو جاتا ہون میں تیرا دیکھ کے کاجل چشم جادو
سمجھ [illegible] چپ ہو جاؤنگا پھنس لگا کا شغل آہو مین

لگا [illegible] آل دل ہم خیال تیغ ابرو [illegible]
[illegible] ستم [illegible] کے پہلو مین

[illegible] حسن حبیب تیرہ کو [illegible] آئی
[illegible] گر زلف آہو مین

تھا رستہ دل [illegible] ہو یا بہار رخ [illegible]
[illegible] الٹ کر و پہلو مین

زلف شان [illegible] چوٹ کرا دیکھ [illegible]
[illegible] طاق ابرو مین

درد دل تیرا [illegible] پہ ہم اس طرح بیٹھے
[illegible] آیا [illegible] کا رگ [illegible] زانو مین

[illegible] گی مین [illegible]
گذر جائیگی ساری عمر قید عشق گیسو مین

[illegible] کیا [illegible] کر
اثر یہ کر رہا دل خانۂ تعویذ بازو مین

[illegible] گیسو [illegible] دل پہ [illegible]
نکل جائے نہ صحرا کو لپٹ کر بوئے گیسو مین

صمغ الفت سے بالون کی کیا ہے سینہ اب خالی
جگہ پائی ہے دل نے خانۂ تعویذ گیسو مین

دل مین تیرے سینے مین ارمان رہا کرتے ہین
ان رفیقون مین ہم ایجان رہا کرتے ہین

دل سے کم ہوتی نہین حسرت و یاس و غم و درد
سالم اس بحر کے ارکان رہا کرتے ہین

میری آنکھون مین ہر اک مصحف رخ کا ہی خیال
یہ وہ جزدان ہین کہ قرآن رہا کرتے ہین

دل عشاق مین یون رہتے ہین ہنسنے والے
پاس بن بن کے سب ارمان رہا کرتے ہین

طوق گردن ہوئی تصویر خم ابرو کی ہے
دو پہرے ان روزون گریبان رہا کرتے ہین

ذکر وہ کرتے ہین میرے قد خم گشتہ کا
یاد خاتم مین سلیمان رہا کرتے ہین

خانۂ دل مین کبھی دخل خوشی کیونکر ہو
غم و اندوہ نگہبان رہا کرتے ہین

کوئی بھولے سے نہ کوچۂ گیسو مین مقیم ہے
کیا کہین کیسے پریشان رہا کرتے ہین

باندھے پھرتے ہو جو تم تیغ و کمان و خنجر
اس تنِ کشتہ کے لئے سامان رہا کرتے ہین

قیدِ ہستی سے رہائی ابھی کیونکر ہو جائے
ملک الموت نگہبان رہا کرتے ہین

کام آتے نہین وحشت مین حواسِ خمسہ
ہم ہمہ ساعت مین پریشان رہا کرتے ہین

چھا لیا ہے غم و اندوہ نے میرے دل کو
کتخدا اپنے یہ مہمان رہا کرتے ہین

سند صحتِ الفاظ کی کیا فکر صغیر
پاس اوستاد کے دیوان رہا کرتے ہین

ردیف واو

زمانہ دیکھکر صورت تمہاری کیون نہ مائل ہو
یہی ہے نور سے خورشید رو سے ماہ کامل ہو

طفیلِ دل ابھی کیا جانئے کیا کیا نہ حاصل ہو
نہ آوارہ ہمارا سا کسی انسان کا دل ہو

بہار آئی کرو قید اپنے دیوانونکو باغون مین
ادہر زنجیر کا غل ہو ادہر شورِ عنادل ہو

اشارہ کس کے سمجھانیکو تو کرتا ہے اے ناصح
بہر صورت مین سمجھاؤن جو کہنے مین اول ہو

جو دورِ چرخ آئے پھر وہی سیر راست بازی کی
وہی صحبت وہی ساقی وہی سامانِ محفل ہو

تمنائے دلِ عاشق کبھی کوئی تو بر آئے
ہم آغوشی نہین ہوتی قدمبوسی تو حاصل ہو

کسی پر دل جو آجائے چھپانا منہ کا کھل جائے
عماری ہو نہ پردہ ہو نہ ہودج ہو نہ محمل ہو

تمہاری تیغِ ابرو سے نہ کیون آدمی زخمی
پری دیکھے تو گھائل ہو ملک دیکھے تو بسمل ہو

صغیر اب بارگاہِ حق مین ہے یہ التجا ہر دم
بحقِ احمد و حیدر ہر اک آسان مشکل ہو

مبتلائے حاصل و محصول ہو
تم فلک کس شغل مین مشغول ہو

بلبلِ شیدا کا نغمہ ہے یہی
باغ مین ایک ایک کانٹا پھول ہو

سجدہ گہ ہو یار کا نقشِ قدم — تو تیا نقشِ قدم کی دھول ہو
اور یہ جی چاہتے ہین آپ کیا — جان جاتی ہے اگر مقبول ہو
مشتری ... پہ کا ... ہو گیا — روزِ ہجران کا سوا کیا طول ہو

یا رب محبت اور دردِ ہجران سے صفیر
یا الٰہی یہ دعا مقبول ہو

سنا جو جہان بلبل نے دو وآہ سے ہمکو — تو بولے اسمین بھی ہین اشتباہ سے ہمکو
ابھی سر آنکھون سے آتے ہین ہم بیابان گرد — بلایئے تو محبت کی راہ سے ہمکو
برنگ سبزہ بھی پامال وہ نہین کرتے — حقیر سمجھے ہین برگِ گیاہ سے ہمکو
اوٹھین گے دیکئے کیونکر جہانِ فانی سے — یہ احتمال ہے بارِ گناہ سے ہمکو
برنگِ شمع تمہین دور ہی سے دیکھین گے — ہٹائے دیتے ہو کیون خوابگاہ سے ہمکو
پکارے کبھی دیوانہ کہکے اے شہِ حسن — ملے خطاب تری بارگاہ سے ہمکو
خدا غفور ہے اسے زاہد و سمجھ لے گا — ثواب سے تمہین مطلب گناہ سے ہمکو
غمِ فراق کے باعث بدل گئی صورت — بلایئے تو کبھی اشتباہ سے ہمکو

ازل سے تا بہ ابد ہے جو قبلۂ عالم
صفیرِ عشق ہے اوس بادشاہ سے ہمکو

کہتے ہین جس کو گوشِ بتِ سیمبر کی لو — میری نگاہ مین ہے چراغِ سحر کی لو
موتی تمہارے بندون کے وہ آبدار ہین — بجھ جائے دیکھ لے جو چراغِ نظر کی لو
دشواری وصالِ بتان راہ بر ہوئی — دل سے لگی ہے خالقِ جن و بشر کی لو
مانندِ آہ عرشِ برین تک پہونچ گئی — لپکی جو شمعِ قبرِ شہیدِ نظر کی لو

وقت وداع یار جو ترپا دل حزین
اک دن جو اوس آرسی میں واسنے دیکھیے
غش سے کسی گھڑی مجھے فرصت نہیں فریا
یارب جواب یار نے کس روز لائے گا
اوس رشک آئینہ نے دکھائی جدھر کمان
تنکے سے [illegible] انگ میں لی جو کان میں

[illegible] مثل [illegible] سحر کی ہو
[illegible] کی ہو
ایسی آگی [illegible] کی ہو
[illegible] کی ہو
دیکھی [illegible] کی ہو
چمک [illegible] کی ہو

لو اک پڑھ کے دم کر دے سینے پہ [illegible]
[illegible] کی ہے دل میں الفت خیر البشر کی ہو

تری گلی کے سوا کب قرار باغ میں ہو
گلابی جام سے میں لیکو جو اوڑ کر دو ال
مقام حیف ہے اسے چرخ تفرقہ پرداز
نہ پوچھو حال ہوا خواہ شام گیسو کا
اگر پڑے مری خاکستر [illegible]
مکان میں [illegible]

اگر ہزار طرح کی بہار باغ میں ہو
عجب بہار شب [illegible]
قفس میں بلبل [illegible]
نسیم صبح [illegible] گوار باغ میں ہو
[illegible]
[illegible]

وہ چین کر [illegible] میں چاہو نہیں [illegible] پاس
[illegible] کر لیے تم اشکبار باغ میں ہو

وحشت میں کیا بیان کروں اضطراب کو
باتیں جو کرتے ہیں تو وہ آنچل کی [illegible]
[illegible] تو تیرے جسم سے مانند بو نہیں

[illegible] دل [illegible]
[illegible]
پانی کہوں پسینے کے آگے [illegible] کو

شکر خدا کہ رندون کی قسمت پلٹ گئی
انکار وصل سنکے یہ تڑپا کہ جان دی
بیہوشی فراق سے مٹی مین ملگیا
گھر مین ہے باغ پھول کی کیاری بوتا ہے
محرم سے ہاتھ اوٹھاکے یہ بہلاتے نہین مجھے
چھین چھین کے مجکو شربت دیدار ملگیا

بارش ہوئی جو نشے مین اولٹا شراب کو
دہوکا ہوا سوال مین سمجھا جواب کو
بستر کی احتیاج نہین مست خواب کو
ہم بوسے گل سمجھتے ہین بوئے شراب کو
ہوتا ہے دست موج سے خطرہ حباب کو
صافی نہ کہہ سکا مین تمہاری نقاب کو

سب مین تمہین کو خانہ بدوشی ہوا ہے صغیر
شیشہ ملا گلاب کو بوتل شراب کو

اوسکی گلی سے فرق دم واپسین نہو
نیند آئے گر تو پھینک دون آنکھین نکالکے
تم ایک بوسے کے لئے انکار کر گئے
قرآن اگر اوٹھاؤ تم اقرار وصل مین
ہم تو مثال کبک ترے محو حسن ہین
ہم خاک ہوگئے ہین حسینان دہر پر
سچ پوچھیے تو قیس کی اچھی گذر گئی

مانگے وہ خلد جس کو ٹھکانا کہین نہو
جب تک مری بغل مین کوئی نازنین نہو
ہم سے جو مانگو جان تو صاحب نہین نہین
اے جان جان تسلی جان حزین نہو
تجکو نہین خیال تو اے مہ جبین نہو
کیونکر غبار غازہ روے زمین نہو
میری طرح مگر کوئی صحرا نشین نہو

صبح شب وصال مین روتا ہون مین اگر
کہتا ہے وہ صغیر تو اندوہگین نہو

دو دو دل غم مین جو اے مشفق من پیدا ہو
باغ مین بال جو تم دہو تو ہر غنچے سے

چرخ نو اور نہ چرخ کہن پیدا ہو
نکہت نافۂ آہوے ختن پیدا ہو

لذتِ گریۂ فرقت میں تمنا یہ ہے
اشکِ حسرت عوضِ خون بدن پیدا ہو

کثرتِ داغِ جنون ہو ترے سر تا بہ قدم
پردۂ غیب سے پیراہنِ تن پیدا ہو

وہ گل اندام جو پہنے و لام کی کرتی پہنے
مثلِ گل بو سے گلِ رنگ بدن پیدا ہو

خوش قدون سے کبھی امید نہین بر آتی
نہین ممکن کہ گلِ سرو سے چمن پیدا ہو

دیکھنے والون کو حیرت ہو کہ یہ چھالا ہے
آئینے مین جو ترا نقشِ دہن پیدا ہو

حسرتین دل مین رہی جاتی ہین مجبوری سے
بوسے لون جو ذرا نقشِ دہن پیدا ہو

چشمِ محبوب کے سودے مین نکل آیا ہون
کوئی تو وادیِ وحشت مین ہرن پیدا ہو

قدردانی ہو زمانے مین نشانِ غم کی
داغ مثلِ پرِ طاؤس چمن پیدا ہو

نخلبندِ چمنِ حسن کو منظور یہ تھا
سرو قامت مین ترے سیبِ ذقن پیدا ہو

ہون وہ دیوانہ و وحشی کہ پسِ مرگ صغیر
خود بخود چاکِ گریبانِ کفن پیدا ہو

کون ہے یاد جو دلوائے ستمگارون کو
کس لیے بھول گئے اپنے گرفتارون کو

مژہ و ابروِ جانان کے اشارے یہ ہین
راستی تیرون کو خم چاہیے تلوارون کو

قیدِ الفت سے رہائی نہو مرتے مرتے
اے پری رو یہ تمنا ہے گرفتارون کو

مرتے دم تک نہ ملا شربتِ دیدارِ مسیح
کبھی صحت نہوئی عشق کے بیمارون کو

شمعین رونے لگین پروانونکے جل جانے سے
بیوفاؤن نے کیا یاد وفادارون کو

آج آنکھین مری مشتاق ہین کس یوسف کی
رو کے لبریز کیا سیکڑون اندارون کو

اے خوش آواز یہ ہے دھوم تری گانی کی
روز سنواتے ہین صیاد گرفتارون کو

داغِ سینہ جو دہکتے ہین تو رو دیتا ہون
اسی پانی سے بجھاتا ہون ان انگارونکو

ہیچ آفت نرسد گوشۂ تنہائی را ؎
اے صغیر اور تو کیا دیکھ لیا یارون کو

عاشق زار [illegible] جانے دو
گھر کو جاتے ہو تو پہلے مجھے مر جانے دو

کوئی دم کوئی الم پاس نہین آنے کا ؎
زندگی عالم وحشت مین گذر جانے دو

ایک مدت سے پڑا ہے ہوس [illegible] مین
اب تو چلے کو کمانون سے اوتر جانے دو

زندگی خاک ہے جب لطف نہین جینے کا ؎
جان جاتی ہے غم ہجر مین مر جانے دو

دل بیمار کو تاثیر دوا بخشے گی ؎
تیغ قاتل کو گلے سے تو اوتر جانے دو

دیکھنے کیا ہوا ابھی میری پریشانی کو ؎
بال زلفون کو ذرا اور بکھر جانے دو

ملک الموت کو پھر دور کہان تک ٹالون
وہ کئی دن سے یہ کہتے ہین کہ گھر جانے دو

ہاتھ آئی ہے بہت دن مین شراب شب وصل
آج تو ساغر امید کو بھر جانے دو

ہو گی صحرا سے بدتر نہین آبادی شہر
دوستون کو مری وحشت کی خبر جانے دو

خون دل تھوک کے مایوس نہو جاؤ صغیر
آپ وہ آئینگے پرچہ تو گذر جانے دو

ردیف ہاے ہوز

ایکدن سونے نپائے اوس بت پرفن کے ساتھ
دم نکل جائے نہ کیونکر نالہ و شیون کے ساتھ

ہے جگہ جو دل مین راحت کی وہی ہے رنج کی
مجکو الفت ہے برابر دوست دشمن کے ساتھ

ہے وہان جوش جوانی ہے یہان جوش جنون
میری بھی شہرت ہوی ہے یار کے جوبن کے ساتھ

یہ گریبان ابروے خمدار کی تصویر ہے
رات دن تلوار رہتی ہے مری گردن کے ساتھ

شکل مہر و ماہ شرمندہ ہے تیرے سامنے
بحث کرتا آئینہ کیا چہرۂ روشن کے ساتھ

گا کے وہ برسات مین مجکو رولاتے ہین صغیر
سجھواتے ہین کبھی بھادون کبھی ساونکے ساتھ

وصل قمری جو نظر آئے گا شمشاد کے ساتھ
جان بلبل کی نکلجائے گی فریاد کے ساتھ

کروٹین لیتے ہین دن رات اسی درد سے ہم
سونے پائے نہ کبھی اوس ستم ایجاد کے ساتھ

کوئی کرتا نہین دنیا مین کسی سے یہ سلوک
جو کیا آپ نے میرے دل ناشاد کے ساتھ

طرفہ تاثیر دکھائی یہ مرے سودے نے
زلف بل کھاتی ہے زنجیر کی فریاد کے ساتھ

مثل جان یار کے بے آئے نہ نکلے گا لہو
نوک مژگان بھی چبھے نشتر فصاد کے ساتھ

دیکھکر حسن بتان کیون گرے پڑتے ہو صغیر
اوٹھ کھڑے ہونگے بہت فتنے اس افتاد کے ساتھ

اہل فن کو بیشتر ہے علم و فن سے فائدہ
باغبان کو کیا گلستان سخن سے فائدہ

لطف سیر بوستان سے دیدۂ نرگس کو کیا
گوش گل کو نغمۂ مرغ چمن سے فائدہ

میرے آگے وامق و خسرو کی باتو نسے حصو
قیس کے قصے سے ذکر کوہکن سے فائدہ

گلشن داغ درون مین آب پاشی ہو گئی
کس قدر ہے بوسۂ چاہ ذقن سے فائدہ

عالم غربت مین جنگل کی ہوا شہرونکی سیر
ہر طرح ہے گردش چرخ کہن سے فائدہ

شعلۂ رخسار تابان سے ہے روشن سب مکان
یار کے آگے چراغ انجمن سے فائدہ

نشۂ عشق جوانی قوت پیری ہوا
واقعی ہوتا ہے صہبائے کہن سے فائدہ

یاد زلف مشک بو مین جب تسلی بھی نہو
اے جنون پھر سیر صحرائے ختن سے فائدہ

سچ تو ہے دونون برابر ہین اگر پروا نہو
بت سے کیا نقصان دل کیا برہمن سے فائدہ

دشت وحشت مین کمر دیکھی کبھی دیکھی وہ آنکھ
نفع یہ چیتے سے ہی یہ ہے ہرن سے فائدہ

نساک کوئی یار نے پوشاک پہنائی مجھے
اے ہوس اب خواہشِ رختِ بدن سے فائدہ

مٹ گئین بدنامیان معدوم ایسے ہوگئے
یہ ہوا اے لاغریِ عشقِ وہن سے فائدہ

فاتحہ پڑھتے ہین آ آکے ہمارے گور پہ
آج تنگ ہے دستِ یارانِ وطن سے فائدہ

بعدِ مردن عالمِ وحشت کہان باقی رہا
دوستو چاکِ گریبانِ کفن سے فائدہ

چھوڑئیے سو کام پر یار ونسے ملئے ای صغیر
ہر طرح ہے صحبتِ اہلِ سخن سے فائدہ

ردیف یاے تحتانی

زندگی بھر نہین اس کوچے سے جانے والے
تھک کے بیٹھے ہین ترے ناز اوٹھانے والے

عاشقِ سوختہ جان دور کھڑا جلتا ہے
پاس بیٹھے ہین وہان آگ لگانے والے

گور مین مجکو اوتارا تو وہ بولے رو کر
اوٹھ گئے آج مرے ناز اوٹھانے والے

کون کہتا ہے کہ جلتا ہے فقط پروانہ
آپ بھی جلتے ہین عاشق کو جلانے والے

مہندی ملنے کا بہانہ ہے فقط غیر و نسے
ہاتھ ملتے ہین مرے سوگ بڑھانے والے

تیری صورت بھی دکھاتا مین برنگ یوسف
آج ہوتے جو زلیخا کے زمانے والے

وہ گل اندام کسی روز جو منہ دھو جاتا
ڈوبتے عطر کے دریا مین نہانے والے

مانعِ قاعدۂ عشق کوئی بھی نہوا
عہدِ طفلی مین بہت آئے پڑھانے والے

مار ڈالے گا غمِ ہجر تو کیا دہشت ہے
میرے عیسیٰ تو ہین مردے کے جلانے والے

سننے والون کو بہت یاد تو آئے گا صغیر
جس گھڑی تیری غزل گائین گے گانے والے

تجھسے جب تک محبت رہے گی
کچھ نہ کچھ دل پر آفت رہے گی

چال دیکھونگا جب تک تمہاری
ناصحو مغز کرتے ہو خالی
روح آئے گی تیرے گلی مین
کوئی بوسہ نپایا تمہارا
بھول جاؤنگا قرآن سارا
مین نہ بھولونگا جنت مین تمکو

میرے حق مین قیامت رہیگی
یاد کس کو نصیحت رہے گی
جان جائے گی الفت رہے گی
تا ابد گو حسرت رہے گی
یاد یوسف کی صورت رہے گی
حور سے بہی جو صحبت رہے گی

اے صغیر اپنے اشعار لکھہ جا
خلق مین تیری شہرت رہے گی

سمائی جو دل مین محبت تمہاری
تمہارا طلبگار عالم کو پایا
تم اے ناصحو کہتے ہو اس سے زیادہ
تمہارا افسانہ سُنا بلبلون سے

نظر آئی معنی مین صورت تمہاری
نظر آئی کثرت مین وحدت تمہاری
اگر کوئی سنتا نصیحت تمہاری
گلستان مین دیکھی حکایت تمہاری

کبھی تو صغیر اوس کا سایہ پڑے گا
سنے گی جو رستے مین تربت تمہاری

رہنما غیب سے ہم عشق مین پاتے آئے
عہد طفلی سے غم ہجر اوٹھاتے آئے
روز اول سے محبت نے بنایا مزدور
ناتوانی مین جو ہم کوچہ جانان سے پھرے
خم کے خم نے کے چلے پیر مغان کے گھر سے

خضر راہ در محبوب بتاتے آئے
تا دم زیست سدا عشق کی پاتے آئے
بار رنج و غم و اندوہ اوٹھاتے آئے
حال لوگون کو اشارے سے بتاتے آئے
جام کے جام زمانے کو پلاتے آئے

کس طرح دل کی تمنا کوئی بر آئے صغیر
میرے گھر آئے تو وہ نیند کے ماتے آئے

ہرن کہیں تشنوں سے ای بت گلفام ملتا ہے
ترا ہی تیری آنکہ وقت تو بادام ملتا ہے

کہاں ہے وہ بہار گل کہاں وہ نغمہ بلبل
کہ کب کا کب بہا سے گردش ایام ملتا ہے

تواضع جو کرے تعظیم اوسکی چاہیے کرنی
صراحی جہکتی ہے تو اوسکو جام ملتا ہے

تمام سنہ آئے تنے ہم پہر عدم کا اب ارادہ ہے
بہت مدت کے بعد آغاز سے انجام ملتا ہے

بتوں کی یاد دیتی ہے پتا یاد الہی کا
کوئی کیا جانتا ہے کفر سے اسلام ملتا ہے

کیا ہے ناتوانی نے مجہے خانہ بدوش ایسا
جہان میں تجہہ رہتا ہوں وہیں آرام ملتا ہے

صغیر اک بوسہ رخسار اور اک بوسہ کاکل
جو یومیہ ہے تیرا آج کو صبح و شام ملتا ہے

خدا کی شان ہی دم بہ نہیں کوئی صنم خالی
ہر اک شیخ و برہمن سے ہوئے دیر و حرم خالی

خیال زلف ساری رات ہی تو یاد رخ دن بہ
نہیں رہتا ہمارا خانہ دل کوئی دم خالی

بہت گہبراونگا گو حور و غلمان سے بہرا ہوگا
نظر آئیگا بے تیرے مجہے باغ ارم خالی

ادہر شاخوں سے پہل ٹوٹے ادہر دو نخل پہل لگے
زمانے میں نہ دیکہا دست ارباب کرم خالی

یہ رویا میں کہ مغز استخوان تک بہ گئے تن سے
نہ بہیجا اوسنے خط میں ہڈیاں مثل قلم خالی

صغیر آٹھوں پہر مجکو علی کا دہیان رہتا ہے
خدا کے نور سے دل کو نپایا کوئی دم خالی

ہجوم داغ سے دل لالہ زار دیکہہ چکے
فراق یار میں کیا کیا بہار دیکہہ چکے

کئے تو سیکڑوں اقرار پر نہ آئے کبہی
ہزار سن چکے وعدے ہزار دیکہہ چکے

کبھی تو ہوتے ہو ناخوش کبھی مناتے ہو
بگاڑ دیکھ چکے اور بہار دیکھ چکے

تو ہے وہ بُت کہ دلونمین ہی گھر بناتا ہے
خدا کے گھر مین ترا اختیار دیکھ چکے

کیا ہے جور جو زخمون سے دم نکلنے دو
خزان بھی دیکھتے جاؤ بہار دیکھ چکے

صغیر دل مین ہوس کچھ نہین مرے باقی
جفائے چرخ و عنایاتِ یار دیکھ چکے

پھولونکی چادرین ہون مسہری تنی رہے
بالائے گور چھاؤن شجر کی گھنی رہے

آتش فشان ہین نالے اسیرانِ باغ کے
کیونکر نہ لال اب قفسِ آہنی رہے

کہتا ہون اپنے یار سے مین حالِ اشتیاق
اے ضبطِ دل مین بات کہان تک ٹھنی رہے

کس درجہ مشتعل ہین مرے داغہائے دل
غالب تو ہے کہ قبر مین بھی روشنی رہے

صیاد دیکھ تازہ اسیرِ قفس ہون مین
دامان برگِ گل کی ابھی بستنی رہے

وہ ولولہ نہین ہے وہ پروا نہین ہے اب
بگڑی رہے حضور سے چاہے بنی رہے

بیٹھے جو رات کو وہ بھبھوکا میانِ بزم
چونک کے طور چار طرف روشنی رہے

ہم واقفِ عیوب ہوے حرفگیر سے
وہ دوست ہے جو مستعدِ دشمنی رہے

مجکو شبِ فراق مین کیا کام چاند سے
وہ جس مکان مین ہون وہین چاندنی رہے

احسان ہو جو بعد وہ پھر ایسا ہوا
کب تک غمِ فراق مین یہ جان کنی رہے

چھوڑا جو مال و زر تو یہ لازم ہوا اے صغیر
نقدِ سخن سے فقر مین اب دل غنی رہے

سرگشتگانِ الفت لاکھون وطن سے نکلے
بلبل چمن سے نکلی آہو ختن سے نکلے

شیشے سے عطر نکلا قطرے بدن سے نکلے
بو پیرہن سے نکلی معنی سخن سے نکلے

اے شاہِ خوبرویان سُن سُنکے تیری آمد
نکلے گھروں سے زندے مُردے کفن سے نکلے

تھا شوقِ وصل ایسا وہ فاتحے کو آیا
تربت مین ہاتھ دونون میرے کفن سے نکلے

مین ہون شہیدِ الفت ای تیغ زن عجب کیا
رگ کی طرح لہو جو تارِ کفن سے نکلے

اے مالکِ حقیقی ہر وقت یہ دعا ہے
یوسف کیطرح دل بہی چاہِ ذقن سی نکلے

اب تو نہین ہے دل کو سودائے زلفِ جانان
قیدِ بلا سے چھوٹے رنج و محن سے نکلے

دل چاہتا ہے پتلا ہون عشق کا سراپا
نکلے لہو رگون سے ہڈی بدن سی نکلے

آئینہ امتحاناً دیکھو تو اے حسینو
سیمابِ دل یقین ہی چاہِ ذقن سے نکلے

عناب لب مین جب وہ لٹ زلف کی دبائے
بو ہو کے قطرہ خون مشکِ ختن سے نکلے

ہر عضو سے پکارون اے بت تجھے سراپا
ناقوس بنکے ہڈی ہر عضوِ تن سے نکلے

گر غور تو ذرا تو ہر دل مین وہ نہان ہے
جسنے کیا تصور معنی سخن سے نکلے

یسین سے ہوا کیا ہرچند جان بلب تھے
دم عاشقون کے شورِ مرغِ چمن سی نکلے

چہرے کی سنکے رنگت زلفون کی پاکے نکہت
بلبل چمن سی نکلی آہو ختن سے نکلے

تو اے صغیر غزلین اپنی اگر سنائے
صد آفرین وہان اہلِ سخن سے نکلے

بلبلین کرتی ہین گلزار مین نالے کیسے
بھر گئے حوضِ چمن اشک سے تھالے کیسے

سامنے زلفِ سیہ رنگ کے کالے کیسے
مثلِ ضحاک یہ دو ناگ ہین پالے کیسے

زندگی دشت نوردی سے ہے مانند حباب
ہمہ تن آبلہ ہون پاؤن مین چھالے کیسے

اے پری حال ہے بیڈھب تری دیوانے کا
سُننے والون کو ہین غم دیکھنے والے کیسے

بادہ خوارون مین ہم اسطرح جکے ہین عالی ظرف
خم کے خم پی گئے دو چار پیالے کیسے

سادگی ایسی ... آئی ... اوسکے دلکو
ناک ... کیل نہین کان مین بالی کیسے

بڑھ کے پیکان ... دشمن اے قاتل
... ہدف سینہ کو بچھائے کیسے

در و دندان ... جاتے ہین سب زمانہ
موتی ... کے تری گردن مین ہین مالی کیسے

ہوگیا فیصلہ ... مین بارے
... گھر گھر مین ... شوالے کیسے

دور سے دیکھتے ہین آنکھو نمین ہین قطرۂ اشک
ہائے نظارہ ... ہین چھالے کیسے

حلقۂ زلف ... دیکھے تھے کبھی
... عارض ہین یہ ہالے کیسے

ضعف مین طائر جان اوڑکے کہان جائیگا
... ہین جالے کیسے

ہم تو آرام سے ... مین قمقیر
کبھی پوچھو تو کہین لکھنے والے کیسے

کیا تشہیر ... بات ... کی
... مین ... مجرم روح کیا تقصیر مٹی کی

مس دل کو کیا کندن ... تاثیر مٹی کی
غبار خاکپائے یار نے اکسیر مٹی کی

غبار ایسا ... اوڑ کے صحرا مین
گمان ہوتا ہے ... زنجیر مٹی کی

ہم اوس طفل ... [illegible]
... بنائی جاتی ہے تصویر مٹی کی

و نور ... [illegible]
... بارش سے یہ تصویر مٹی کی

وطن سے ... [illegible]
... شعر مین ہرگز نہین تاثیر مٹی کی

... [illegible]
... تصویر کاغذ کی کہین تصویر مٹی کی

ابھی ... [illegible]
... بنائی خانہ زنجیر مٹی کی

سمجھے ... [illegible]
... ہین کلال اسواسطے تصویر مٹی کی

نہ کوئی لیکے آیا ہے نہ کوئی لیکے جائیگا
... تعمیر تیری کی ... تعمیر مٹی کی

بلاتے امتحاناً تو اگر اے غیرت عیسی
چلے تصویر کا منہ بول اٹھتی تصویر مٹی کی

میان دشت وحشت ہر طرف ہیں ہم آگیے تو دیکھے
جنون میں بھی جو چلا دیتی تاثیر مٹی کی

کہا ہے یار کو احوال اپنی خاکساری کا
مرے حرفون کو حاجت ہے وہم تحریر مٹی کی

وہ تلے خاکساران موجہ دریای رحمت ہے
عرق لاتی ہے بہن جبین پہ تخمیر مٹی کی

ترے پتلے نے ایسا ہے حقیقت کو شرف بخشا
ملائک نے کیا سجدہ نہ ہے توقیر مٹی کی

نشانہ پچھلے دل تھا بعد مردن قبر ہے تودا
خرابی کر رہی ہیں اب تمہاری تیر مٹی کی

صغیر ان منعمون کو فکر ہے سنگی مکانون کی
ملی گی آخر کار ایک دن جاگیر مٹی کی ؛

خار اندوہ الہی گل تر ہو جائے
بار ور گلشن مقصد کا شجر ہو جائے

دل کبھی شاد ہو تو غم کا اثر ہو جائے
وصل کی شب کو سر شام سحر ہو جائے

تیرے تلون میں وہ تغیر ہوا اے رشک قمر
نقش پا آئینہ راہگذر ہو جائے

لاغری خانہ محبوب میں پہونچائے مجھے
باب مفتوح ہر اک روزن در ہو جائے

امتحاناً بھی دیکھے جو ادھر وہ قاتل ؛
دل ہمارا اسیر تیغ نظر ہو جائے

عازم گریہ فرقت جو ہو وحشی تیرا
دامن دشت جنون اشکوں سے تر ہو جائے

حسن وہ دام دلاویز ہے اے زہرہ وشو
ملک آئے تو گرفتار بشر ہو جائے

صفائی باطن ہو نہیں ایسا کہ تمہاری دلکی
آپ سے آپ مرے دل کو خبر ہو جائے

الفت زلف میں کچھ دور نہیں اے گل تر
فتنہ گر بوے گل داغ جگر ہو جائے

تو لب بام دکھائے جو کبھی حسن اپنا
مجمع اہل جہان زیر و زبر ہو جائے

آرسی آئینہ رخ میں نظر آئے اگر
اہل عالم کو شک داغ قمر ہو جائے

عشق زندان مین گیا یون تنِ لاغر میرا
غیرتِ رشتۂ سوراخ گہر ہو جائے

عاشقِ نامہ رسانی ہے کبوتر میرا
تم اگر تیر لگاؤ بھی تو پر ہو جائے

درہمِ داغِ جدائی کی ہے وہ زر افزونی
کیا عجب ہے جو دل کیسۂ زر ہو جائے

یہ دعا آٹھ پہر وردِ زبان اب ہے صفیر
ہند سے پھر زیارات سفر ہو جائے

الفت نہین اب اے ستم ایجاد کسیکی
جیسے ہے تری یاد نہین یاد کسی کی

خالق نے نہ دی کبھی فریاد کسیکی
تو نے نہ سنی او ستم ایجاد کسی کی

کیونکر ہو اسیرانِ محبت کی رہائی
وہ قید ہے جس مین نہین میعاد کسی کی

آوازِ عنادل سے ہے گل چاک گریبان
تاثیر سے خالی نہین فریاد کسی کی

کیا جاؤن سوا اہلِ وطن دشتِ جنون سے
اب تو مجھے صورت بھی نہین یاد کسی کی

مجروح کسی کا ہے جگر تیغِ نظر سے
گردن ہے تہِ خنجرِ فولاد کسی کی

بازارِ جنون گرم ہے کوچے مین تمھارے
نالہ جو کسی کا ہے تو فریاد کسی کی

شبدیز کو پھیرا تو سرِ گورِ غریبان
کیا اون کو جو مٹی ہوئی برباد کسی کی

دل خاک نشینانِ جہان کا نہ ستاؤ
تا عرش نہ پہونچے کہین فریاد کسی کی

کیونکر نہ پسند آئے مجھے خانہ بدوشی
قایم کہین دیکھی نہین بنیاد کسی کی

کانون مین نہ رکھ پنبۂ عطرِ گلِ غفلت
سن گوشِ عنایات سے فریاد کسی کی

ہمکو تو فقط حسن پرستی سے غرض ہے
تصویر ہوا مانی و بہزاد کسی کی

اللہ تجھین صبر دے یا حضرتِ آدم
سرگشتۂ الفت نہو اولاد کسی کی

حورانِ جہان کیا ہین حسینانِ جہان کیا
سمجھا نہ حقیقت وہ پریزاد کسی کی

دکھلا دے کسی دن اثر جذب محبت — خواہش ہے اگر اسے دل ناشاد کسی کی

اے داور س خلاق تو ہے سامع فریاد — مدت سے اوٹھاتا ہون مین بیداد کسی کی

وحشت مین بھی دل سے نہ مٹا داغ محبت — بھولی ہوئی باتون مین رہی یاد کسی کی

اشکون سے جو سینچا تو پھلا نخل تمنا — محنت نہین ہوتی کبھی برباد کسی کی

کیون جان دیے دیتے ہو امید وفا پر — ہرگز نہین دینا ہے غم آباد کسی کی

شاید ہین صغیر آج تک ایام جوانی
پیری مین بھی دل سے نہ گئی یاد کسی کی

خوبرویون سے حسینون کو ضرر ہوتا ہے — مہر آ گئے ترے مانند قمر ہوتا ہے

قطرے آتے ہین پسینے کے رخ جانان پر — آج لبریز گہر جام قمر ہوتا ہے

رنج اوٹھاے تو ملے لطف ہم آغوشی کا — یار کے واسطے سوراخ گہر ہوتا ہے

یار کہتا ہے یہ سن سنکے ہمارے نالے — اب تو کچھ کچھ مرے دل کو بھی اثر ہوتا ہے

سرمۂ خاک در یار کی دیکھو تاثیر — لامکان تک گذر یک نظر ہوتا ہے

نور ہر حال مین رہتا ہے جدا ظلمت سے — سایہ ڈھلتا نہین خورشید جدھر ہوتا ہے

آمد آمد ہے مرے غیرت آئینہ کی — بعد مدت کے پھر آباد یہ گھر ہوتا ہے

دست وحشت کو پس و پیش ہے بیہوشی مین — نہین معلوم گریبان کدھر ہوتا ہے

یون سوے چرخ اشارے نکر اے صید فگن — مرغ سدرہ ہدف تیر نظر ہوتا ہے

خیر تیری ہو مرے رونے سے اے چرخ کہن — گھر پرانا ہو تو برسات مین ڈر ہوتا ہے

بعد مردن بھی غم عشق رہا روح کے ساتھ — ہر گل شمع لحد داغ جگر ہوتا ہے

سالک کوچۂ محبوب کو دیکھ اے زاہد — جیتے جی گلشن جنت مین گذر ہوتا ہے

داغِ دل کیون نہ مرے ساتھ چلین ہمنشین
وصل کی شب کو جو آتا ہے مسیحا ہو کر
کس طرح دل مین ہو عشقِ مثالِ قدِ یار

ہر مسافر کے لیے زادِ سفر ہوتا ہے
طائرِ قبلہ نما مرغِ سحر ہوتا ہے
یہ نگینہ تہِ پہلو مین شجر ہوتا ہے

ایک اپنے دلِ مضطر کی شکایت تو صغیر
اور ہر چیز مین ہر شے مین اثر ہوتا ہے

منتین مفت مین کہین آسے نہ وہ بات گئی
دیکھ لینے سے بھی محروم پھری جاتے ہین
سرد آہین نہ دمِ گرم نہ چشمِ نمناک
یہ تو فرمایئے کب سونے کا وقت آسے گا

دن گیا چار پہر چار پہر رات گئی
وہ توجہ وہ تواضع وہ مدارات گئی
اب وہ جاڑے گئے گرمی گئی برسات گئی
بحث و تکرار مین تو چار پہر رات گئی

رفتہ رفتہ کبھی دیدار بھی دیکھو گے صغیر
صبر درکار ہے کیا دن گئے کیا رات گئی

ہے جو عشقِ مصطفےٰ شوقِ لقائے مرتضیٰ
سرمۂ چشمِ ملک ہے خاکِ پائے مرتضیٰ
آستان پر جسنے سر رکھا جہنم سے بچا
آدمی کے منہ سے کیونکر ہو سکے مدح و ثنا
پچھلے دروازے مین در آئے تو گھر مین جا سکے
واقعی عقدہ کشائی ہے صفات و ذات مین
عرش پر معراج مین تھی جب نبیؐ سے گفتگو
حضرتِ عیسیٰ سرہانے سے مرے اُٹھ جائیے

جان نذرِ مصطفےٰ ہے دل فدائے مرتضیٰ
روشنیِ ماہ و انجم ہے ضیائے مرتضیٰ
ہے درِ جنت بہ دولتسرائے مرتضیٰ
حق نے خود قرآن مین کی ہے ثنائے مرتضیٰ
کیا ملے مرضی خدا کی بے رضائے مرتضیٰ
ہے درِ فردوس کی کنجی ولائے مرتضیٰ
نور کے پردے سے آتی تھی صدائے مرتضیٰ
دردِ دل اچھا نہو گا بے دوائے مرتضیٰ

عرض یہ اللہ سے ہر وقت کرتا ہے صغیر
دل کی ہر امید بر آئے برائے مرتضی

اپنے مکان سے وہ یہان تک نہ آئنگے
مرتے ہین ہم بھی پر یہ کہان تک نہ آئنگے

اسقدر ضبط [illegible] ابھی
اسرار دل جو نوک زبان تک نہ آئنگے

ایسے اوٹھا چکے ہین غم و رنج اسکے خدا
بھولے سے آستان بتان تک نہ آئنگے

مرجاینگے تڑپ کے اوسی روز ناصحو
جب صبح دکان پیر مغان تک نہ آئنگے

سب کو ہے انتظار نسیم بہار کا
مرغان باغ فصل خزان تک نہ آئنگے

کرلینگے توبہ پیتے ہین شعبان مین شراب
کیا ہوش مین مہ رمضان تک نہ آئنگے

کام آئیگا نہ [illegible] ایک دن
تڑپونگا مین تو آپ کہان تک نہ آئنگے

دروازے تک بلاؤن انھین کس امید پر
آواز سنکے صحن مکان تک نہ آئنگے

یارب ہو شوق و جذبۂ دل کی سلامتی
کبتک نہ جاؤنگا وہ کہان تک نہ آئنگے

احباب کی [illegible] بہت ترقی صغیر
قابو مین جب کیا دل و جان تک نہ آئنگے

دل کو جو ٹکالے وہ تیری کار دابرو مین ہے
اس [illegible] مین آبداری ہی یہ کس جادو مین ہے

[illegible] دہان تنگ مین
[illegible] دل [illegible] کس کام کی تالو مین ہے

نکہت [illegible] پھول [illegible]
[illegible] مشک افشان نافۂ آہو مین ہے

[illegible] باقی [illegible] اشارہ ہو چکے
زندگانی [illegible] تیری جنبش ابرو مین ہے

خانۂ تن [illegible] آباد رہتا ہے [illegible]
یاد دلبر دل مین ہے درد جگر پہلو مین ہے

بیڑیان توڑین جو [illegible] سے آگیا
دورہ سودا ہوا ہے نکہت گیسو مین ہے

وہ جہاں بیٹھے وہاں مشغول خود بینی ہوئے
جسم آدہا آشتکا ر آئینہ زانو میں ہے

یا علی کونین مین لازم ہے امداد صغیر
دین قبضے مین ہے دنیا آپ کے قابو مین ہے

پردہ ہے سنبل کا رخ پرنور کے لیے
بیٹھے ہین یون وہ عاشق مغفور کے لیے

احسان کیون اوٹھائیے ناسور کے لیے
ناحق ہے فکر مرہم کافور کے لیے

غصہ کرشمہ ناز ادا غمزہ گالیان
سب آفتین ہین عاشق مجبور کے لیے

ڈھونڈھون عدم مین جاکے نشان سیاہ یار
باندہی ہے اب کمر سفر دور کے لیے

پھر پری ہم آئے تجھے گلزار دہر مین
جاتے ہین سوے باغ جنان حور کے لیے

زلفون مین روے یار نمایان ہوا صغیر
یہ چاند ہے اسی شب دیجور کے لیے

بال بکھرین جو تمھارے شب یلدا ہو جائے
زلف چہرے سے ہٹے نور کا تڑکا ہو جائے

قصد رونے کا کرون عالم وحشت مین اگر
دامن دشت جنون دامن دریا ہو جائے

دیکھنے آئے ہر اک آہ شرر افشان کو
تیر ادا یا نہ جو چھوٹے تو تماشا ہو جائے

نہ ہیون قطرہ مے پاس جو معشوق نہو
ہجر مین مجکو خط جام مجلا کا ہو جائے

یار گلگشت کو جس روز قدم رنجہ کرے
باغ مین پھول ہر اک نرگس شہلا ہو جائے

پھرے وحشت مین صغیر اور ترا نام جپے
جو پھپھولا ہو وہ تسبیح کا دانا ہو جائے

کیجیے کچھ وحشیون کی اپنے تدبیرین نئی
توڑتے ہین جوش مین ہر سال زنجیرین نئی

ڈھونڈھ کسی کا ہے کسی کا سر ترے کوچہ مین ہے
روز آتی ہین نظر دو چار تصویرین نئی

آپ سے آئے ہین وہ میرے منانے کے لیے
جذبۂ دل نے دکھائین آج تاثیرین نئی
رات بھر گیسو بنائے صبح پھر بگڑے ہوئے
مجکو خوابون کی ملا کرتی ہین تعبیرین نئی

ہر برس جوش جنون ہوتا ہے دونا اے صغیر
ہر محرم مین یہ پہناتا ہے زنجیرین نئی

جوش الفت تھا ہمارے آپ کے
ہوتے تھے کیا کیا اشارے آپ کے
پیچ اوٹھائے مفت مین کس کی بلا
کون بالون کو سنوارے آپ کے
خاک ناحق کی اوڑاتے ہین رقیب
کیا صفائی ہو ہمارے آپ کے
یاد آئے دونون بازو دونون گال
گورے گورے پیارے پیارے آپ کے
اب حسین آباد تک جانے لگے
پاؤن نکلے گھر سے بارے آپ کے

مانیے احسان اوسکا اے صغیر
سر سے جو تنکا اوتارے آپ کے

اے غم ہجر نہ آفت نہ مصیبت ہوگی
جان قالب سے نکل جائیگی فرصت ہوگی
غیر سے بجلی نکلوا کے وہ یہ کہتے ہین
پھر نہ آؤگے یہان تمکو جو غیرت ہوگی
لب سے خونبار ہون لے لینے دو بوسہ مجکو
اور دونی گل رخسار کی رنگت ہوگی
یہ ارادہ ہے کہ درگاہ مین جا بیٹھون گا
پنجشنبے کو جب آؤگے زیارت ہوگی
دھونی جائیگی مری فصل زمستان مین لگا
حوض سے تیرے دوشالے کی طہارت ہوگی

وہ عروسانہ مرے گھر مین کب آئینگے صغیر
دیکھون کس روز شب وصل کی نوبت ہوگی

اگر لینے پائین بلائین تمھاری
تو آنکھون سے زلفین لگائین تمھاری

آئینہ آیا نظر ہی کہ بگڑ ہو گئے اتنے
بلا سے نہ لیتے بلائین تمھاری

تمہین نہ آئی وہ خوبی حسن یوسف
جو تصویر تمکو دکھائین تمھاری

نہ بھولے ہمین دل سے چاہت اپنی
اسے شکل کیونکر دکھائین تمھاری

اوڑا نہ بہین بلبلین کوئل نے سنکر
نغانین ہماری صدائین تمھاری

کہو اے صغیر اندنون عاشقانہ ؎
کہ غزلین بہت لوگ گائین تمھاری

تن عاشقون کے یون غم فرقت مین گل گئے
پہچانتا نہین کوئی نقشے بدل گئے

سنگین دلون کی سخت دلی سے ہو ساتھ کے
غیرونہین جاکے شمع کی صورت پگھل گئے

نادانیان بھی سمجھے ہین تو اس طرح سے
گھر سے چلے تو راہ مین آکر مچل گئے

اے تشنۂ شراب وہ مستی کہان رہی
دن عالم شباب کے مدت سے ڈھل گئے

ایسی طبیعتین بھی کسی کام کی نہین ؎
چکنا جسے حضور نے دیکھا پھسل گئے

اقرار یہ سال تھے انکار اب کے سال ؎
تقویم کی طرح ترے وعدے بدل گئے

اس کو گلے لگا کے کہا یہ صغیر نے ؎
ارمان آج سب مرے دلکے نکل گئے

کیونکر کہون کہ روز ملاقات کیجیے ؎
مجبور کبھی کبھی تو عنایات کیجیے ؎

مر جاے تڑپ کے در یار پر کبھی ؎
جس کی کہانیان ہون وہی بات کیجیے

بیماری فراق نے بیجان کیا مجھے
یا حضرت مسیح عنایات کیجیے

فصل بہار توبہ شکن سر پر آگئی
تقوے کو نذر پیر خرابات کیجیے

تقصیر ہو معاف تو اک عرض مین کرون
چپ بیٹھنا غضب ہے کوئی بات کیجیے

صبح فراق بادہ پرستی مین شام ہو — دن کو سیاہ کاریون سے رات کیجیے
قانع اگر ہین آپ تو ہم ہین شراب خوار — جو جی مین آئے قبلۂ حاجات کیجیے

دل جانتا ہے جو کہ گذرتی ہے اے صغیر
کس سے بیان ہجر کے حالات کیجیے

تیرے گھر مین کوئی اے یار نہ آنے پائے — غیر کا سایۂ دیوار نہ آنے پائے
عاشق ابروے خمدار ہے جینے سے تنگ — کوئی باندھے ہوئے تلوار نہ آنے پائے
روز اول ہی لگی ڈاک مرے قاصد کو — خط محبوب بھی دو چار نہ آنے پائے
جلوہ افروز ہے اک پردہ نشین کھڑکی مین — سامنے کوئی خبردار نہ آنے پائے
گوش صیاد مین ہو جیسے نہین پنبۂ عطر — نالۂ مرغ گرفتار نہ آنے پائے
روکو اے بادہ کشو محتسب موذی کو — جانب خانۂ خمار نہ آنے پائے
بستی اس لیے رکھتا ہے قفس پر صیاد — کہ کبھی نکہت گلزار نہ آنے پائے

کس کو احوال دم مرگ سناتا مین صغیر
سر بالین مرے غمخوار نہ آنے پائے

دل کو کیا تھی خبر رنج و محن پہلے سے — تیرے تیور نہین اے عہد شکن پہلے سے
آہ کھینچی نہین سر رشتۂ الفت نے ابھی — کیون تو چکر مین ہوا اے چرخ کہن پہلے سے
تیرے گھر کا کبھی بھولے سے نہ چلتے رستا — ہم اگر جانتے تیرے یہ چلن پہلے سے
قصد صحرا ہے تو کانٹا بھی نہ ہو دامن گیر — نوچ اے وحشت جنون جامۂ تن پہلے سے
کوچۂ یار سے کیون دشت جنون تک آتا — کرتے تدبیر جو یاران وطن پہلے سے
وصل کیسا کہ کوئی خط بھی نہ اب تک بھیجا — ہم نہ سمجھے تھے یہ اے مشفق من پہلے سے

ایسے بدرنگ ہوئے تیرے لبوں تک آ کے ۔ نظر آتے نہیں اب لعل یمن پھیکے سے
یہ خبر کب تھی کہ آخر کو پھپھولا ہوگا ۔ ہوتی تھی سینۂ سوزاں میں جلن پھیکے سے
اوس جگہ بنگئے اب تیرے شہیدوں کے مزار ۔ پھول چنتے تھے جہاں سیکڑوں من پھیکے سے
رخصت دشت عدم یوں ترے وحشی کو کیا ۔ کر دیا چاک سا گریبان کفن پھیکے سے
شوق نے دانہ گرانے نہ دیا اے صیاد ۔ پھنس گئے جال میں مرغان چمن پھیکے سے
ناتوانی نے جھکایا تو میں تیار ہوا ۔ اتنے دو پہر نظر آتا ہے بدن پھیکے سے

کھینچے دوسرے معشوق کی جب فکر صغیر
تھوڑے پائے ہوں اگر رنج و محن پھیکے سے

تم بھی ہوئے اب چاہنے والے مرے دل کے ۔ اوس نے ارمان نکالے مرے دل کے
آفت میں پھنسا تیرے لیے بیٹھے بٹھائے ۔ تو بھی تو کبھی ناز اوٹھالے مرے دل کے
آخر کو مٹا دینگے مجھے داغ محبت ۔ اک دن تجھے پڑ جائینگے لالے مرے دل کے
رک رک کے نہ باتیں کرو چھریاں نہ لگاؤ ۔ اے جان ابھی زخم ہیں آلے مرے دل کے
بیتاب ہوں میں وصل میں فرقت سے زیادہ ۔ انداز ہیں دنیا سے نرالے مرے دل کے
آہوں کی طرح تم بھی نکل آؤ گے باہر ۔ سن لو گے کسی روز جو نالے مرے دل کے
بوسے نہ دیے ساتھ بھی سونے نہیں دیتے ۔ خوب آپ نے ارمان نکالے مرے دل کے
بہ آئینگے سینے تک اگر اشکوں کے قطرے ۔ عالم کو نظر آئینگے چھالے مرے دل کے

نیند آئے صغیر آہ شب ہجر میں کیونکر
یہ رنج تو ٹلتا نہیں ٹالے مرے دل کے

ایکدن داغ اسے مہ کامل دکھائینگے تجھے ۔ چاک کر ڈالینگے سینہ دل دکھائینگے تجھے

اے دل دیوانہ تجھپر قیس کا ہوگا گمان
شکل جس دن ہم اجب محمل دکھائینگے تجھے

دیکھیں گے حیرت ہماری لوگ خودبینی تری
آج آئینہ سر محفل دکھائینگے تجھے

روز فرماتے ہیں مجھسے حضرت دل اے صغیر
کوئی کوچہ سیر کے قابل دکھائینگے تجھے

اب خدا سے لو لگانی چاہیے
اے بتو بس مہربانی چاہیے

عشق میں کیا پہلوانی کام آئے
بلکہ زور ناتوانی چاہیے

یار کو پہونچے تڑپنے کی خبر
بیڑیاں ایسی ہلانی چاہیے

خشک ہے چاہ زنخدان اس لیے
آب گل عارض کو پانی چاہیے

مرگیا ہوں حسرت دیدار پہ
لوح تربت پر نشانی چاہیے

ایکدن دیکھینگے دیدار اے صغیر
آدمی کی زندگانی چاہیے

دشت وحشت سے سفر سوئے مکان کیا کیجیے
خیگلی بلبلیں ہیں ہماری بیڑیاں کیا کیجیے

آہ کیونکر ضبط ہو پہونچوں ترے کوچے میں کیا
دل سے رخصت ہوگئے تاب و توان کیا کیجیے

اے دل بیتاب مجھکو تو اب اسکا دے جواب
جس جگہ قابو نہو اپنا وہان کیا کیجیے

ڈالیاں چھانٹیں تو دونے پھول پیدا ہوگئے
شکوۂ جور و جفائے باغبان کیا کیجیے

کب شب وصل آئی کسدن رنج فرقت کم ہوا
امتحان نالہ و آہ و فغان کیا کیجیے

تیرے آزار محبت نے یہ پہونچایا ہے حال
اے مسیحا تجھسے درد دل بیان کیا کیجیے

غیرت وحشت بھی کہتی ہے ہر دم اے صغیر
دامن وحشت جنون کی دھجیان کیا کیجیے

ایک بوسہ یار کا درکار ہے ؏
قطرۂ آبِ بقا درکار ہے

رات دن کیون خضر کے درپے ہوئین
کس گلی کا راستا درکار ہے

سُنکے غل زنجیر کا جھانکین گے آپ
اطلاعِ حال کیا درکار ہے

کچھ تو منگوا اس گھڑی اے حسرتو
پوچھتا ہے یار کیا درکار ہے

خاکِ صحرا چھاننے کی مٹی مری ؏
دامنِ بادِ صبا درکار ہے

بھاگئی آوازِ ناقوس اس قدر
اے بتو اب سنکھیا درکار ہے

دل کسی کی زلف مین اولجھا رہے
اے جنون کچھ سلسلا درکار ہے

دین مین دنیا مین مجکو اے صغیر
دامنِ آلِ عبا درکار ہے ؏

پھول مرجھائے گُلِ داغِ جگر کے آگے
کیا بہارِ گُل کا غنچۂ گلِ تر کے آگے

غیر ہمجنس کسی اور سے کیا مطلب ہے
خواہشِ حور نہین حسنِ بشر کے آگے

پیشتر سے بھی زیادہ ہے بیان تیرا حال
یادِ رُخ بھول گئے یادِ کمر کے آگے

نہ بنائین وہ نشانہ تو خطا ہے اونکی ؏
رکھدیا ہمنے جگر تیرِ نظر کے آگے

پیشِ دندانِ صنم قدر ہے یون موتی کی
جس طرح طرۂ گُل سلکِ گہر کے آگے

گو وہی ہم ہین وہی دل ہے وہی سینہ ہے
پر کہان زور جو تھے آہِ جگر کے آگے

زلف سے اور یہ الماس کی بجلی سے کھلا
پردۂ شب ہے گریبانِ سحر کے آگے

پہلے آہون سے سوے چرخ گئے نالۂ دل
رنگ ہین قافلۂ اہلِ سفر کے آگے

اے صبا نکہتِ گلزار کہان لاتی ہے
اسقدر بے ادبی اوس گُلِ تر کے آگے

ہم وہ میکش ہین کہ منظور ہے خاطر سبکو
محتسب نے بھی سبو رکھدیے بھر کے آگے

شاعری صحبت احباب مین لازم ہی صغیر
ہوتی ہے قدر ہنر اہل ہنر کے آگے

دل لوگونکے دکھتے ہین زمانے مین ہمارے
کیا درد کے پہلو ہین فسانے مین ہمارے

وہ کہتے ہین تقدیر سے بچ جای تو بچ جای
کچھ فرق نہین تیر لگانے مین ہمارے

وہ طائر مجروح جگر ہم ہین کہ صیاد
تیر آپ ملا دیتے ہین دانے مین ہمارے

یہ غرہ شوال ہے یا ماہ محرم
آج آئے ہین وہ تعزیہ خانے مین ہمارے

مدت سے جو ہم بھوکے ہین دیدار کرکے
بال اسلیے پڑجاتے ہین کہانی مین ہمارے

گھر والے او نہین مفت مین بدنام کرینگے
کچھ اور تردد نہین جانے مین ہمارے

جھڑتے ہین ستارے تری جوڑے کی برت سے
ہن روز برستے ہین زمانے مین ہمارے

وہ کہتے ہین سنتے کو صغیر آتے ہین گھر سے
تعویذ کی تاثیر ہے گانے مین ہمارے

جا بجا تصویر چشم یار گھر مین چاہیے
شیشہ ہاے شربت دیدار گھر مین چاہیے

میری وحشت کا رہے صحرائیونکو بھی خیال
اس طرح زنجیر کی جھنکار گھر مین چاہیے

ناتوانی کی مری وحشت سے یہ تکرار ہے
امتحان طاقت رفتار گھر مین چاہیے

باہر آجائیگی بنکر نغمہ چنگ و رباب
تیری چھاگل کی فقط جھنکار گھر مین چاہیے

اور کیا درکار ہے مجکو حفاظت کے لیے
ایک نقش خاک پاے یار گھر مین چاہیے

ڈاکیے باہر رہین پرچونکے لانیکو صغیر
رات دن ہرکارہ اخبار گھر مین چاہیے

داغ ہے دل مین خیال ابرو خمدار سے
اتحاد باطنی ہے زنگ کو تلوار سے

ناتوانی ہین کہان مین جاؤن کوی یار سے
اوٹھ نہین سکتا ہون بار سایۂ دیوار سے

کور باطن کو چراغ طور سے کیا فائدہ
کام کیا سرمے کو چشم نرگس بیمار سے

چرب ہاکو چھپے پرنہ اولتو روہی تابان سو نقاب
دادی آئینہ کو تو نے شعلۂ رخسار سے

نقش قدرت کو کیا گردش مری منظور تھی
دائرے کھینچے خط قند نے پرکار سے

مین وہ بلبل ہون جو میری قبر کا سبزہ چہرہ
بوسے گل چہرہ اپنا ناف آہو تاتار سے

ناتوانی ہین جو شوق کوچۂ محبوب سے
دل کو ہمتا سے ہوا ان ہوا طاقت رفتار سے

مردم دیدہ تصاویر مکان یار ہین
اس طرح انکھین لڑین ہین روزن دیوار سے

ہڈیان میری پسند آئین ہما کو شکر ہے
آجتک بین نالہ تھا کوچۂ منقار سے

سیکڑون قطرے پسینے کے ہین ایک ایک تار مین
کس طرح زلفین نہ بخشین تیتونکے ہار سے

صدمۂ درد جگر فرقت مین یون ہی اے صغیر
رات دن مین سر پٹکتا ہون در و دیوار سے

لاغری مین شدت فریاد و زاری آج ہے
جسم ہلکا ہے مگر آواز بھاری آج ہے

زیست بھر جو کچھ کہ دیکھا خواب سمجھا بعد مرگ
مجکو بیہوشی تھی کل تک ہوشیاری آج ہے

شمع قد ماہ پیکر اس قدر ہے جلوہ گر
غیرت فانوس نظر وہ مین عماری آج ہے

زیب ترے پائجامے کی نگہ دل مین چبھے
خنجری جو گلبدن کی ہے کٹاری آج ہے

یار ہا دیکھا مجھے بیتاب و بے صبر و قرار
یون نہ پوچھا اوسنے کیا حالت تمھاری آج ہے

بعد وصل یار جینے مین ہین لاکھون سسکیان
جلد آ اے موت مجکو زیست بھاری آج ہے

جب وہ خوش آواز گھونگٹ کر کے گانیکو اٹھا
سب یہ سمجھے اپنے پردہ مین ستاری آج ہے

مجکو آنسو پوچھنے کی انتہا درکار ہے
جو کلی دامن مین ہے ابر بہاری آج ہے

لگ گئے کس کے ڈر و زران کہ بوسہ اے صغیر
تیرے چہرے پر جو ایسی آبداری آج ہے

جوش وحشت مین یہ ایام بدل جاتے ہین
جو شریعت کے ہین احکام بدل جائینگے

ایک ہے قاصد محبوب ہزارون عاشق
بیشتر نامہ و پیغام بدل جائینگے

کبھی وحشی مجھے کہتے ہین کبھی دیوانہ
ابھی کتنے نہ مرے نام بدل جائینگے

وعدہ وصل کی رات آئے بھی تو کیا ہوگا
قول سے اپنے سر شام بدل جائینگے

توبہ کرے کہ کھلا ہے ابھی باب رحمت
نزع کے وقت سب احکام بدل جائینگے

پھرنے والون سے کہون قید مین کیا حال جنون
صبح آئے ہین سرِ شام بدل جائینگے

سیکڑے مین کبھی تیور جو چلین گے مستو
خم و مینا و لب جام بدل جائینگے

کیا کہون اے اجل احباب کی ثابت قدمی
تہِ تابوت بھی ہر گام بدل جائینگے

بوسے لینے کی کبوتر تجھے دینگے فالین
آئین گے دانہ لب بام بدل جائینگے

اے صغیر آنے لگا آرام دل و جان جسدن
راحتون سے غم ایام بدل جائینگے

خطِ صراحیِ مے بادہ خوار دیکھین گے
یہ نہین نشانِ گریبان یار دیکھین گے

امیدوار ہین ہم آمدِ قیامت کے
جو زندگی ہے تو رفتارِ یار دیکھین گے

جہان پھرینگے ترے وحشیِ گریبان چاک
گھر و لنے جھانک کے سب پردہ دار دیکھینگے

پیالہ لب سے لگائینگے چاند رات کو وہ
شراب مین مہِ نو ابکی بار دیکھین گے

بیان کرتے ہین صیاد نخلین گی کلیان
اوکھیڑ کر پرِ بلبل بہار دیکھین گے

کہین گے سایۂ فلک کا تکی ہوئی بجلی
ترا جو طوقِ جواہر نگار دیکھین گے

وہ کہتے ہین نہ سیو بیٹھہ کر بیان انگیا — غضب کرینگے اگر رشتہ دار دیکھین گے

صغیر کوئی غزل قبر پہ بھی کھدوا نا
پڑہین گے لوگ جو لوحِ مزار دیکھین گے

غم بھی کھانے کو ہمین مثلِ غذا ملتا ہے — شکر صد شکر کہ خواہش سے سوا ملتا ہے
کیا بتائین کہ شبِ ہجر مین کیا ملتا ہے — لامکان کا ہمین نالون سے پتا ملتا ہے
مدِ آہِ دلِ بیتاب نہ سمجھو بیکار — ناتوانِ تبِ فرقت کو عصا ملتا ہے
اب کدورت ہے عبث شیفتۂ گیسو سے — خاک مین آج گرفتارِ بلا ملتا ہے
اے صنم تیرے لیے مفت ہوئے ہم برباد — مٹتے ہین راہِ خدا مین تو خدا ملتا ہے
حسنِ محبوب نے پائی ہے ترقی ایسی — ماہِ کامل سے نشانِ کفِ پا ملتا ہے
بارِ احسان ہے جو تعظیم کوئی دے اوٹھہ کر — جام سے شیشۂ مے جھک کے سوا ملتا ہے
بوسہ جب مانگتے ہین دیتے ہین گالی ہمکو — کیا طلب کرتے ہین تقدیر سے کیا ملتا ہے
یار کہتا ہے ذرا دل کو سنبھالو صاحب — اتنے بیتاب جو ہوتے ہو تو کیا ملتا ہے
ناتوانی نے جھکایا ہے مجھے فرقت مین — چاکِ دامن سے گریبانِ قبا ملتا ہے

وصل کا لطف فزون کیون نہ ہو فرقت مین صغیر
کھانے کا ذائقہ فاقے مین سوا ملتا ہے

کس کی صورت ورقِ دل پہ اوتر آئی ہے — وہی آنکھون مین ہے پتلی وہی بینائی ہے
تیرے کوچے کی مجھے خاک نشینی ہے پسند — مجکو توقیر ہے گو خلق مین رسوائی ہے
آرزو ہے درِ میخانہ نہ چھوٹے ہمسے — جب تلک اے پیرِ مغان گنبدِ مینائی ہے
کہہ تو دیکھا ہے جو یون عاشقِ بیخود چپ ہے — نہ تو وحشی ہے نہ دیوانہ نہ سودائی ہے

اے صغیر اور کسی کی نہین اب گنجایش
اسطرح کسنے ترے دلمین جگہہ پائی ہے

یار نے یون مری آنکھونمین جگہہ پائی ہے
جس طرح مردمک چشم مین بینائی ہے

قید خانے سے طبیعت مری گھبرائی ہے
اے جنون باغ مین اب فصل بہار آئی ہے

کیا کرین نالہ کشی ہجر کی شب کو ہم مست
خطرۂ زلزلۂ گنبد مینائی ہے

بعد مرون بھی ہے افسردگی دل ہمراہ
پنکھڑی جو گل تربت کی ہے مرجھائی ہے

واقعی سوزش دل آج بہت کام آئی
شعلۂ آہ چراغ شب تنہائی ہے

ہوش کسکے رہ الفت مین بجا رہتے ہین
دل لگائے جو کسی سے وہی سودائی ہے

سبب زیست ہی یون عشق تمہارا دل مین
جس طرح منہ مین زبان باعث گویائی ہے

شوق دیدار مین آنکھون سے تسلی نہوئی
دیدۂ داغ جنون جو ہے تماشائی ہے

پہلے الفت کی بنا حضرت آدم سے ہوئی
عاشق زار ہون میراث یہ آبائی ہے

قاضی و محتسب و شیخ بھی متوالے ہین
آج کیا پیر خرابات کی بن آئی ہے

بیقراری ہے مجھے دیکھ کے تیری آنکھین
صبر و تسکین مین رم آہوی صحرائی ہے

کوچۂ یار کہان اور کہان دشت جنون
کیا بتاؤن مجھے تقدیر کہان لائی ہے

اے صغیر اگلے برس بھی وہی عالم ہوگا
پھر جنون تمکو مبارک ہو بہار آئی ہے

شاد ہوتے ہو زیادہ مری ناشادی سے
دم لبون پر ہے تمہاری ستم ایجادی سے

خواب مین بھی نظر آتی نہین شکل نشان
اس قدر دشت جنون دور ہے آبادی سے

ہم وہ طایر ہین کہ بدخواہ نہین دشمن کے
غم ہوا خانۂ صیاد کی بربادی سے

واقعی ترکِ تعلق مین خوش اوقاتی ہو
اے جنون خلل نہین ہوتا کوئی ساعت موقوف
اسقدر سخت ہے ایامِ جدائی کا حال
موسمِ گل مین کہان دید گلون کی ہوگی

سہر د باغون مین سبکبار ہین آزادی سے
تنگ ہون خانۂ زنجیر کی آبادی سے
نامہ لکھتا ہون او نہین خامۂ فولادی سے
جوشِ وحشت مین نکل جائنگے آبادی سے

اے صغیر آپ کی پہر عمر دوبارہ ہو جائے
جان بچ جائے اگر یار کی جلادی سے

ہو جبکہ گرد باد مین کب پیچ و تاب ہے
آٹھون پہر ہے داغِ جگر مین وہی جلن
روشن نہین یہ داغِ غمِ روئے آتشین
دل جل رہا ہے فرقتِ ساقی مین اسقدر
یہ پیچ مثل ہے عشق سے ہوتے ہین گہر تباہ
گیسو و خط مین چہرۂ پر نور یہ نہین
ایسا غریق بحرِ محبت ہے ناتوان
جلوہ نما ہین یار کے رخسارِ آتشین

عاشق کی بعدِ مرگ بھی مٹی خراب ہے
جسکو نہین زوال یہ وہ آفتاب ہے
دل پر طلعِ ورقِ آفتاب ہے
ہر مد آہ صورتِ سیخ کباب ہے
دل مین نہ ہے قرار نہ آنکھو نہین خواب ہے
اس چہرے کے بیچ مین آئینۂ آفتاب ہے
سر پر مثالِ کوہ کلاہِ حباب ہے
یا آرسی مین آئینۂ آفتاب ہے

دل کو ہے صبحِ ہجر مین یادِ شبِ وصال
پیری مین اے صغیر خیالِ شباب ہے

سینے مین ہے یا جگر نہین ہے
بیوجہ لچک نہین ہے قد کو
قسمت کے لکھے کو کیا کرون مین

اتنی بھی ہمین خبر نہین ہے
معلوم ہوا اگر نہین ہے
نامہ تو ہے نامہ بر نہین ہے

عاشور ہے روز مرگِ عاشق
صبحِ شبِ زندگانی آئی
بیکار ہے سینے سے نکلنا
سود ابر صبا ہے اے دلِ زار
چلنے نہین دیتی ناتوانی

ہے کون جو نوحہ گر نہین ہے
کالا کوئی موے سر نہین ہے
اے آہ اگر اثر نہین ہے
کچھ زور تو یار پر نہین ہے
گھر ہے یہ ہمین سفر نہین ہے

تکیہ ہے صغیر کو توکل
پرواے زر و گہر نہین ہے

رات دن کیون مشق رہتی نالہ و فریاد کی
طایرانِ باغ کو کیا تاب ہو فریاد کی
گرد ہے طوبیٰ نہالِ قدِ جانان کے حضور
لطف سے خالی نہین ہوتا ہجوم داغ بھی
ہم کہ یہ زخمِ دلِ بیتاب سے ثابت ہوا
موسمِ گل آگیا ہم ہین قفس مین آج تک
نالہ سوزان مین ہین مشغول مرغانِ قفس

آرزو پوری جو ہو جاتی دلِ ناشاد کی
محو ہو جاتے ہین صورت دیکھکر صیاد کی
کیا حقیقت سرو کی کیا اصل ہے شمشاد کی
خانۂ دل مین ہے رونق خانۂ آباد کی
تیغ ابرو مین ہے تیزی خنجرِ فولاد کی
سر جھکا لیتے ہین مرضی دیکھکر صیاد کی
اندنون کیا گرم ہے صحبت مرے صیاد کی

کسطرح مین دردِ دل اوسکو سناؤن اے صغیر
اپنو طاقت بھی نہین ہے نالہ و فریاد کی

کیون ہے قولِ دہنِ تنگ کہ عنقا کیا ہے
مرتے ہین عشق مین ہم آپ کو پروا کیا ہے
نگئی وصل کی شب کو بھی مری بیتابی

کچھ سمجھ مین نہین آتا یہ معمّا کیا ہے
کبھی اتنا بھی مری جان نہ پوچھا کیا ہے
نہین کھلتا دلِ مضطر کی تمنا کیا ہے

بخودِ عشق ہون ہوتا ہے علاج سرسام کیا مرض مجکو ہے تجویز اطبا کیا ہے
نور بر خاک کو تنزیہہ خدا نے بخشی ؎ تو وہ انسان حسین ہے کہ فرشتا کیا ہے

اے صغیر اوسکو پے وصل کوئی سمجہائے
جان بلب ہون غم فرقت مین بہر وسا کیا ہے

قصیدہ حضرت سلطان عالم محمد واجد علی شاہ بادشاہ والی ملک اودہ

شہِ گردون نشین قطب زمین مہرِ جہانبانی سلیمان زمان سلطان عالم ظلِ سبحانی
فریدون سلطنت جمشید فر نوشیروان نصفت سکندر بارگہ دارا حشم کیخسروِ ثانی
بیانِ حسن سیرت یا بیانِ حسنِ صورت ہو سخا سے حاتم طائی لقا سے ماہِ کنعانی
جمالِ شاہ کا ہندوستان سے قاف تک غل ہے حسینانِ جہان خود رفتہ ہین حیران ہین مثلِ مانی
اگر تصویر کہنچی جائے اس روئے منور کی شعاعِ مہر ہو ایک ایک موئے خامۂ مانی
فروغِ چہرۂ یوسف مرقع سے نظر آئے مثالِ دیدۂ یعقوب اندہیرا گہر ہو نورانی
جلائے شمعِ رخ پروانۂ ہوشِ پریویان ہوائے رعب سے گل ہو چراغ عقلِ انسانی
ہوا سے بے سبب جنبش مین کب ہے دامنِ رایت ہلا سے فتح ہے شہپر سے مصروف مگسرانی
پڑی ہے جانِ اعدا یون کمندِ رعبِ سلطانین میانِ دام جوہر جس طرح تیغِ خراسانی
یلانِ فوج دریا موج دکہائین اگر آنکہین ابہی ہو جائے پانی زہرۂ شیر نیستانی
حلامانِ شہِ بحر کرم ہمت مین حاتم ہین وہ دریا ہے کہ ہر قطرہ کو ہے دعوئی عمانی
دمِ باد بہاری موتیون کا منہہ برستا ہے خجل ہے دامنِ گوہر فشان سے ابر نیسانی
دمِ تقسیم خلعت عاقلون پر منحصر کیا ہے بدلوائے تمام اہلِ جنون کی رخت عریانی
قبولِ خاطرِ سلطانِ عالم یہ قصیدہ ہو ؎ سناؤن مطلعِ اول سے بڑہ کر مطلعِ ثانی

سعادت بخش ہین حضار درگاہ جہانبانی ہمان بھی ڈھونڈ ہتا ہے سایۂ مرغان ایوانی
زمین ربع مسکون ہے تہ فرمان سلطانی اثر مین ہے ہر اک نقش قدم مہر سلیمانی
پسندیدہ ہے راحت خلق کی یون جا بجا عالم کو گوارا روح کو ہے جسطرح آرام جسمانی
عناصر کی طرح ہین متفق یہ خصلتین چارون سخن فہمی سخن سنجی سخن گوئی سخن دانی
ورود اہل سماعت کیون نہ سمجھین شادمان ہو کر حدیث حسن یوسف ہے بیان خلق سلطانی
یہان ہین سنگریزون کی جگہہ سرکونکی سر زمین کہین یاقوت رمانی کہین لعل بدخشانی
نہ ہے بندہ نوازی حبذا اشفاق فرمائی ندیونکی جگہہ ہے دل مین مثل راز پنہانی
صغیر اب تو دعا کے بعد خاموشی مناسب ہے بہت ارباب دانش مین ہوا اظہار نادانی
مصاحب شادمان ارکان دولت خرم و خندان عدو ہو تنگ تر مثل دل محزون زندانی

سمان سے تا سمک جاری ہو فرمان جہانگیری
نگین مہر تابان ہو عقیق مہر سلطانی

قصیدہ در شان مرزا اعظیم الشان بہادر

سعادت بخشی ذات ہمایونکی وہ شہرت ہے ہما کو آرزو ہے سایۂ دامان دولت ہے
براق چرخ پیما ہے سمند رتبۂ عالی مہ شام شب اول رکاب پای رفعت ہے
ہوئی کس روز تردید دعای صاحب حاجت در دولت سرا ہمرتبۂ باب اجابت ہے
یہ ہے ادنی سی بخشش دیدیا گنجینۂ قارون میان قطرہ وصف کثرت باران رحمت ہے
گمان جوہر فولاد ہے شمشیر عالی پر یقین کثرت امواج دریای شجاعت ہے
زبان ہین مثل ماہی موج تقریر سلسل مین دہان تنگ گویا ورطۂ بحر فصاحت ہے

رہے ہے خورشید حشمت ای صغیر اوج ترقی پر

زمین جب تک ہے قایم آسمان جبتک سلامت ہو

قصیدہ مرزا رفیع الشّان بہادر

از سلاطین ہر اقلیم فریدون شانِ تو باد
سایہ انداز ہما طایرِ ایوانِ تو باد

سر در آرد بگریبان ادب پیرِ فلک
پاے بوسِ تو مثال لب داماںِ تو باد

بانگ کوسِ تو چو بنگالہ و کابل برسد
کشور ہند ہمہ در تہِ فرمانِ تو باد

کس بجنگ تو مقابل نشود در عالم
ہر تہمتن صفت زال ہمیدانِ تو باد

سکۂ نام تو زیبد بنگین خورشید
کاتب ہفت فلک منشی دیوانِ تو باد

ہر سلیمانِ زمانہ مع جن و انسان
صفتِ مورچگان دانہ کش خوانِ تو باد

دیدۂ ماہ بخورشید ندارد پروا
ہمچنان روشنیِ شمع شبستانِ تو باد

شہرت انگیز شود قصۂ جودِ تو چنان
آنچہ گفتند بحاتم ہمہ در شانِ تو باد

چون کشی دستخطی کار مشیت سازی
خامۂ دستِ عطارد بقلمدانِ تو باد

تیرِ عشقِ تو چنان سینہ فگاری سازد
ہر کمان ابروِ دل دوختہ فرمانِ تو باد

صفحۂ دہر ز اوصاف تو مملو گردد
ہر زبان آور و مدّاح ثنا خوانِ تو باد

ہم ز بانی گذرِ باد خزانی نشود
بوستانِ سخن سبز گلستانِ تو باد

معرفت قطرہ را غیرتِ دریا بسازد
بحرِ عمان خجل از ساغرِ عرفانِ تو باد

چتر بردار تو باد آب جہان بدر منیر
پنجۂ مہر فلک مروحہ جنبانِ تو باد

آب از کاسۂ خورشید جہان تاب خورند
دانۂ انجم افلاک بمرغانِ تو باد

صفتِ گوہر زر کثرت اولاد شود
لعل آغوشِ دل از قطرۂ نیسانِ تو باد

ہمہ مقصود تو دلخواہ برآیند ز غیب
پیرِ گردون صفتِ بندہ بسامانِ تو باد

غرق دریاے الم را بعنایت دریاب
تا جہانست روان کشتی احسان تو باد
صفت خندۂ سوفار بود خندانی دست
سینۂ دشمن بد زخمی پیکان تو باد
صد وسی سال باقبال سلامت مانی
خالق ارض و سماوات نگہبان تو باد
غم مخور از ستم دیر خدایت یار است
اے صغیر این فلک پیر بسامان تو باد

خمسہ نعتیہ

ابر رحمت کی صفت مین ہے مجھے تشنہ لبی
کون سی بات کہون وہ کہ نہو بے ادبی
خوب مضمون بتایا ز سبب اعجاز نبی
مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

فکر و تشویش مین ہون سر بگریبان ہر دم
مجھے گستاخی جو ہوی اے وای ستم
یا نبی مجکو خداوند دو عالم کی قسم
نسبت خود بسگت کردم و بس منفعلم
زانکہ نسبت بسگ کوے تو شد بے ادبی

رو ہے انجیل بھی منسوخ ہین توریت و زبور
بولیان اور بھی تہین اوسکو جو ہوتا منظور
سب زبانون مین نہ تہی ایک کی تخصیص ضرور
ذات پاک تو چو در ملک عرب کرد ظہور
زان سبب آمدہ قرآن بزبان عربی

رخ تابان ہے ترا مہر عرب تا بعجم
صفت تیغ ہلال ابرو ہے اسکی ... اجی پر خم
رشک آئینۂ خورشید ہے ہر نقش قدم
... ان کرتے نہین یہ ستارے ... انجم
الله الله چہ جمال است بدین ... وگار ہے

ہوگئی عمر تمناے نظارہ مین بسر
... عشق و طالب دیدار سے پرہیز نکر
... یا اعتبار ہے
... دم ہے ہر نفس تجھے اندیشہ ... آتش جیسے ... ال بنگر

اے قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

شجر سیب و بہی و انار و درخت بادام
تاک انگور و نہال تر و نخچیر و خام
بارور ہیہ تو ہوئے آب رسانی سے تمام
نخل بستان مدینہ ز تو سرسبز مدام

شد از ان شہرۂ آفاق بشیرین رطبی

تجھے خالق نے کیا مالک نور ظلمات
چشمہ رحمت الطاف بنی تیری ذات
ہمکو عمر ابدی دی تو ہے ادنی سی بات
ما ہمہ تشنہ لبانیم و توئی آب حیات

لطف فرما کہ ز حد میگذرد تشنہ لبی

دامن عرش تو سمجھا صفت دامن دشت
سیر افلاک تو کیا خلد میں بھی کی گلگشت
ہاتھ دہونے کو سر عرش ملا نوری طشت
شب معراج عروج تو ز افلاک گذشت

بمقامیکہ رسیدی نرسد ہیچ نبی

نور سے کون ہوا خاک سے سب ہین پیدا
کون وہ تھا نظر آیا نہین سایہ جس کا
کون وہ تھا کہ نکل جائے کمر سے پٹکا
نسبتے نیست بذات تو بنی آدم را

بہتر از عالم و آدم تو چہ عالی نسبی

تب اندوہ سے اب دق ہون یہ حالت پہونچی
تو مسیحا ہے مناسب ہے عیادت میری
یہ گذارش ہے مرا صغیر غم و محنت کش کی
سیدی انت حبیبی و طبیبی قلبی

تو باد آب حیات بہ پیش تو قدسی لیے درمان طلبی

مسدس

سنہ خورشید جہان تاب خور...

کیا ہے شبا... لو پھر ز کثرت اولاد شود...
دن کو نہ ہے قرار نہ شب کو قرار ہے
شام بقا... ود تو دلخواہ بر آیند ز غیب
مضمون بانگ مرغ سحر آشکار ہے

غافل یہ وقتِ طاعتِ پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

طفلی کدھر گئی وہ جوانی کدھر گئی
چلّے سے یہ کمان چڑھی تھی اُتر گئی
بوڑھے ہوئے تو ٹوٹنے لگے اب کمر گئی
شامِ حیات تین پہر مین گذر گئی

غافل یہ وقتِ طاعتِ پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

سروِ روان مین زورِ روانی کہان رہا
سرچشمۂ حیات مین پانی کہان رہا
اگلا سا لطفِ سحر بیانی کہان رہا
پیری مین خوابِ عہدِ جوانی کہان رہا

غافل یہ وقتِ طاعتِ پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

فکرِ زن و عیال مین گذری ہے عمر سب
پیری مین بھی ہے خواب جوانی ارے غضب
دن کو نہ یادِ رب ہوئی شب کو نہ یادِ رب
غفلت کہان تک اُٹھ کہ ہے وقتِ نماز اب

غافل یہ وقتِ طاعتِ پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

مطلب گئے جو تجھ سے کام وہ تجھسے کہان ہوئے
اعضاے تن ضعیف ہوئے ناتوان ہوئے
اب کیا کرے گا کہنہ ترے استخوان ہوئے
دندان گرے نہین یہ ستارے نہان ہوئے

غافل یہ وقتِ طاعتِ پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

دنیا ہے مثلِ خواب کدھر ہے ترا خیال
لازم ہے ہر نفس تجھے اندیشۂ مآل

ریش و بروت میں یہ نہیں ہیں سفید بال | گویا شب حیات پہ اب آگیا زوال ہے

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

مصروف رات دن ہے تو دنیا کے کام میں
سجدے میں ہے خیال معیشت سلام میں
سمجھا کبھی نہ فرق حلال و حرام میں
جاتی ہے یہ بھی عمر تری صبح و شام میں

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

پھیلا کے پاؤں چین سے سویا تو عمر بھر
منہ ہاتھ دھو کے ہوش میں آ باندھ اب کمر
تدبیر زاد راہ کی کچھ پئے سفر
غفلت میں کیوں ہو دیکھ ذرا آنکھ کھول کر

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

کب آگہی ہوئی تجھے خالق کے نام سے
فرصت نہ پائی دن کو معیشت کے کام سے
حد سے زیادہ پیٹ بھرا ہے طعام سے
آواز دے رہا ہے جرس تجھکو شام سے

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

کس کام کا جہان میں اگر سو برس جیا
غفلت میں شام عمر کو برباد کر دیا
تو نے تو کوئی کام بھی اچھا نہیں کیا
ہر روز شب کو کہتے رہی تجھے آسیا

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

کرو یاد صبح وشام خدائے قدیر کو
لازم جوان سے ہے سوا فکر پیر کو
جسنے دیا ہے شاہ کا رتبہ فقیر کو
چونکا دیا اذان سحر نے صغیر کو

غافل یہ وقت طاعت پروردگار ہے
اب چونک پچھلی رات کا کیا اعتبار ہے

رباعی

کیونکر کہوں خوشگوئی کی خو مجھ میں ہے
خوبی ہے تو دعوی سے زبان بند رہے
میں تجھ میں ہوں ای حسن جو تو مجھ میں ہے
گل یہ نہیں کہتا ہے کہ بو مجھ میں ہے

مرثیہ

۱ کیا مجلس حسین علیہ السلام ہے
اس انجمن کا فرش بھی عرش احترام ہے
تسبیح سلک اشک ہر ذکر امام ہے
ممبر تجلیٔ طور زاکر موسی کلام ہے

فانوس رشک لالۂ باغ خلیل ہے
پنکھا نہیں علم میں پر جبرئیل ہے

۲ یہ بزم ہے وہ باغ کہ بلبل ثواب ہے
شرمندہ داغ دل سے گل آفتاب ہے
موتی ہے آب اشک پسینا گلاب ہے
سادات مومنین کی صفت بیحساب ہے

جو بزم تعزیت میں ہے وہ حق پسند ہے
مثل علم ہر ایک کا رتبہ بلند ہے

۳ قاصر ہے وصف مجلس شبیر میں زبان
سہرے سے علم کے ہے بوئے گل جنان
ہر شے یہاں ہی اوج شرافت سے آسمان
گیسوے حور عین ہی اگر کا دھوان یہاں

بزمِ غمِ حسین مین عالم ہے نور کا
تو شمع کی نہین ہے یہ شعلہ ہے طور کا

رشکِ بہارِ خلدِ برین ہے یہ انجمن
یوسف نہ ہے یہ بزم تو جنت ہے پیرہن
قدرت کی اس مین پھول ہر اک مین کھلا چمن
اس بزم کو جہان ہے تشبیہ بہ جان و تن

اس انجمن مین جو ہے وہ رضوان سرشت ہے
ہر اک ثواب جس مین ہے یہ وہ بہشت ہے

پیراہنِ سخن سے پئے قامتِ زبان
ذاکر بھی ہے زبانِ بیان سے گہرفشان
اس پیرہن کے جیب مین ہے گوہرِ بیان
مہر ہے لامکان تعلّی کو نردبان

مانندِ مہر و ماہ مضامین بلند ہین
اس مرثیہ مین خلعتِ قدرت کے بند ہین

اللہ رے نورِ روضۂ شاہِ فلک جناب
شوکت مین بیمثال ہے رتبہ مین لاجواب
دن کو ہے آفتاب تو شب کو ہے ماہتاب
زائر کے واسطے حجِ کعبہ کا ہے ثواب

روضہ نہین ہے روئے زمین پر یہ شاہ کا
بالائے فرش سایہ ہے عرشِ اللہ کا

اوجِ سپہر پستیِ دربارِ شاہ ہے
آگے چراغ کے یدِ بیضا سیاہ ہے
قندیلِ نورِ دیدۂ خورشید و ماہ ہے
مٹی بھی ہے یہان کی تو وہ سجدہ گاہ ہے

خورشید ذرّہ ہے درِ شہ کے غبار کا
پروانہ ماہتاب ہے شمعِ مزار کا

ہر شے کو غم ہے سبطِ رسالت مآب کا
اس غم سے داغدار ہے دل ماہتاب کا

جیحون موج خیز ہے دیدۂ سحاب کا — ہر قطرہ چشم تر مین ہے دریا ثواب کا
اللہ کو یہ گریہ و زاری قبول ہے
باب فلک سے رحمت حق کا نزول ہے

٩
اس اشک پاک کی یہ حدیثون مین ہے خبر — نکلے پر مگس کے برابر یہ اشک اگر
ہو پاک دفتر عصیان نوحہ گر — احسان بے حساب ہو روح رسول پر
یہ گریہ بعد مرگ بہت کام آئے گا
محشر کے روز نار سقر کو بجھائے گا

١٠
رونا پہ حسین عبادت سے کم نہین — اسکا ثمر نماز جماعت سے کم نہین
رونے مین یاد شاہ ریاضت سے کم نہین — ذکر غم حسین تلاوت سے کم نہین
سادات مومنین کے لبون پہ درود ہے
بیٹھے ہین پر ثواب رکوع و سجود ہے

١١
پھر یہ اشارہ کرتا ہے اب قلم — بس ہو چکے فضائل مجلس بہت رقم
تا حشر اگر یہ وصف لکھے گا نہ ہونگے کم — تحریر کر مصائب شاہنشہ امم
وہ حال لکھ کہ جوش بکا سامعین کو ہو
گردش ہو آسمان کو تزلزل زمین کو ہو

١٢
اعدا نے جب وطن مین ستایا امام کو — قصد سفر ہوا شہ عالیمقام کو
عباس سے کہا کہ نکالو خیام کو — بیٹا یہان سے جائینگے بیت الحرام کو
جیتے جی اب سفر سے وطن مین نہ آئینگے
چھوٹا مدینہ وادی مدفن بسائین گے

کیونکر رہین وطن مین کہ آرام اب نہین　　نیک اسجگہ کے رہنے کا انجام اب نہین
شہر و دیار سے ہمین کچھ کام اب نہین　　صبح وطن مین خیریت شام اب نہین
ماتم کدہ ہے کلفت خاطر یہ غم نہین
ہر حال مین یہانسے ہے لازم سفر ہمین

پر خاش پر ہے حاکم عدار اندنون　　بیعت کا ہے وہ طلبگار اندنون
نامے بھی آچکے ہین کئی بار اندنون　　مفسد بہی ہین مدینے مین دو چار اندنون
بہتر ہے گھر سے دور جو تیغ آزمائی ہو
ایسا نہو کہ خاص وطن مین لڑائی ہو

اسباب جو سفر کا ہے لدواؤ اونٹو پر　　سمجھاو سب کو راہ عدم کا یہ ہے سفر
مقتل بسانے کے لیے ہم چھوڑتے ہین گھر　　چلنا ہو جسکو ساتھ سمجھ کر کسے کمر
جس سرزمین کے واسطے جانا ضرور ہے
وہ منزل اخیر مدینہ سے دور ہے

مشکین ہون ساتھ اور ہون پانی کی چھاگلین　　تکلیف پیاس کی نہو بچون کو راہ مین
کعبہ و حرم سے لیکے چلی ہے قضا ہمین　　کچھ جامۂ کہن ہو تو ہمراہ لے چلین
رخت بدن کو لوٹنے جب کوئی آئے گا
عریان تنی سے جامۂ کہنہ بچائے گا

عباس سے تو تھا شہ والا کا یہ بیان　　پہنچی خبر مدینہ مین سب کو یہ ناگہان
جا بیگی صبح کو سوے کوفہ شہ زمان　　یہ سنکے شہ کے پاس گئے پیر و نوجوان
اہل وطن کی بیخبری درپا دھام تھا

دولت سرا مین بیبیون کا اژدہام تہا

۱۸ سب متفق یہ کہتے تہے کیسا ہے یہ سفر
گرمی بہت ہے دہوپ مین مشکل ہی رہگذر
جاتا ہے شہ کے ساتہ وطن سے تمام گھر
اہل حرم ہین ساتھ سفر ہے دراز تر
پانی جو منزلون مین مسافر نہ پائین گے
بچّے ذرا ذرا سے ہین سب تونتن جائینگے

۱۹ شبیر کیا چلے کہ مدینہ ہوا تباہ
خوش اعتقاد دین کے پوچہینگے کس سے راہ
بعد حسینؑ شب سے سوا ہوگا دن سیاہ
محشر کے دن سے کم نہین روز فراق شاہ
در پیش شاہ کو جو وطن سے جدائی ہے
کل سے اوداسی روضۂ احمدؐ پہ چہائی ہے

۲۰ کہتا تہا کوئی جوڑ کے ہاتہون کو یا امامؑ
کیونکر نماز ہوگی جماعت کی صبح و شام
حضرت چلے یہان سے جب آیا مہ صیام
پائینگے کس سے فیض دو عالم کا خاص و عام
باقی فقط ہین آپ نشانی بتولؑ کی
حضرت کو دیکہنا ہے زیارت رسولؐ کی

۲۱ چہوڑینگے آپ بادشہ والا جو یہ دیار
مرقد مین روح فاطمہؑ کی ہوگی بیقرار
کانپے گا غم سے احمدؐ مختار کا مزار
قبر حسنؑ سے ہوگا غبارِ غم آشکار
ہر صبح فاتحہ کو وہان کون جائے گا
ہر شام کون شمع مقابر جلائے گا

۲۲ منظور ہے زیارتِ بیت الحرام اگر
اہل حرم کے جانے سے برباد ہوگا گہر
تو آپ اکیلے حج کے لیے کیجیئے سفر
اطفال خورد سال ہین گرمی ہے کسقدر

آرام ہوگا دھوپ ہے دشوار راہ مین
یہ خوف ہے نہ ہو کوئی بیمار راہ مین

۳۲ فرمایا شاہ نے کہ یہ ہے راست سب بیان
پر کیا کرین کہ رہ نہیں سکتے ہم اب یہان
جس سرزمین کی خاک ہو جانا پڑا وہان
جائین نہ کسطرح مرے تقدیر ہے یہان

سہنا ہے تو داغ مرگ عزیزان اوٹھائینگی
بعد حسین لٹنے یہ بلوے مین جائینگی

۳۳ یہ بات سنکے اہل وطن روئے زار زار
کی عرض کیا کسی کو مقدر پہ اختیار
ہو کر وداع گھر مین گئے شاہ اشکبار
داخل حرم سرا مین ہوئے شاہ نامدار

بس قبع زنان ہاشمیہ کو وبال تھا
یاد فراق شہ سے عجب دلکا حال تھا

۳۴ گھیرے ہین اہل بیت پیمبر کو بیبیان
آنسو تھے بات بات مین رخسار پر روان
ام البنین کا یہ سکینہ سے تھا بیان
جاتی ہو تم سفر کو ہمین چھوڑ کر کہان

ہو جائیگا جو طول شب انتظار کو
کیونکر قرار ہوگا دل بیقرار کو

۳۵ باتین تمہاری دل کو بہت یاد آئینگی
چیزین جو کھیلنے کی ہین وہ نا گہر ہائینگی
ہمجولیان اگر ہمین گھر مین نہ پائینگی
رو کر تمہاری یاد مین سب کو رلائینگی

صغرا کا ہوگا کل سے یہ عالم جدائی مین
ہوگی تپ مرض سے تپ غم جدائی مین

۳۶ کہتی ہون ایک بات مین گو تم ہو خورد سال
یہ چھوٹے میری بات کا رکھنا ذرا خیال

جب سے سفر میں تشنہ لبی سے تباہ حال
پانی کا ماں پھوپھی سے نہ کرنا کبھی سوال

مشکیزہ دیکھے شہ کو نہ اکبر کو بھیجنا
دریا پہ اپنے عمّو دلاور کو بھیجنا

۴۸
آئے مکان میں شاہ جو سنتے ہوئی یہ بات
آنکھوں کے نیچے پھر گئی جنگ لب فرات
تھے پیچھے پیچھے شاہ کے عباس نیک ذات
روئے لپٹ کے بھائی سے وہ شیر خوش صفات

فرمایا نہر پر یہ ہے آپ جائیں گے ہائے
پیاسے پر انکے ہاتھ سے پانی نہ پائینگے

۴۹
یہ مشک بھر کے نہر سے نکلیں گے جسگھڑی
مارینگے تیر چار طرف سے انہیں شقی
شانے کٹینگے جب تو گریگا نشان بھی
وقت فنا پکارینگے ہمکو اخی اخی

ہم جا کے انکی لاش پر آنسو بہائینگے
مشک و علم فرات سے خیمہ میں لائینگے

۵۰
اُن بی بیوں نے جب یہ سُنی بات شاہ سے
عالم دکھایا حشر کا فریاد و آہ سے
کی عرض سب نے سبط رسالت پناہ سے
ظلم شدید ہونگے یہ کسکی سپاہ سے

سادات کو ستا کے کوئی پھل نہ پائیگا
وہ کون ہے جو نام نبی کا مٹائیگا

۵۱
شہ نے کہا کہ ہونگے وہ دیندار کلمہ گو
پر میرے حق میں ہونگے دل آزار و کینہ جو
میرا گلا بھی کاٹ ہی چکیں گے جو تند خو
لوٹینگے اہل بیت رسالت پناہ کو

خیمہ جلا کے روئے زمیں پر گرائیں گے
سر ننگے اہل بیت کو در در پھرائیں گے

۳۲ نانا نے کربلا سے منگائی تھی تھوڑی خاک
شیشے مین ہے بھری ہوی رکھی وہ خاک پاک
وہ سرخ ہو تو جاننا تم مین ہوا ہلاک
مانند روز حشر وہ دن ہوگا بیم ناک
تا ظہر سب عزیز سوے خلد جاینگے
بعد نماز عصر گلا ہم کٹاینگے

۳۳ یہ کہکے کچھہ اشارہ جو شبیر نے کیا
اعجاز شہ سے اونچی ہوی ارض کربلا
فرمایا سب سے دیکھہ لو مقتل حسین کا
سب نے جو کی نگاہ تو دیکھا یہ ماجرا
مقتل ہے خیمہ گاہ حسین غریب ہے
تنہا ہیت شاہ وقت شہادت قریب ہے

۳۴ میتین یہ حال دیکھکے وہ بی بیان تمام
باقی کسی کو پھر نہ رہی طاقت کلام
آمادہ سفر ہوے کچھہ رات سے امام
آگے ہوے روانہ کئی اشتر خیام
ہو کر وداع گھر سے چلے شاہ دوجہان
اکیس تن رکاب مین تھے طفل و نوجوان

۳۵ پردے کے اہتمام مین تھے شاہ نامدار
گھیری قنات پہلے بہن کو کیا سوار
پھر سب کو محملون مین بٹھایا بصد وقار
اکبر سے یہ کہا کہ ان اونٹو ن سے ہوشیار
جن پر کجاوے تھے وہ شتر قرب باپ تھے
ڈیوڑھی مین اہل بیت رسالت مآب تھے

۳۶ وہ منزلین تھین سخت وہ تھا موسم غبار
چلتے تھے شب کو اسلیے شبیر نامدار
تا دھوپ کی تپش سے ہون بچے نہ بیقرار
ناگاہ ایک شب کو نظر آئے کچھہ سوار
باغ بہشت کی تہ ران راہوار تھے

انسان نہ تھے ملک عالی وقار تھے

۳۷
تھے سب سلاحِ جنگ بھی ہر جسم پر عیاں | شمشیر و ترکش و سپر و نیزہ و کمان
تھے خود و چار آئینہ بھی تا کمر نہان | بعد سلام ایک نے شہ سے کیا بیان
حکم خدا سے آپ کی خدمت میں آئے ہیں
ہم ہدیہ درود خداوند لائے ہیں

۳۸
جو حکم ہمکو ہو وہ بجا لائیں یا امام | دشمن ہوا آپکے ہوں مٹا دیں ہم اونکا نام
حاضر رہیں حضور کے ہمراہ صبح و شام | خیمے کے پاسبان جہاں شبکو ہو مقام
آتے تھے آگے عہد رسالت مآب میں
بہر مدد اب آئے ہیں شہ کی جناب میں

۳۹
یہ سن کے اون سے حضرت شبیرؑ نے کہا | کیونکر ہو شکر رحمتِ پروردگار کا
بھیجا جو تمکو بندی پر اوس نے کرم کیا | پر مشہد حسینؑ ہے میدان کربلا
اندیشۂ ضرر نہیں کچھ ہمکو راہ میں
آنا ہمارے پاس مگر وعدہ گاہ میں

۴۰
مجکو فنا سے اہل شقاوت ہے سہل تر | تمسے سوا ہے قوت و طاقت مجھے مگر
حجت تمام کرنی ہے اہل فساد پر | دینا ہے مجکو راہ میں خالق کی اپنا سر
وعدہ کیا ہے جو وہ مرے سر کے ساتھ ہے
پر آبروئے حسینؑ کی خالق کے ہاتھ ہے

۴۱
باتیں یہ کر کے شہ نے پڑھیں چند آیتیں | سمجھا چکے تو شاہ نے رخصت کیا انہیں
طے ہو گئیں غرض وہ کئی دن میں منزلیں | پہونچے حرم حسینؑ کے بیت الحرام میں

شعبان کی تیسوین تھی وہ جمعہ کا روز تھا
نورِ زیارتِ شہ عالم فروز تھا

۴۲ جس روز سے کہ مکہ مین داخل ہوئے امام
ناگاہ آئے کوفیون کے نامہ و پیام
آنے لگے نماز جماعت کو خاص و عام
لکھا تھا منتظر ہین مسلمان یہان تمام

عرصہ نہ فرمائیے تشریف لائیے
گمراہون کو چراغِ ہدایت دکھائیے

۴۳ آتے تھے پاس شاہ کے خط روز بیشمار
مسلم کو پہلے بھیجا کہ ہو حال آشکار
لکھا ہے نامے آئے کئی دن مین جب ہزار
ذیحجہ کی نوین کو ہوئے شاہِ دین سوار

آئے تھے جو وطن سے وہ ہمراہ سب چلے
کعبہ ہو ساتھ تھے سب اہلِ عرب چلے

۴۴ کعبہ سے سوئے کوفہ روانہ ہوئے امام
اٹھارھوین جو شاہ کو منزل ہوئی تمام
کرتے تھے کوچ رات کو شہ صبح کو مقام
اُترے سب اہلبیت بپا ہو گئے خیام

خیمہ کے گرد پیش حسینی سپاہ تھی
وہ تھی عجب سپاہ عجب بارگاہ تھی

۴۵ کرسی بچھائے بیٹھے تھے شبیر قربِ در
ناگاہ ایک مردِ مسافر پڑا نظر
بارِ غم و الم سے جھکائے ہوئے تھے سر
جاتا تھا کوفہ سے سوئے کعبہ کسے کمر

رنج و الم سے خون جگر چشم تر مین تھا
آلودہ تا بفرق وہ گردِ سفر مین تھا

۴۶ اصحاب مین سے ایک کو حضرت نے یہ کہا
اس راہرو کو پاس مرے جلد جا کے لا

اوسنے حضور شاہ کے حاضر اوسے کیا
پوچھا حسین نے کہ تو ہے کون یہ بتا
یہ کیا ہے تو جو غم سے پریشان زیادہ ہے
آتا ہے تو کہان سے کہان کا ارادہ ہے

کی عرض اوسنے جوڑکے ہاتھونکو یا امام
گھبرا کے شہر کوفہ سے نکلا ہے یہ غلام
اب قصد ہے کہ کعبہ مین چندی کرے مقام
باہم ہین اہل کوفہ فراہم ہین اہل شام
چارو طرف ہے غدر پر آشوب شہر ہے
باہر نیام امن سے شمشیر قہر ہے

فرمایا شہ نے کچھ تجھے مسلم کی ہے خبر
اوسنے کہا کہ ظلم ہوا اوس غریب پر
پہلے تو معتقد ہوے اہل دغا و شر
بھیجا ہے سوے شام سر اب اونکا کاٹ کر
بیعت جنہون نے کی تھی وہ گمراہ ہوگئے
جو جو تھے خیر خواہ وہ بدخواہ ہوگئے

کس بیکسی سے قتل کیا اوسکو کیا کہون
کتنون نے اوسکو سنگ زنی سے کیا زبون
اکثر نے برچھیون سے کیا غرق بحر خون
کہتا وہ تھا کہ مین تو گرفتار رنج ہون
کوئی دغا کرینگے شہ دین پناہ سے
حضرت یہان نہ آئین پلٹ جائین راہ سے

یہ سنکے روے حضرت شبیر زار زار
سوے حرم سرا گئے بیتاب و بیقرار
مسلم کے بیٹون کو کیا لپٹا کے شہ نے پیار
فرمایا تم یتیم ہو جاؤ سوے دیار
کی عرض اونھون نے چھوڑکے شہ کو نجائینگے
ہم کوفیون کے خون کا دریا بہائینگے

۵۱ مسلم کے غم مین روے بہت شاہ کے حرم
سب سے زیادہ بیوہ مسلم کو تہا الم
گویا اوسی جگہہ سے ہوئی ابتدائے غم
تشریف لائے خیمہ کے باہر شہ امم
سب سے کہا حسین غریب الدیار ہے
ہمراہ تم چلو نہ چلو اختیار ہے

۵۲ کعبہ سے جو حسین کے ہمراہ آئے تھے
جانباز و جان نثار جو تھے ساتھہ وہ رہے
ہوکر وداع شہ سے گھرون کو وہ پھر گئے
ناگاہ شہ نے کوچ کیا اوس مقام سے
تھوڑی سپاہ لیکے شہ بحر و بر چلے
پرخار تھی وہ راہ تو وقت سحر چلے

۵۳ منزل بہت تہی سخت بہت راہ مین تھے خار
گہوڑے تہے گرد بیچ مین اونٹو نکی تھی قطار
میدان تہا نہ تھے اشجار سایہ دار
ناگاہ ایک دور سے پیدا ہوا غبار
ظاہر غبار راہ سے پیر و جوان ہوئے
چمکے جو خود فرق پہ نیزے عیان ہوئے

۵۴ آیا جو حر مقابل حضرت مع سپاہ
تجویز کی پہاڑ کے دامن مین خیمہ گاہ
شاہ ہدا نے چند قدم چھوڑ کر وہ راہ
اوتری مقابل شہ دین فوج کینہ خواہ
تیزی تہی آفتاب مین گرمی شدید تھی
شدت سے تشنہ لب وہ سپاہ پلید تھی

۵۵ حضرت نے اونکی پیاس کا احوال دیکہکر
مشکین جو ساتھہ پانی کی تھین بہیجدین اودہر
فرمایا خادمون سے کرو اونکے ہونٹ تر
سیراب ایکدم مین ہوئے اسپ اور شتر
سیراب جس سپہ کو کیا حیف شاہ نے

پیاسا شہید شہ کو کیا اوس سپاہ نے

آیا نمازِ ظہر کا ہنگام ناگہان ؎ ارشاد شاہِ دین سے کسے نے کہی اذان
پڑہنے لگے نماز جماعت شہِ زمان حر بہی ہوا شریک مع لشکرِ گران ؎
پڑہ کر نماز شاہ نے شکرِ خدا کیا
پہر بعد ظہر عصر کا سجدہ ادا کیا

فارغ ہوے جو طاعت معبود سے امام فرمایا حر سے کس لیے آیا ہے کیا ہے کام
کی عرض اوسنے ہے یہی حکم امیر شام کرنا وہان مقام جہان شہ کا ہو مقام
جس منزل و مقام مین پانا حسین کو
کوفے کی سمت گہیر کے لانا حسین کو

شہ نے کہا کہ کچہ مری تقصیر کچہہ خطا لکہہ لکہہ کے روز خط مجہے تم نے طلب کیا
اب روکنے کے واسطے آئے ہو راستا کرتے ہو میہمان و مسافر سے تم دغا
جینے مین عذر کچہہ نہین مرنے کا ڈر نہین
پر کربلا سے آگے ہمارا سفر نہین

تاریخ دوسری تہی محرم کی ناگہان پہونچے میانِ دشت مصیبت مین شیخ زمان
روکی وہین حسین نے رہوار کی عنان پوچہا زمین کا نام کسی نے کیا بیان
یہ جاے رنج و غم بہی ہے دشت بلا بہی ہے
مشہور نینوا بہی ہے اور کربلا بہی ہے

اوس روز تو رہا اوسے میدان مین مقام گزری جو شب تو صبح کو لادے گئے خیام
تہی ساتہہ ساتہہ شہ کے سپاہِ امیر شام یون منزلون کو کرتے تہے طے راہ دن امام

ہر شب ہوا مقام سفر ہر سحر ہوا
پہونچے جو کربلا میں تو آخر سفر ہوا ٦١

رد گرکسا حسین نے پہونچے مقام پر
خیمہ ہوا اوس جگہ کہ ہو دریا قریب تر
فرمایا سب رفیقوں سے کھولو یہین کمر
ناگاہ فوج حر سے اک آیا پیام بر
کی عرض کیوں حضور کو دریا پسند ہے
آب وطعام آپ کے لشکر کا بند ہے ٦٢

حاکم کا حکم یہ ہے کہ اترین وہاں حضور
سایہ نہو درخت کا پانی جہان ہو دور
قصد لب فرات ہے تو ہوگا شر ضرور
حضرت نے اونسے پوچھا کہ کیا ہے مرا قصور
مہمان پر یہ لطف ہے یہ التفات ہے
دعوت کے بدلے قرقی آب فرات ہے ٦٣

تھرا رہے تھے غیظ مین عباس نیکنام
کہتے تھے شہ سے مجکو اجازت ہو یا امام
کھینچوں حسام کام کرون انکا میں تمام
فرمایا شاہ نے یہ نہیں جنگ کا مقام
تلوار کھینچنے مین نہ تم ابتدا کرو
ہے صبر کی جگہ یہیں خیمہ بپا کرو ٦٤

آخر وہین حسین کے خیمے بپا ہوئے
اونچے وہ فرش خاک سے مثل سما ہوئے
داخل خیام مین حرم مصطفےٰ ہوئے
رونق فزا زمین مین سب جا بجا ہوئے
گھوڑوں کی صف بہی اونٹوں کی دوہری قطار تہی
سب تہا پر ایک پانی کی ہر سو پکار تہی ٦٥

وہ گرمیوں کی دھوپ وہ خورشید کا زوال
خیمہ تہا گرم دھوپ سے تنور کے مثال

تشنہ لبی سے بی بیون کا تہا تباہ حال　　مائین تھی بچواس تو بچے تھے سب نڈہال
حضرت کو بہر آب بہت اضطراب تہا
دریا تو تہا قریب مگر قحط آب تہا

٦٤
پیاسے رہے جو تین شب و روز تک حرم　　ہونٹون پہ آئے تشنہ دہانی سے سب کے دم
شہ نے جہٹی کو خیمۂ اطہر سے لوق درم　　گاڑا زمین پہ احمد مختار کا علم
اعجاز تہا امام ہمایون سرشت کا
جاری ہوا زمین سے چشمہ بہشت کا

٦٥
تقسیم سب کو شاہ نے پانی غرض کیا　　جب پی چکے حرم تو رفیقون نے بہی پیا
اسپ و شتر تے تشنہ اونہین بہی پلا دیا　　باقی رہا جو آب وہ مشکون مین بہر دیا
پانی تو آٹہوین کو بہی پایا کسی طرح
پہر ایک قطرہ ہاتھ نہ آیا کسی طرح

٦٦
شام نہم کو تہا یہ غرض حال تشنہ گان　　سوکھی ہوئی تہی کام و دہان لب و زبان
اطفال جان بلب تہے پریشان بی بیان　　روتی تہین وہ دیکھ کے رو ہی شہ زمان
طاقت نہ بات کی تہی نہ یارا سخن کا تہا
بہائی کے غم مین حال پریشان بہن کا تہا

٦٧
سب سے سوا جو حضرت زینب تہین بیقرار　　بہائی کے پاس جاتی تہین گہبرا کے بار بار
کہتی تہین یہ حسین سے بہیا ہین نثار　　سنتی ہون فوج آتی ہے کچہ غم سے بیشمار
اندیشہ ہے مجہے کہ لڑائی کہین نہ ہو
بہائی بہن سے جیتے جدائی کہین نہ ہو

۵۰ مجکو سوا تمہارے کوئی آسرا نہین
بیٹے ہین پر عزیز وہ تمسے سوا نہین
مدت ہوئی کہ سایہ بھی ماں باپ کا نہین
چہوڑا وطن تمہارے لیے بہینے یا نہین
گہر سے فقط تمہاری محبت مین آئی ہون
دو لخت دل نثار مین کرنے کو لائی ہون

۵۱ تمسے عزیز اپنی کمائی نہین ہے مجھے
فرقت مین اونکی نیند کب آئی نہین مجھے
الفت کچہہ اتنی بیٹون کی بہائی بہن مجھے
منظور پر تمہاری جدائی نہین مجھے
فرزند ہنیز رخصتِ شہادت خوشی یہ ہے
بہائی رہین جہان مین سلامت خوشی یہ ہے

۵۲ کیونکر ہنو ہراسان سوا دل کو اضطرار ہے
اندیشۂ سحر سے مرا دل ہے بیقرار
فتح و شکست پر نہین انسان کو اختیار
تہوڑی سپاہ شہ ہے ستمگر ہین بیشمار
کسطرح فتح و جنگ کا ہو آسرا مجھے
دیکہون خدا دکہائے گا کل صبح کیا مجھے

۵۳ شہ نے کہا کہ صبر ہے درکار اے بہن
نزدیک مجھسے موت ہے گو دور ہے وطن
ہونا ابہی ہے تجکو اسیرِ غم و محن ہے
ممکن نہین کہ بعدِ فنا بہی ملے کفن
عابد تمہارے ساتہہ سوے شام جائینگے
مٹی بہی اربعین تلک ہم نپائینگے

۵۴ نقارہ کل ظفر کا بجائینگے اشقیا ہے
غارت کرینگے گہر کو جلائینگے اشقیا
ہنگام شام خیمہ مین آئینگے اشقیا
سجاد کو بہی طوق پہنائینگے اشقیا
گہوارہ اوتار لینگے سکینہ کے کان سے

برسے گا بعد عصر لہو آسمان سے

شہ

حضرت گئے اِس بیان سے محشر بپا ہوا — افزون صدائے صور سے شور بکا ہوا
خیمہ وہ اہل بیت کا ماتم سرا ہوا — بھر نماز قصد شہ کربلا ہوا
سر رکھکے راہ بندگی بے نیاز مین
مشغول رات بھر رہے حضرت نماز مین

شہ

گزری غرض وہ رات نمایان ہوئی سحر — فوجِ شقی مین چوب پڑی طبل جنگ پر
سجدے سے نور عین نبیؐ نے اوٹھایا سر — ہو کر وداع اہلِ حرم سے کسی کمر
سیلِ سرشکِ درد و الم چشم تر مین تھی
بر مین زرہ تھی تیغ و دو پیکر کمر مین تھی

شہ

باہر چلے خیام حرم سے شہ غیور — سب بی بیان قریب تھین کچھ لونڈیان تھین دور
در تک گئین وہ پردہ نشینانِ باصبور — باہر یہ غل ہوا کہ برآمد ہوئے حضور
عصمت سرا سے آتے جو دیکھا امام کو
سب یاور و رفیق ہوئے خم سلام کو

شہ

ہر چند وہ سپاہ حسینی بہت تھی کم — حضرت کے حکم سے ہوئے انصار سب بہم
بخشا امامِ عصر نے عباسؑ کو علم — ناگاہ حملہ ور ہوئے سب بانیِ ستم
تیر آئے ظالمون کے بہت فوجِ شاہ مین
حُر پہلے حکم شہ سے گیا رزم گاہ مین

شہ

میدان مین لڑ کے حر دلاور ہوا تمام — پھر جا کے سب شہید ہوئے یاور امام
جب ہو چکے تمام سب انصارِ نیکنام — خیمے سے رن مین آئے عزیزِ شہِ انام

زینب کے لال خون میں جب لال ہو گئے
ابن حسنؑ بھی گھوڑون سے پامال ہو گئے

۵۰
عباسؑ پھر جنگ چڑھے راہوار پر
مشکیزہ لیکے آئی وہ در پر بچشم تر
خیمہ میں یہ سکینہؑ نے جس دم سنی خبر
آواز دی چچا کو کہ آؤ ذرا ادھر

پانی پلاؤ وقت یہ تاخیر کا نہین
اب تاب تشنگی کی مجھے اے چچا نہین

۵۱
عباسؑ لیکے مشک گئے جانب فرات
مشکیزہ بھر کے نکلے جو عباسؑ نیکذات
غازی کے ڈر سے ہٹ گئے دریا سے بدصفات
تیر افگنون نے تیغ زنون نے نہ دی نجات

شانے جو کٹ گئے تو زمین پر علم گرا
غش کھا کے ابن فاتح خیبر العلم گرا

۵۲
میدان جنگ مین گئے ہمشکل مصطفےٰ
خیمہ سے دی سکینہ نے یہ شبیرؑ کو صدا
ناگاہ زن سے تیر لیکا پہل پار ہو گیا
اصغرؑ تڑپ رہا ہے خبر لیجیے ذرا

گھر سے جو رنگین لائے شہ بیکس اوسے
مارا کسے ستمگر بیدین نے تیر اوسے

۵۳
سب ہو چکے شہید تو تنہا رہے امام
بیتاب و بیقرار تھے اہل حرم تمام
اصغرؑ کو دفن کر کے پھرے جانب خیام
شہ نے کہا کہ صبر و رضا کا یہی مقام

گو ہے جفا و ظلم و جفا کا یہ وقت ہے
اے اہل بیت شکر خدا کا یہ وقت ہے

۵۴
شکوے کا حرف منہ سے ہرگز نکالنا
صدمہ اگر بہت ہو تو دل کو سنبھالنا

یون پر اپنے خاک مصیبت نہ ڈالنا — آغوش عاطفت مین سکینہ کو پالنا
اب ہم وداع وقت شہادت کرد ہین
سونپا تمہین کریم کو رخصت کرد ہین ٥٥

یہ کہکے قرب اسپ گیا ابن بوتراب — تھامی بحل کے زینب دلگیر نے رکاب
رونق فزاے زین ہوے شاہ فلک جناب — قربان ہوا جمال مبارک پر آفتاب
پہیری لگام جانب میدان جو شاہ نے
پھر روشنی طور دکھائی الہ نے ٥٦

میدان مین شور آمد شاہ زمن ہوا — شیر آیا اہل ظلم کا نقشہ ہرن ہوا
خورشید روے شاہ جو پرتو فگن ہوا — روشن زیادہ دیدۂ چرخ کہن ہوا
کیا نور تہا امام ملائک جناب کا
رخ پھر گیا حیا سے ادہر آفتاب کا ٥٧

پیشانی حسین ہے آئینہ قمر — آئینہ قمر سے ہے یہ بلکہ صاف تر
ظاہر نشان سجدۂ خالق نہین مگر — داغ دلی کا عکس پڑا ہے جبین پر
تشبیہ داغ سجدہ سے دل باغ باغ ہی
ہان مہر دست کاتب قدرت یہ داغ ہی ٥٨

آئی جو زمین نکہت گیسوے پر شکن — میدان کارزار ہوا وادی ختن
سب وصف طول زلف مین کوتاہی سخن — سنبل جو ہے یہ زلف تو چہرہ یہ ہے چمن
بابین ہر دو زلف تہان روے شاہ ہے
پہیلے ہین ہاتہ شب کے ہم آغوش ماہ ہے

۸۹
ہون فکرِ وصفِ ابروی پرخم مین سرنگون
محراب کعبہ ایسی نہین کیا مثال دون
تشبیہ کہنہ ہے جو مہِ نو اسے کہون
کیونکر کہے کمان کہان فکرِ رہنمون ؟
رنگ ابرؤن مین تیغ کے حق نے دکھا دیئے
شمشیر کے دو دشین اولٹ کر لگا دیئے

۹۰
نرگس کہون ستین کی آنکھونکو یا غزال
تشبیہ صاد سے دون کہ بادام سو مثال
ہر چند ساغرِ مے عرفان کا ہے خیال
پر دل سے کہہ رہی ہی یہی فکرِ نیک فال
مردم غلاف چشم سے زیرِ نقاب ہین
آغوش موجِ حسن مین طفلِ حباب ہین

۹۱
تصویر کھینچتے ہین جو مژگان شہ کی ہم
بہزاد ہے یہ ذہنِ رسا فکر موقلم
تیر و سنان و نشتر و خنجر ہوئے بہم
سب ناپسند ذہن کو آئے دمِ رقم
نقشے مین اور رنگ مین سب سے جدا یہ ہین
پلکین نہین ہین ریشۂ کلکِ قضا یہ ہین

۹۲
ہین بینیِ حسینؑ کے اوصاف بے شمار
حق بینیِ امام سے ہے عالم پر آشکار
بینی علیؑ کا ہاتھ ہے ابرو ہے ذوالفقار
منہ چشمۂ حباب ہے بینی ہے خضر وار
بینی کی سب عدو بھی نہان شہ کے بر مین ہین
غمناک دل ہے داغ بشتر جگر مین ہین

۹۳
مثلِ صدف بنائے ہین خالق نے گوشِ شاہ
معنی انہین مین گوہرِ الہام کی ہی راہ
برگِ نہالِ قد نہین ہین اسمین اشتباہ
دو دو لو ہین گوش دو دو نو ظرف واہ واہ واہ
تو لال شب چراغ سے روشن فزود ہے

یہ لو وہ ہے کہ گیسوئے شبرنگ دود ہے ۹۴

رخسارۂ حسین ہے یا نیّر سحر ٭ — یہ نیّر سحر سے ہے روشن زیادہ تر
پرتو ہر مردمک کا گمان ہے یہ خال پر — چار آئنے مین جلوۂ رُخ ہے اِدہر اُدہر
رنگین جو خون سے رُخِ پر نور شاہ ہے
گویا شفق مین جلوۂ خورشید و ماہ ہے ۹۵

نقشِ دہن ہے خانۂ تعویذ ذکرِ رب — معجز نمائیونسے ہین رشکِ مسیح لب
دانتون مین ہے تجلّی آئینہ حلب ٭ — تحریر لا الٰہ کی صورت ہے اہنین سب
دُرِّ یتیم ہین یہ گمان آب تاب سے
آبِ حیات گوہرِ دندان کی آب ہے ۹۶

سیبِ ذقن ہے بیضۂ خورشیدِ آسمان — کوثر کی آب چاہِ زنخدان مین ہی عیان
نورِ گلو ہے ریشِ مبارک سے یہ عیان — یا ہی شعاعِ مہر کا ہر بال پر گمان ٭
ہے اتصال تارِ گریبان جو گال سے
کنٹھی مین روشنی ہے زیادہ ہلال سے ۹۷

شانے حبابِ بحرِ شجاعت ہین شاہ کے — بازو ہین مثلِ موج شہِ دین پناہ کے
زور ان کلائیون مین ہین دست الٰہ کے — دونون ہتھیلیان ہین طبقِ مہر و ماہ کے ٭
انگشت خاتمہ یدِ قدرت سے کم نہین
ناخن نگینِ مہرِ نبوت سے کم نہین ۹۸

سینۂ شریف مین صورتِ قران ہی بیگمان — ہے لوحِ مشقِ یادِ خدا اندرو جہان
مانندِ عرشِ پاک ہے سینے کی عز و شان — یا ہے یہ غمکدہ پئے فرزند نوجوان ٭

یہ سینہ اشک تشنہ خورشید و ماہ ہے
صندوق گنج گوہر راز الٰہ ہے

۹۹ آئینہ شکم مین تجلی ہے اسقدر
یا آئینہ مین حلقۂ تکمہ ہے جلوہ گر
سایہ پڑا ہے چاہ زنخدان کا ناف پر
یا قرص مہر دیکھ کا ہے پر تو دم نظر

ناف و شکم سے مطلب دل صاف صاف ہو
ثابت ہوا کہ قاف قناعت یہ ناف ہے

۱۰۰ پٹکے مین ہے کمر صفت رشتۂ گہر
پر زور ن سے اور رگ خواب سی ہے زینت کمر
ہر پیچ پر ہے پیچ کمربند جلوہ گر
لپٹی ہے کوئی بیل گل ترکی شاخ پر

اب وصف ذوالفقار مین قاصر زبان ہے
دو تولیون کے بیچ دو پیکر مین شان ہے

۱۰۱ لائے نقی ہین شکل مین ساقین شاہ دین
نقش قدم سے ایسی مشرف ہوئی زمین
یعنے کہ ساق عرش کو بھی یہ شرف نہین
بنتی ہے سجدہ گہ پے سادات و مومنین

چشم ملک کو سرمہ یہی خاک پاک ہے
اس خاک پا کے سامنے اکسیر خاک ہے

۱۰۲ کیا روشنی ہے ناخن پاسے جناب مین
گو دس ہین نور مہ سے ہین بیس آفتاب مین
ناخن و سون چراغ ہین راہ ثواب مین
تپلی قدم ہے حلقہ چشم رکاب مین

کیونکر کہون رکاب ہے یہ بھی خیال ہے
پابوسی حسین کو حاضر ہلال ہے

شکل براق اسپ ہے سیرت مین مثل برق
سبزہ تھا اب سرنگ ہی ہو کر لہو مین غرق

سرعت میں کچھ برق نہیں ہی فرق — اوسنے طے آسمان کیئے بسنے غرب و شرق

پہونچتا امتحان کو وہ گھوڑا اچھل گیا
بجلی تڑپکے رہ گئی گھوڑا نکل گیا

بند ۱۰۴
ڈھال ہے سر سے پاؤں تک اسپ ہی شیم — رفتار میں ہے کبک تو آہو میان رم
نقش ہلال نعل سے ظاہر ہے یکقلم — ماہی ہے پشت روے زمین ہی قدم قدم

فیروزہ عکس رنگ سے ہر شے ہی زین پر
جہتا ہے اسکے سایہ سے سبزہ زمین پر

بند ۱۰۵
اس باد پا کے ذہن میں تیز و بیحساب — طاؤس سے جمال میں اڑنے میں ہی عقاب
نظروں میں مثل نور ہے آنکہ و نہیں مثل خواب — گا ہے ہلال نعل ہوا اور گہہ رکاب ہے

شاہانہ دبدبہ ہے نمودار آپ سے
ڈنکے کی چوٹ گرد ہے گھوڑوں کی ٹاپ سے

بند ۱۰۶
سرعت میں تہا یہ شور وہ آئے امام دین — بہاگو کہ اب پناہ اجل سے نہیں کہین
جو تے سو بیسار سے گئے وہ سو یمین — مانند فوج درہم و برہم تہے اہل کین

دشت پناہ شام کو وہ چہند ہوگئی ہے
نقارۂ و دہل کی صدا بند ہوگئی ہے

ناگاہ ابن سعد نے دی فوج کو ندا ہے — کیسے ہو تم جری کہ نہیں کچھ تمہیں حیا
تنہا کے خوف سے نہیں قابو میں دست و پا — اچہا کسی کے حق میں نہ ہووے گا بہاگنا

ابن علی کے ڈر سے اگر بہاگ جاؤ گے
حاکم کے تیغ کین سے امان تم نہ پاؤ گے

بند ۱۰۸

یہ بات سُنکے پھر ہوئی قایم ہر ایک صف　آمادۂ نبرد ہوئے لوگ ہر طرف
پھونچی پھر آسمان تک آوازِ کوس و دف　آیا قریب حیدرِ کرّار کا خلف
نیزہ زمین مین گاڑکے روکا لگام کو
آیا رجز مین جوش فصاحت امام کو

بند ۱۰۹

آنکھین ملاکے فوج کو ارشاد یہ کیا　گذرے ہین تین روز کہ پانی نہین پیا
داغ اقربا کا تُمنے جگر کو مرے دیا　پر اب تک انتقام کسی سے نہین لیا
زخمی ہون دل سے شوق شہادت گھٹا نہین
طاقت گھٹی ہے ذوقِ شہادت گھٹا نہین

بند ۱۱۰

دیکھو ذرا یہ صبر جفا پر جفا سہی　ندی لہو کی قتل عزیزان سے گو بہی
پر تمسے مجکو چشم مروت وہی رہی　آئی تہی جسکو خلد سے پوشاک سن وہی
سید ہون بیوطن ہون مین ابنِ امام ہون
پانی ذرا پلادو بہت تشنہ کام ہون

بند ۱۱۱

کیا اختیار ہمکو خدا نے نہین دیا　انسان کیا فرشتون کا محسن ہمین کیا
صاحب مرض نے نام ہمارا اگر لیا　حکم خدائے پاک سے وہ مرکے پھر جیا
معجز نمائی ہم مین ہے مشکلکشائی ہے
بندے وہ ہین کہ قبضے مین ساری خدائی ہے

خالق نے اختیار دیا آجتک ہمین　اہلِ زمین سمجھتے ہین مہر فلک ہمین
بھیجے خدا نے لشکر جن و ملک ہمین　درکار خود کسیکی نہین اب کمک ہمین
تمسے کدر ہون تو نہین کچھ ہراس ہے

۱۱۳ ابنِ علیؑ ہوں تیغ یداللہ پاس ہے

یہ تیغ وہ ہے خندق و خیبر میں جو چلی
اس سے ہے زینتِ کمرِ مرتضیٰ علی
وہ مرتضیٰ علی کہ جو اللہ کا ولی تھے
جسپر سب آشکار ہیں رازِ خفی جلی
بیٹا اوسیکا ہوں یہ وہی ذوالفقار ہے
۱۱۴ روح الامین کو تیغ کا حال آشکار ہے

بولے عدو کہ تیغ کا جوہر دکھائیے
صبر و رضا کا نام زبان پر نہ لائیے
یہ وقت کارزار ہے نیزہ ہلائیے
دعوے جو ہے تو خون کا دریا بہائیے
کیا دور ہے میانِ کمر ذوالفقار ہے
۱۱۵ ہم بھی تو دیکھیں آپ کو کیا اختیار ہے

تڑپی نیام میں یہ بیاں سُنکے ذوالفقار
مانندِ روحِ فاطمہؑ روئی وہ زار زار
بولے حسینؑ اے شہِ مرداں کی یادگار
کیا ہے جو آج میری کمر میں ہے بیقرار
الفت تجھے حسینؑ سے ماں سے زیادہ ہے
۱۱۶ بتلا دے مجھے صاف ترا کیا ارادہ ہے

شانِ خدا سے بول اوٹھی تیغِ آبدار
فرمائیے کہ آئے مجھے کسطرح قرار
مجھسے علیؑ نے کام لیے وقتِ کارزار
حضرت نے کھو دی آج کے دن گورِ شیرخوار
ثابت ہوا حقیر بہت میں نظر میں ہوں
دشمن تو سب ہیں تیغ بکف میں کمر میں ہوں

روئی یہ بات سُنکے امامِ فلک جناب
دیکھا فلک کو یاس سے بادیدۂ پُر آب
ناگاہ بارگاہِ خدا سے ہوا خطاب
اچھا دکھاؤ جوہرِ شمشیرِ بوترابؑ

یہ مژدہ سنکے تیغ دوپیکر اوچہل پڑی
بالشت بہر نیام سے باہر اوگل پڑی

۱۱۰ حضرت نے پرتپکے نادعلی اولٹی آستین
قبضے سے دست بڑہا دست شاہ دین
کہینچی جو ذوالفقار تو تہرا گئی زمین
جسکا ہلال تیغ تہے گنبد برین

باہر ہوئی چمک کے تڑپ کر میان سے
نکلی برنگ سیف عامل زبان سے

۱۱۱ پرتو ضیاے تیغ کا نزدیک ودور تہا
وہ تہی چمک کہ کوہ ہر ایک کوہ طور تہا
دشت ستم مین وادی ایمن کا نور تہا
ارض وسما مین قبضۂ تیغ حضور تہا

سایہ زمین مین لوٹتا تہا اوسکی شان پر
ضو تہی برنگ قوس قزح آسمان پر

۱۱۲ بجلی تہی ذوالفقار صف کارزار مین
کشتون کے ڈہیر کرتی تہی ایک ایک وار مین
گا ہے جو سو مین تہے تو کبہی تہے ہزار مین
ہل چل سی پڑ گئی سپہ نابکار مین

نرگش تہی تنگ تنگ دہن تہا میان کا
چہپنے کو ڈہونڈہتے تہے وہ گوشہ کمان کا

۱۱۳ تیغ امام عصر پڑی جس لعین پر
شانے سے آئی کٹکے زرہ آستین پر
ٹہرا گیا نہ زخمی بیدین سے زین پر
لوٹا لہو مین زین سے گر کر زمین پر

ندی بہی لہو کی صفین یون زبون ہوئین
کڑیان زرہ کی موجۂ دریاے خون ہوئین

چار آئنے کو تیغ سے چورنگ کر دیا
روے زمین کو خون سے گلرنگ کر دیا

گھوڑون کو بے سوا کیا لنگ کر دیا | دم بھر مین اوسنے خاتمۂ جنگ کر دیا

خون عدو سے پیکر شمشیر لال تھا
وہ ذوالفقار تھی کہ شفق مین ہلال تھا

۱۴۳
جب خود پر پڑی تو گلے تک اُتر گئی | گردن سے تا بسینہ گئی تا کمر گئی
دو کر چلی کمر کو تو وہ زین پر گئی | وہ زین سے زمین پہ بالشت بھر گئی

نکلی زمین سے تو یہ غل بر محل ہوا
گاوِ زمین کی شاخ سے پیدا یہ پھل ہوا

۱۴۴
ہر سو سے اہل شام پکارے کہ الامان | یارب ہمین پناہ دے اب جائین ہم کہان
آواز دی سروش نے شہ کو یہ ناگہان | بس اے حسینؑ بس کہ نہین حد کشتگان

حورین ہین منتظر در فردوس باز ہے
تلوار روک لو کہ یہ وقت نماز ہے

۱۴۵
سنتے ہی یہ نیام مین کی شہ نے ذوالفقار | مقتل کی فکر مین چلے ٹھہرا کے راہوار
آواز دی یہ جانب فوج زبون شعار | قاتل کو بھیجدو مع شمشیر آبدار

ہم ظالمون کے ہاتھ سے پانی نپائینگے
سجدہ مین آب تیغ سے پیاس بجھائینگے

۱۴۶
ناگاہ پہونچے متصل قتل گہ امام | روکا فرس کو پاس سے دیکھا سوے خیام
رو کر کہا کہ اے حرم مصطفےٰ سلام | اللہ پردہ دار تمہارا رہے مدام

اب سوپنتے ہین تمکو پناہ الٰہ مین
لو الوداع آئے ہین ہم قتل گاہ مین

۱۲۶ یہ کہکے اُترے زین سے سلطان بحر و بر
عمامہ و زرہ کو اوتارا بچشم تر
کھولی کمر سے تیغ علیؑ پشت سے سپر
رکھا تبرکات بزرگون کا زین پر
دولت سرا مین گھوڑے کو بھیجا امام نے
حضرت کو آکے گھیر لیا فوج شام نے

۱۲۷ فکر نمازِ عصر مین تھے شاہ کربلا
دیکھین نہ ذبح ہوتے مجھے آل مصطفےٰ
دل مین مگر حضور کے یہ بھی خیال تھا
ناگاہ ایک خاک کا تودہ نظر پڑا
اوس خاک کے نشیب مین سجدہ ادا کیا
ہر اک دہانِ زخم سے شکرِ خدا کیا

۱۲۸ تھا چور چور زخمون سے شبیر کا بدن
لکنت زبان پاک کو بھی تھی دمِ سخن
کانٹے پڑے تھے حلق مین یون خشک تھا دہن
چھوڑی مگر نہ طاعتِ معبود ذوالمنن
جاری زبان سے اونکے تو بس لا الہٰ تھا
مشغول ذبح شمرِ لعین روسیاہ تھا

۱۲۹ سر پیٹتے تھے رن مین رسولِ فلک جناب
فرزند کے الم مین نہ تھی فاطمہؑ کو تاب
تھا چاک چاک غم سے گریبان بوتراب
نالہ کنان حسنؑ بھی تھے با دیدۂ پر آب
حاضر تھے انبیائے سلف شور و شین تھا
وردِ زبان ہر ایک کے ہے ہے حسینؑ تھا

۱۳۰ ناگاہ غل ہوا کہ سرِ شہ جدا ہوا
یہ سُنکے اہلبیت مین محشر بپا ہوا
بولا کوئی کہ خاتمہ اب جنگ کا ہوا
گھوڑا بھی شہ کا داخلِ دولت سرا ہوا
آواز ہنہنا کے سنائی جو راہ سے
ڈیوڑھی تک آئے اہل حرم خیمہ گاہ سے

۱۳۲ سمجھے حرم کہ حضرت شبیرؑ آئے ہین
دیدار کو سکینہ کے تشریف لائے ہین
فضہ پکاری تیر عدو نے لگائے ہین
یہ خود زین پر ہے کہ شہ سر جھکائے ہین
خالی زرہ ہے ابن علیؑ زین پر نہین ہائے
تیغ و سپر تو ہے شہ والا مگر نہین ہائے

۱۳۳ زینبؑ نے سر کو پیٹ کے ہر ایک سے کہا
اے بی بیو حسینؑ کا گھوڑا ہے با وفا
راکب کو اپنے چھوڑ کے تنہا نہ آئیگا
آیا جو خالی پیٹ کچھ اسکا سبب ہوا
دنیا سے سوئے خلد سفر کر گئے حسینؑ
گھوڑے کو بھیج کر لب کوثر گئے حسینؑ ہائے

۱۳۴ پردہ اوٹھا کے فضہ نے دلدل کی لی لگام
تھا بیقرار خاتمہ شہ سے خوش خرام
ڈالے تھا خاک ٹاپ سے اندام پر تمام
سو بار ٹاپتا تھا تو چلتا تھا چند گام
جب رفتہ رفتہ بوسہ در شاہ کا دیا ہائے
گھٹنون کو اوسنے ٹیک کے ماتھا جھکا دیا

۱۳۵ ڈیوڑھی مین ذوالجناح جو پہونچا بچشم تر
ماتم کیا ہر ایک نے گھوڑے کو گھیر کر
ڈوبا ہوا تھا خون مین عمامہ زین پر
افشان زرہ تھی خون بدن سے مع سپر
دامان زین مین سیکڑون پیوستہ تیر تھے
گھوڑے کے جسم پر بھی جراحت کثیر تھے

۱۳۶ تھا اسپ مثل ماہی بیتاب بیقرار
گہ ٹاپتا تھا گاہ وہ روتا تھا زار زار
گہ چاٹتا تھا ہاتھ سکینہ کا راہوار
بو شہ کی سونگھتا تھا ہر اک غم سے بار بار
جاتا تھا ہنہنا کے وہ گو سب کے سامنے

پڑ لوٹتا تھا خاک مین زینب کے سامنے

وہ بی بیون کا شور وہ فریاد وہ فغان
ہمراہ اونکے نالہ رہوار بے زبان
کہرام تھا وہ خیمہ کے اندر کہ الامان
سب سر برہنہ خاک اوڑاتی تہین بی بیان
یون شور وا حسینؑ کا گھر مین بلند تھا
میدان مین شاہ یا نہ لعینون کا بند تھا

بانو کا یہ بیان تھا کہ بے سر ہوئے حسینؑ
مجروح تیغ کشتۂ خنجر ہوئے حسینؑ
تشنہ دہان روانہ کوثر ہوئے حسینؑ
ہے ہے شہید فوج ستمگر ہوئے حسینؑ
آئی تباہی آل رسالت مآب مین
ڈوبا ہے گھر حسینؑ کا خنجر کی آب مین

اے ذوالجناح کھو کے تو آیا امام کو
وا حسرتا کہ پھیر نہ کھایا امام کو
کنبہ سے یون اجل نے چھوڑایا امام کو
تو سوے خیمہ آیا نہ لایا امام کو
بانو کے اس بیان سے نہ زینبؑ کو کل پڑی
سر پیٹتی وہ خیمہ سے باہر نکل پڑی

چلاتی تھی ارے مرے بہائی کو کیا کیا
اے رخش فاطمہؑ کی کمائی کو کیا کیا
خوبی کو دو جہان کی بہلائی کو کیا کیا
میدان مین تو نے حق کے فدائی کو کیا کیا
لونگی تجہی سے فاطمہ کے نور عین کو
چھوڑ آیا کس جگہ مرے بہائی حسینؑ کو

یہ سن کے سر جھکا کے وہ رہوار مر گیا
اوس وقت بی بیون مین قیامت ہوئی بپا
خاموش اے صغیر کہ مجلس مین ہے بکا
درگاہ کبریا مین بصد عجز کر دعا

یارب مین مدح خوان ہون شہ مشرقین کا
میرے گناہ بخشدے صدقہ حسین کا

قطع تہنیت انیس الدولہ بہادر

نیرِ بخت نکو برج سعادت مین رہے
مہِ اقبال و حشم ہالۂ رفعت مین رہے

خامۂ دستخطِ کا عذار بابِ غرض
صورت تیغ زبان قبضۂ قدرت مین رہے

ابر رحمت سے ہو شاداب گلستانِ مراد
گل مقصود ولی دامن دولت مین رہے

مجمع صاحب حاجت رہے دروازے پر
ہاتھ حاتم کی کیطرح سبب شہادت مین رہے

مہر دینار سے پُر نور رہے روزِ شکوہ
روشنی ماہ درم کی شبِ حشمت مین رہے

پایۂ مرتبت وجاہ ہو اس درجہ بلند
مثل خادم فلک پیر بھی خدمت مین رہے

دست منصب سے نچھوٹے کبھی دامانِ حضور
رفقا کی طرح اقبال رفاقت مین رہے

مجلسِ حضرتِ سلطان مین سرفرازی ہو
مثل جان روزیہ قد قالبِ خلعت مین رہے

شہرۂ حسن رہے صورت یوسف گھر گھر
ہر زلیخا سے حسین دام محبت مین رہے

عیش تازہ ہو مہ و سال یہ ہے ء من صغیر
زنگ... نوروزی دل ساغرِ عشرت مین رہے

قطعہ تہنیت انیس الدولہ بہادر

مبارک ہو الٰہی عید کا دن
زیادہ برس ہو شادمانی

قیام عہد و دولت عمر بھر ہو
رہے ہر دم خدا کی مہربانی

برنگِ نشۂ صہبائے دیرین
ضعیفی تک رہے جوشِ جوانی

ضیا بخش جہان ہو نیرِ بخت
مثالِ نورِ مہرِ آسمانی

بغل مین بہی ہمیشہ جام مے ہو | بت سیمین شرابِ ارغوانی

لکہون مین اے صغیر آگے کہانتک
ہوگا اختتامِ مدح خوانی

قطعہ ورشان وزیر الممالک حضور عالم

جبہ امر تبہ و جاہ حضورِ عالم | پیرِ گردون پئے تسلیم جہکا رہتا ہے
سایۂ دامنِ سلطانِ جہان ہے سر پر | اثرِ سعد تہِ بالِ ہما رہتا ہے
بیچون کو بہی تمنا ہے قدمبوسی کی | سرنگون اس لیے دامانِ قبا رہتا ہے
سائلون کو یہ کیا بخشش والائے غنی | طاقِ انکار پر اب جامِ گدا رہتا ہے

دستخط کیون ہو معروضۂ مقصودِ صغیر
یہی شغلِ قلمِ دستِ عطا رہتا ہے

تاریخ مسجد شیخ عالم لکہنوی

زندگی ہے یہان کوئی دم کی | برگِ گل پر ہے بوند شبنم کی
نام عالم مین رہ گیا ہے صغیر | یہی مسجد ہے شیخ عالم کی

۱۲۸۰ ہجری

تاریخ وفات نواب یوسف علیخان مظفر پوری

بگلزار ارم یوسف علیخان رفت ازین عالم | بشیون روز محشر گشت و در ماتم تلاطم شد
رسید آہ از سپہر اولین باگنبد چارم | درآب دیدہ از طوفان گریہ غرق مردم شد
بستہ پہلو زستہ گو صغیر این سن چنین گفتم | ازین گمنہ سرا یوسف بکنعانِ فنا گم شد

تاریخ وفات نواب ممدوح ۱۲۵۳ ہجری

ہو یوسف علیخان بہ گلِ پردہ نہاد | پسر کوس پر دردآہ ہے نواحت

۱۲۷۴ فصلی

بہ لوحِ مزار پدر نام خود داد	محمد تقی خان بس کندہ و ساخت سنہ ۱۲۶۳ ہجری

تاریخ وفات میر خرم علی صاحب

میر خرم علی جہان سے گئے	اے دلِ دردناک ماتم کر
تیغ دزدان سے وہ ہوئے مجروح	صفتِ زخم چشم پُر نم کر
دو ہین تاریخین فصلی و ہجری	مادّے تین گن کے باہم کر
اون کے بیٹے کو اے صغیر یہ لکھ	بخشش قرآن ختم کر غم کر

تاریخ وفات جناب پیر مرشد برحق داتا شاہ حضرت عاشق محمد بالا شاہ سہارنپوری قدس اللہ سرہ

مستانہ چو رفت شاہ مستان	در خلد برین ز حکم محکم
بگریست صغیر و گفت تاریخ	یکشنبہ و عشرۂ محرم سنہ ۱۲۵۲ ہجری

تاریخ مقام غیبت صاحب العصر علیہ السلام

ساخت مریم آفاق خداوند جہان	ہچنین بارگہِ قبلۂ کونین ہمہ
کرد تاریخ رقم بر سرِ محراب صغیر	عسکرین شرفین امامین ہمہ سنہ ۱۲۶۲ ہجری

تاریخ عقد مرزا نوروز علی برادر خورد مرزا امراؤ خان صاحب مرحوم

عقد نوروز علی گشت قریبِ نوروز	شبِ دامادی و نوروز مبارک بادا
نور کاشانۂ امید فزاید یارب	جلوۂ ماہِ دل افروز مبارک بادا
ساز مطرب پئے تاریخ ندا داد صغیر	جشن این شادیِ نوروز مبارک بادا سنہ ۱۲ ہجری

تاریخ تعمیر امام بارۂ مصری خان لکھنوی

امام باڑے سے بہی بست و پنج سال آگے	خزان ہوا چمنِ روزگارِ مصری خان
امام باڑہ بنایا اب اوسکے بیٹے نے	حسین بخش جو ہے ورثہ دارِ مصری خان

یہ کی صغیر سے درخواست وہ ہون تاریخین — اک اس بنا کی ہو اک یادگار سے بنیان
ملا یہ قند مکرر سے سنین ہجری مین — تبیید تنزیہ تمامہ مزار سعری خان
سنہ ۱۲۶۶ ہجری

تاریخ دیوان منشی اسمٰعیل حسین صاحب منیر

نماند ازین نظم نام منیر — درین صد دو شد صبح و شام منیر
ہمین الفت تاریخ دیوان صغیر — جبلی گرم شیرین کلام منیر
سنہ ۱۲۶۴

تاریخ بنائے باغ گلبن الدولہ بہادر

بربہار این چمن ول را گمان جنت است — خوبتر باغیکہ در عالم نشان جنت است
گلبن الدولہ بہادر تازہ و تر ساختہ — این گلستانیکہ رشک بوستان جنت است
عیسوی ہجری بہم تاریخ آن گفتہ صغیر — سطحۂ باغ ارم انیست شان جنت است
۱۲۶۴ — ۱۸۴۸

تاریخ خرید زمین امام بارہ نواب ناظر بشیر الدولہ خواجہ سرائے شاہی

پیش نواب ناظر عالی — آسمان با ادب خمیدہ شد
چون خرید است تعزیہ خانہ — نشنیدہ چنان نہ دیدہ شد
پئے تاریخ آن بگفت صغیر — جائے بزم عزا خریدہ شد
سنہ ۱۲۶۴ ہجری

تاریخ وفات حسین الدین پسر خدا بخش دفتری رزیڈنسی لکھنؤ

عجب یہ حادثۂ سخت و پُر ملال ہوا — کہ سب کو جینا اس اندوہ سے محال ہوا
ذرا سی سن مین ہوئی رحلت حسین الدین — ہزار حیف کہ پورا چھٹا نہ سال ہوا
کہا صغیر نے اسوقت مصرع تاریخ — چلی جو بادِ خزان خشک نونہال ہوا
سنہ ۱۲۶۴ ہجری

تاریخ باغ وحید الدولہ بہادر

اس طرح کا کہین نہ دیکھا باغ — واہ وا کیا بہار ہے کیا باغ

آج جو ہے وحید دولت و جاہ ❊ — اے صغیر اوس نے یہ لگایا باغ
ایک مصرع مین دو ہین تاریخین — سب ہے یہ بے نظیر گھر اباغ ❊
سنہ ۱۲۶۴ ہجری — سنہ ۱۲۶۴ ہجری

تاریخ وفات علی مردان خان

ابر تر روز وفاتش گے بود ❊ — آسمان بود بماتم گریان ❊
دست بر سینہ زدہ گفت صغیر ❊ — وائے صد حیف علی مردان خان
سنہ ۱۲۶۴ ہجری

تاریخ تعمیر کمرہ غلام حسین رنال

نسل سادات سے ہے غلام حسین — لاکھون رمالون مین وہ یکتا ہے
فن کے پرکھنے مین ہے بے مثل — ہر جماعت مین ذکر اوسکا ہے
خوب کمرا نفیس بنوایا ❊ — شکل برج قمر ہویدا ہے
نصرت اس گھر مین ہوگئی داخل — ذرہ ذرہ یہان ستارا ہے
زائچہ ہے صغیر یا تاریخ ❊ — خانۂ فرح کیا یہ کمرا ہے
سنہ ۱۲۶۴ ہجری

تاریخ وفات سید امیر علی نائب نواب امیر الملک

سید عالی نسب ابن امیر اور آپ امیر — داخل جنت ہوا یہ شور عالم مین ہوا
مجلسون مین جا بجا لوگون نے جب چرچے کیے — نوحۂ جانسوز اک اک بزم ماتم مین ہوا
مصرع تاریخ ہاتف نے سنایا اے صغیر — رونے کا یہ حادثہ ماہ محرم مین ہوا
سنہ ۱۲۶۶ ہجری

ایضاً

دوم ز ماہ عزا بود و روز یکشنبہ — کہ میر امیر علی الفلاک ز عالم شد
رسید چون خبر مرگ او بمنزلہا — عزیز سوگ نشین گشت و دوست پر غم شد
صغیر تفحص تیش کرد و گفت این تاریخ — ازین الم ہمہ جا ماتم محرم شد
سنہ ۱۲۶۶ ہجری

تاریخ تعمیر دروازہ کربلائے ملکۂ آفاق

کربلا مین ہے مزارِ پسرِ شیرِ خدا ۔ باادب آؤ کہ دربار ہے یہ حضرت کا
رشکِ خورشید ہے ایک ایک سنہری گنبد ۔ واہ کیا شان ہے دروازہ ہو کس شوکت کا
پئے تاریخِ بنا سب سے یہ کہتا ہے صغیر ۔ تاپ دیکھا ہی نقشہ ہے درِ جنت کا

سنہ ۱۲۷۲ھ

تاریخ تعمیر کاظمین شرف الدولہ غلام رضا خان

شرف الدولہ بہادر چو نہاد این بنیاد ۔ کعبۂ اہلِ یقین قبلۂ اربابِ صفاست
کاظمین ست بدین وجہ بعالم معروف ۔ مرقدِ ہر دو شہِ تختِ امامت اینجاست
گفت از اہلِ جہان مصرعِ تاریخ صغیر ۔ چشم مالید چہ درگاہ امامان ہداست

سنہ ۱۲۷۱ھ

تاریخ وفات نواب آغا علیخان امین الدولہ بہادر ابن نواب معتمد الدولہ بہادر

چلا جو ہند سے ابنِ وزیرِ شاہ اودھ ۔ جنازہ صحنِ رواقِ حسین مین آیا
کہی صغیر نے تاریخ جب سنی یہ خبر ۔ پیام مہدِ اجل کاظمین مین آیا

سنہ ۱۲۹۹ ہجری

تاریخ تالیف جدول عروض منشی بشارت علیخان صاحب

شنید جدولِ صنعت برادرِ خردم ۔ خلاصہا بنوشت و دران مفصلہا
درین زمانہ آخر چنانست نثر نویس ۔ شکست شد قلم دست فکر اولہا
عروض و قافیہ را آنچنان خلاصہ کرد ۔ کہ اختصار شدہ دفترِ مطولہا
صغیر بینہ و زبر گفت از منقوط ۔ عروض و قافیہ اندر حساب جدولہا

ضاد قاف سے بے نون جیم
سنہ ۱۲۹۶ ہجری

تاریخ تعمیر باغ الہی بخش خیاط سرکار شاہی

الہی بخش نے ایسا بنا یک باغ بنوایا ۔ پر بال ہما باندھے ہر مرغ چمن مین ہے

دکھائی صنعتِ دستِ قضا معمار کامل نے ۔ عمارت وسطِ گلشن مین بنوایا جان تن مین ہے
وفورِ جلوۂ تعمیر ہے صحنِ گلستان مین یہ ۔ سیان باغ کوٹھی ہے کہ فانوس انجمن مین ہے
صفائی جوڑیون مین آئینون سے یہ نئی دیکھو ۔ نظر آتا ہے جو کچھ پردۂ چرخِ کہن مین ہے
نشاط و قوت افزائی دل و جان سیر ہے اسکی ۔ وہ ہے اس بوستان مین جو گلستانِ سخن مین ہے
صغیر اس مصرعہ تاریخ پر صدقے ہین گلدستے ۔ بہار و سایۂ گلزارِ جنت اس چمن مین ہے

سنہ ہجری

تاریخ تعمیر مسجد بیگم شرف الدولہ بہادر

کنیز فاطمہ بنت بنی فخر النسا بیگم ۔ ہلالِ عفت و عصمت سپہرِ عز و تمکین است
بنا انداختہ این مسجد عرش آستانہ را ۔ کہ ہر یک ذرۂ روئے زمینش ماہ پروین است
صغیر آمد ندا از غیب بہر سالِ تاریخش ۔ رکوع و سجدہا کن قبلہ دین مبین این است

سنہ ہجری

تاریخ تعمیر گھاٹ راجہ ہنونت سنگھ بہادر کالا کانکر

ہین مہاراج اور مہاراج اہل کرم ہنونت سنگھ ۔ دور سے آئے ہین تعریف آدمی سنکر یہان
گھاٹ بنوایا بہت عمدہ لبِ دریای گنگ ۔ کارگر بلوائے اکثر شہر سے چنکر یہان
گھاٹ کو سہ چند کر تو سالِ ہجری ہو عیان ۔ اے صغیر اس سے تو اظہار سن ہی کر عیان

سنہ ہجری

ایضاً

اور تاریخ سنِ فصلی سے لکھ اس گھاٹ کی ۔ چاہیے اشنان کرکے رام بھج پن کر یہان

سنہ فصلی

تاریخ وفات بیگم منشی بشارت علی خان صاحب

آنسہ بیگم ازین عالم فانی چو گذشت ۔ غم مرگش سبب داغ دل مادر شد
عرش جنبید ز فریاد و فغانِ خواہر ۔ فرش خاکی ز نم اشک عزیزان تر شد
خاک بر فرق فشاندند ز ماتم احباب ۔ چاک دل چاک گریبان بغمش شوہر شد

بہر تاریخ ندا آمدہ از غیب صغیر ۔ قدم مومنہ پاک بجنت در شد
سنہ [illegible] ہجری

تاریخ دیوان مرزا محمد مہدی قبول مقبول الدولہ بہادر

چھپا کلام کہلی بوئے ہے گل مضمون ۔ یہ نذر ہو گی درگاہ عشق مین مقبول
کہی صغیر نے تاریخ طبع دیوان یہ ۔ قبول اہل خرد ہے گل کلام قبول
سنہ [illegible]

تاریخ تولد فرزند سید کاظم حسین تنویر

در خواہش چون بود لبطن امید ۔ فرزندش تنویر و بتداست تقدیر
تاریخش گفتہ ام بسال ہجری ۔ پیدا شدہ نور دیدہ ہاست تنویر
سنہ [illegible] ہجری

ایضاً

آن گوہر بے بہا ست امید ۔ از صلب بہ بطن در رسیدہ
بشگفت چو غنچہ بعد نہ ماہ ۔ در باغ مراد گل دمیدہ
مادر بگرفت در کنارش ۔ نکہت در غنچہ آرمیدہ
شد دیدہ شوق ز اشتیاقش ۔ گل پردہ غنچہ را دریدہ
تا چرخ رسید بانگ نوبت ۔ آواز دہل فلک شنیدہ
بنوشت صغیر سال تولید ۔ تنویر شکیب نور دیدہ
سنہ [illegible]

تاریخ تعمیر بارہ دری راجہ ہنونت سنگھ

این مکان در ہفت سال باتمام رسید از تاریخ آغاز و بتاریخ اتمامش لہذا فرق است

ناظمی در زمانہ سلطان ۔ گنبد جا مکنہ زیبا انداخت
سنہ [illegible] ہجری

ایضاً

راجہ ہنونت سنگھ بافت چو جا ۔ اولین با بنائے اول ساخت
سنہ [illegible] ہجری

ایضاً

داده بار ام پال سنگه بساط	کوس جدی ز نام او بنواخت

سنه ۱۲ ھ

ایضاً

قافیه در سنین گفت صغیر	جدو ساخت از بنا پرداخت

سنه ۱۲ ھ — سنه ۱۲ افصل

تاریخ شادی کتخدائی سید اقبال علیصاحب

سید اقبال علی اهل و سعید ازلی	کتخدا گشته چو بلبل بگل تر پیوست
سن هجری پی تاریخ چنین گفت صغیر	مهر اقبال ز مه لعل ز گوهر پیوست

سنه ۱۲ ھ

تاریخ وفات برادر کلان مرزا امراؤ جان مرحوم

در شب عشرهٔ عزای حسین	حیف خادم علی ز عالم شد
خاک افشاند بهر برادر او	در عزاخانه فرش ماتم شد
بهر تاریخ سال گفت صغیر	الغش اندرین محرّم شد

سنه ۱۲ ھ

تاریخ وفات امیر علی خان هلال

افسوس هلال ازین جهان رفت	دل در غم او پر اضطراب است
شیرین سخنے بشاعران بود	دیوان که از وست خوش کتاب است
بستیم چو اے صغیر تاریخ	دل گفت حیات چون حباب است
بنویس دو حرف از سر و پا	باقی ز حباب غرق آب است
اعداد حروف چون نوشتم	یک یک کم شد همین حساب است

سنه ۱۲ ھ

تاریخ تعمیر مسجد جناب شیخ دوست محمد صاحب رئیس پریانوان

چو شیخ دوست محمد بناے مسجد کرد	ادا نمود جماعت نماز شام و پگاه

صغیر چون ز فکر سال تاریخش ... ابشد ندا باتوان لا اله الا الله

تاریخ تولد فرزند ... کرپانکی پرشاد

خداداد نور نظر دوستی را ... بگشت درون ... شادیش پاشید

چو پرسیدم ... صغیر دل از ما ... چه گویم تاریخ آن در ... شم

پدر داد آواز مانند ہاتف ... بآئین ... بیدار بخت ... شید

تاریخ اجراے مطبع ... الخ

کارنامہ مطبع نوشد میان لکھنؤ ... شد ... کلام شاعران

صاحب مطبع پے انشا فزا ہم ساختہ ... ذی لیاقت ... اہل ہنر اہل زبان

صغیر در ہمین مصرع دو تاریخ است ہجری ... مطبع اخبار شاہان مظہر حال زمان

تاریخ شادی احمد مرزا صاحب

حبذا جلوۂ دامادی احمد مرزا ... شمع فانوس ہمیکرد ز روزن نگہے

چمن حسن شبابش چو ببیند ہر کس ... بار دیگر نکند جانب گلشن نگہے

از سخن فہم امید است کہ ای قدر شناس ... جانب مصرع تاریخ بیفگن نگہے

سال ہجری است پدیدار بیک صف دو کس ... وصل روشن نگہے گشت بہ روشن نگہے

روشن نگہے ... ہجری ... روشن نگہے

تاریخ وفات زوجہ حکیم علی نقی صاحب

ز دنیا مادر حامد علی شد ... پسر بگریست کارام پدر رفت

مکان بازوجہ فرزند بسپرد ... سوئے جنت ببین عقد بسر رفت

عروس اندر غم او نوحہ گر شد ... شکیبائی ز دل تاب از جگر رفت

همین است انقلاب اے دل بدنیا | غم آمد شادی از خانه بدر رفت
بجب حال شد تاریخ ہجری | کہ ورا اینجا یکے آمد دگر رفت
سنہ [illegible]

تاریخ ترتیب دیوان ہذا

کہہ چکے ہم غزلیں اپنی اے صغیر | عشق کا قصہ بیان سب ہو چکا
یہ کہو تاریخ اتمام کلام | شکر صد دیوان مرتب ہو چکا
سنہ [illegible]

تاریخ مرمت مسجد عیدگاہ کہ ڈپٹی نجف علیخان فرمودہ بودند

بود در قصبہ عیدگاہ دراز | کس نہ پرداختش فلک چو نخواست
خان والا نجف علی ڈپٹی | عیدگاہ شکست را آراست
گفت تاریخ آن دو گونہ صغیر | پاے این ریختہ زجا برخاست
سنہ [illegible] سنہ [illegible] افضل

تاریخ انتقال شوہر ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند

شکوہ تاج و علم بود شوہر ملکہ | ہزار حیف کہ آن فخر حشم ز عالم شد
نماند جرأت و شوکت نماند جوہر تیغ | چو آن ہمہ و شجاعت ز نسل آدم شد
ملک سیاہ فلک بارگاہ شاہنشاہ | سیاہ پوش شد و سوگوار ازین غم شد
بدین دلیل بباید تسلی ملکہ | کنونکہ شوہر او نیست ہمچو مریم شد
شنید ہر کہ خبر جامہ سیہ پوشید | چو دید کاغذ اخبار چشم پرنم شد
صغیر گفت سن عیسوی پے تاریخ | بظل عیسی مریم ہمائے عالم شد
سنہ [illegible]

تاریخ وفات زوجہ ماجد بخش عظیم آبادی

نو عروسی بخلد رفت ز باد | ہاتفی بر نگین دل شد نقش
بجمالی چو سال او جستم | خامہ گفتہ عروس ماجد بخش
سنہ [illegible]

تاریخ تعمیر مسجد بیگم آریم کنگ صاحب ڈپٹی کمشنر سابق پرتاب گدہ

آریم کنگ است صاحب قدر امیر قدردان	طائر دانش اشتیاق تفاسیر پروانہ ہست
بیگم او مسجدے از عطاے صفت تعمیر کرد	طبلِ ایمان کوفت این زن ہمتش والا است
گفت سنہ گو صغیر خوش بیان تاریخ سال	صاحب عیسی و روان قبلہ صاحب خانہ است

تاریخ وفات میر علی اوسط رشک مرحوم

عابد و زاہد و استاد و بزرگ و ابرار	عاشق حضرت شبیر علی اوسط رشک
از ور سبط نبی رفت بباغ فردوس	ذی شرف صاحب توقیر علی اوسط رشک
ہاتف غیب ندا داد برائے تاریخ	دید ارباب جنان میر علی اوسط رشک

تاریخ عقد نواب باقر علیخان بماہ رمضان

مید ہم مژدہ این عقد برائے نوشاہ	صاحب بزم حرم گاہ مبارک بادت
میسر آیند حسینان سمن پیش عقد	جان جان و بت دلخواہ مبارک بادت
منیر ند فال نکو طالع بیدار عروس	مسند و منزلت و جاہ مبارک بادت
بسہ پہلوے تاریخ چنین گفت صغیر	شادی عقد بہ ماہ مبارک بادت

قطعہ تاریخ مسجد مصنف دیوان ہذا

کچھ بھروسا نہیں بیان دم کا	برگ گل پر ہے قطرہ شبنم کا
گر یہ مسجد ہے اے صغیر مگر	دل میں گھر ہے خدائے عالم کا
دونوں لفظوں میں وہ ہیں تاریخیں	یوں ستارہ ستین کا چمکا

تاریخ بسم اللہ ممتاز نواب پسر محمد نواب عظیم آبادی

دلستان زیب شد ممتاز نواب	قباے علم از تار ادب دوخت

بہ سیمین لوح زد حرفے پئے درس / قلم از روشنائی لفظ افروخت
او یکی کرد بسم اللہ آغاز / بدریائے در آمد گوہر اندوخت
بسال آن صغیر این کرد اظہار / ادب آموز اول علم آموخت
سنہ ۱۲۹۵ھ

تاریخ شادی ہمشیرہ اہلیہ [illegible]

بمقام شکر ہے سینہ اعلیٰ صاحب / یہ روز شادی لخت جگر مبارک باد
دلہن ہے بیٹی تو نوشہ پسر بہن کا ہے / پدر کو جلوۂ لعل و گہر مبارک باد
رباب و چنگ ہیں سب تہنیت سرا نغمہ / صدائے کوس یہ ہے بام پر مبارک باد
موذنان مساجد کچھ ایسے بہکے ہیں / اذان میں کہتے ہیں شام و سحر مبارکباد
صغیر نے یہ تاریخ یہ دیا مژدہ / یہ دور حجلۂ شمس و قمر مبارک باد
سنہ ۱۲۹۸ھ

تاریخ عقد مظفر حسین صاحب

در روز نیک عقد مظفر حسین گشت / نوشاہ مثل شاہ بہ پشت سمند شد
چون برق پنج شاخہ بشعل ہم تپید / مانند رعد شور ز نوبت بلند شد
در فکر سال خامہ چو برداشتہ صغیر / تاریخ از حساب جمل دلپسند شد
ہر ہفت شد چو پائے عروسی بقشقہ / عیسی بگفت طوی مظفر دو چند شد
سنہ ۱۸۸۱ء

ایضاً

کیا شب عقد مظفر ہے مبارک اے دا / کیا مہینا نیک ہے کیا سال کیا دن نیک ہے
عیسوی تاریخ اس شادی کی ہے یہ اے صغیر / آٹھ سے قبل ایک ہے اور آٹھ کے بعد ایک ہے
سنہ ۱۸۸۱ء

تاریخ شادی لال رام پرشاد سنگھ

لال صاحب چو عقد ثانی کرد / خانہ شد ز آمد عروس آباد

میسر امید نازنین حسین	گلتخ دانی ہتو مبارک باد
سنہ الف قطعہ کرد ہاتف گفت	رام پرشاد و سنگہ باد ارشاد

تاریخ وفات میرانیس صاحب و مرزا دبیر صاحب

زین جہان رفت انیس و رفت دبیر	بستر سوگ از الم دارم
بود مرزا دبیر استادم	لیکن انس از انیس ہم دارم
مرگ شان داد منصب اندوه	در سپاه الم علم دارم
خاک افشان شدم مثال زمین	چون فلک پشت راست خم دارم
نویسم دوگونہ چون تاریخ	ماتم ہر دو یک قلم دارم
وصلی و ہجری اے تسغیر بگو	وائے وا رنج درون زغم دارم

تاریخ وفات شاہ محمد قاسم سجادہ نشین قصبہ بانگیو

گئے حضرت محمد قاسم افسوس	سنا جسنے تو بیند [illegible] آئی
وہ تھے شیخ المشائخ عالم عصر	پئے گمرہ تھے خضر رہنمائی
خبر سنکر صغیر دل حزین نے	سرشک چشم سے ندی بہائی
[illegible] دل سے کہ روؤگے کہان تک	جہان سے جائے گی ساری خدائی
ہم اندوہ لازم ہے صبوری	صفت قرآن مین صابر کی پائی
مناسب ہے کرو تاریخ کی فکر	ضعیفی مین بھی ہو زور آزمائی
حساب سے پیدا مادہ ہو	عیان ہو تیرگی سے روشنائی
بچشم خود صابر کو جو دیکھا	نئی تاریخ نے صورت دکھائی
ڈھونڈھا الفاظ مین اعداد پورے	کہ یہ ترکیب مکتوبی ہے بھائی

تزیر لفظ صاحب ہند سے لکھے	دو بائی لکھہ کے آگے لکھہ یکائی
عدد کی چاہیے تقدیم و تاخیر	رقم کر پہلے نقطے سے دو بائی

مصرع اول کے سب حروف ابتدا سے انتہا تک شمار کرنا چاہیے

تاریخ خطاب قیصری ملکہ ہند ۱۸۷۷ء

بکار مرحمان رحیم خدا ہست	چو نوای داد گر فرمان روا ہست
کسے را نیست بعد عہدت غم و باک	توانگر شادمان خوش بینوا ہست
بد اختر دشمنت چون فتح یابد	ہلال تیغ تو کشور کشا ہست
ہدایت کرد سلطان السلاطین	پناہ و امنت ظل ہما ہست
صغیر از چار پہلو گفت تاریخ ۱۸۷۷ء	شہنشاہ زمن و کشور یا ہست

خاتمہ کے مصرع کا اول سے آخر تک سب حروف شمار کرنا چاہئے

قطعہ دربار قیصری لارڈ لٹن گورنر بمقام دہلی

عجب دربار طرفہ انجمن ہے	گلستان بوستان ہے یا چمن ہے
ستارون کی طرح روشن ہے محفل	زمین پر جلوۂ چرخ کہن ہے
بجالاتے ہین سب آداب شاہی	جلالت صدر پر سایہ فگن ہے
تحیر دل کو ہے کس کا ہے دربار	گھرے سب کی کمر مین نعرہ زن ہے
وزیر و ادگستر لارڈ ذی شان	گورنر صاحب فرمان لٹن ہے

قطعہ تاریخ تولد و وفات ملا کمال الدین سکنہ قصبہ مو قاضی طیب حسب فرمایش شیخ اسد اللہ غالب و شیخ امین الدین برادر عزیز نصیر الدین تعلقہ دار

مادر دہر چو از صلب ازل شد پربار	شادمانی بدل پیر و جوان پیدا شد

بهر آمد چو حد غنچهٔ ایام امید ... پس نه ماه گل باغ نهان پیدا شد
اختر بخت منجم چو نظر کرد بگفت ... مردم دیدهٔ صاحب نظران پیدا شد
خانه آباد شده همچو کنار مادر ... چمن باد بهاری بخزان پیدا شد
گشت شهنا که بآغوش دلارام آمد ... کوس آواز بر دراحت جان پیدا شد
نام نامی بجهان شاه کمال الدین گشت ... شور الشمس صفت شور اذان پیدا شد
پئے تاریخ چو پیدایش او گفت صغیر ... چون کمال دل کامل بجهان پیدا شد
چون بهار چمن عهد شبابش آمد ... سبزهٔ عارض آن سرو روان پیدا شد
گرد تحصیل چنان علم فضیلت دریافت ... عالم عصر خطابش بزبان پیدا شد
بد تحصیل بنوشید مے عشق ز پیر ... در دلش جلوهٔ اسرار نهان پیدا شد
نامور گشت بعالم ز کمال باطن ... تخم شهرت بگلستان جهان پیدا شد
طالب راه طریقت باو بیعت کردند ... حلقهٔ سلسلهٔ معتقدان پیدا شد
عهد فیروز شه و شاه علاء الدین بود ... اسم درویش بشاهان زمان پیدا شد
خانیان فوج بدادند اعانت کردند ... بانگ کوس و دهل از لشکریان پیدا شد
تا لشکر چو ز دهلی باو ده نهضت کرد ... تیغ گرد ز افواج گران پیدا شد
بسر جمع کفار چو درویش رسید ... هستی او بدل قوم بهران پیدا شد
سر کفار رفتا و ند بیان ناقوس ... از زمین چون صفت آب روان پیدا شد
هیچ ناقوس بر آمد ز شکست کفار ... فتح دین گشت ز نقاره اذان پیدا شد
خانهٔ قوم بهران مسکن اهل دین گشت ... نام درویش بداماں نشان پیدا شد
چو بیامد بمو گفت مورخ تاریخ ... دین اسلام باین ده هم اذان پیدا شد
سنه ۹۰۳ ھ

چون باقلیم عدم شاه علاءالدین رفت — انقلاب ورق اہل جہان پیدا شد
تاج و تخت و پاش شاه غیاث الدین یافت — شادی وقت پے تغلقیان پیدا شد
قوم بہر باز سر از جیب بدن آوردند — ضعف در پشتی درویش ازان پیدا شد
رفت درویش بسلطان و سپه باز آورد — از سر تیر دگر نوک سنان پیدا شد
فتح کردند جوانان جری جنگ بہر ان — بہر کفر از لب ناقوس فغان پیدا شد
اسے مورخ ہمہ پر خوف فتادند بچاه — چه نابودی بنیاد بہر آن پیدا شد
فتح شاه جنگ و گر گفت مورخ تاریخ — گنبد پیک اجل بہر بدان پیدا شد
یافته دخل و تصرف بو چون درویش — شکر حق از دہن خورد و کلان پیدا شد
راحتے یافت دل اہل جہان از خلقش — جاے آرام پے راه روان پیدا شد
پاک دین پاک درون صوفی صاحبدل بود — ہر که آمد بحضرش جلوه جان پیدا شد
عمر صد سال بسر کرد بیاد معبود — داغ سجده بجبین بہر نشان پیدا شد
چو بیامد اجلش روح ز قالب بپرید — در قفس بال و پر طایر جان پیدا شد
وم تدفین پے تاریخ مورخ بنوشت — حورے آمد بلحد بوے جنان پیدا شد

قطعہ تاریخ در تہنیت شادی کتخدائی شاہ مہدی عطا سجادہ نشین سلون

بہت دن سے تھی آمد کتخدائی — شب عقد آئی تمنا بر آئی
بٹے اس قدر بیاه مین خوان نعمت — گدا سے چھٹی بانوے بینوائی
براتی ہین سب اولیاء و مشائخ — زہے پاکبازی زہے پارسائی
ہوئی شادیانے سے آواز پیدا — ہوے ہاتھ مہدی عطا کے حنائی
بزرگون کے سب کام ہین با تصرف — تسلسل سنے کی عقد مین یہ نمائی

گنبد ہا چاردہ خانوادہ سے سہرا / انہیں چار پیرون نے چوتھی کہلائی
اماموں سے بارہ ملے سیکڑے جب / تو نو قادرون سے ملی تودہائی
ہزار و دو صد ہین فراہم تو وہین / عیان خمسہ حیست سے ہی اکائی
وہ تاریخ ہجری ہے یہ سال فصلی / ہمایون ہمایون ہو یہ کتخدائی

قطعہ تاریخ بناے قصر شیخ مبارک اللہ مرحوم بزرگوار شیخ نصیر الدین تعلقدار رئیس قصبہ موطیب

شیخ ذی شان مبارک اللہ نام / کرد روز سعید این بنیاد ؛
سالہا صرف کرد گنج خطیر / خشت سیمین و خشت زر بنہاد
غیر از سنگ و خشت چوبی نیست / ہست بے چوبہ فلک استاد
پئے تاریخ این مورخ گفت ؛ / این بنا فرخ و مبارک باد
کرد خورشید منزلہ ناشس ؛ / تا بماند بدور نہر آباد ؛

قطعہ تاریخ وفات مبارک اللہ مغفور

میان نزع بیان مبارک اللہ بود / بجز خداے جہان ہیچ نیست درکارم
نماند پاے مرا طاقت برون رفتن / کنون بدائرہ مرگ ہیچو پرکارم ؛
گذشت عہد زراعت دم گریستن است / بجاے گندم و جو دانہ گہر کارم
کنند بر لحدم مصرعہ دو تاریخی / زباد باغ ارم باد تازہ تر کارم

قطعہ تاریخ مرمت قصر ہذا

بانئے قصر نے جو رحلت کی ؛ / کی بھتیجون نے پشتی دیوار ؛
صاحب عقل ہین نصیر الدین / نامور ہین میان اہل وقار ؛

دوسرے بھائی شیخ امین الدین | اونسے چھوٹے ہین پر بڑے دیندار
اسد اللہ ذی سخن غالب | وہ ہین جادو بیان و سحر نگار
خلق و اخلاص و قدردانی ہین | ہین برابر یہ سب صغار و کبار
ہین سپہر بلند ہمت ہین | خاکساری مین سایۂ دیوار
سعی ترمیم قصر کرتے رہے | مع مزدور چند تن معمار
مثل دار السلام قصر مین ہے | سقف بے چوب و رنگ و نقش و نگار
قد آدم لگے ہین آئینے | یا ہے عکس تجلی دیوار
بعد ترمیم کی جو آرایش | بن گیا خانہ دل بیدار
جھاڑ فانوس ہانڈیان مرزنگ | سب نے گلزار کی دکھائی بہار
در و محراب و طاق سنگی ہین | سنگ مرمر ہی اینٹ پر ہے نثار
قصر دیکھا کہا مورخ نے | اب مرتب ہوا ہوا اپتار

سنہ ۱۲[illegible]ھ

تاریخ بنائے مسجد

چو این مسجد جماعت متفق ساخت | ندا آمد مکان لامکانم
ز بنیادم ز اتمامم خبر دہ | جبین خامہ نہ بر آستانم
موذن بانگ زد بہر دو تاریخ | زہے تا عرش شد شور اذانم

سنہ ۱۲[illegible]ھ

تاریخ فرزند شاہ سید ابو الحسن صاحب مانکپوری

آمد از بطن نہان احمد سعید | روز عمر شش طول وافر آمدہ
دایہ را حاجت بشو بیدن نشد | کین پسر از صلب طاہر آمدہ
دید ہر کس بانگ زد مانند دف | خادم و مخدوم حاضر آمدہ
بہر تاریخ سنہ ۳ بہلو دل بگفت | ماہی از بطن بظاہر آمدہ

سنہ ۱۲[illegible]ھ

قطعات تاریخ ترتیب و طبع دیوان ہذا

از نتائج طبع والاے اوستاد عدیم النظیر جناب منشی امیر احمد صاحب امیر لکھنوی
اوستاد والی رامپور خلد آشیان

بزم سخن مین اہل سخن کے تھی تذکرے	یہ بحث تھی کہ کون فصاحت مین فرد ہے
آیا جو ذکر امیر کلام صغیر کا	ہر ایک نے کہا - یہ متانت مین فرد ہے

سنہ ۱۳۰۵ھ

از نتیجہ افکار گہربار شاعر ہمہ دان جناب محمد احسان علی خان صاحب احسان
شاہجہانپوری شاگرد جناب جلال لکھنوی

دلکشی مین فرد ہے احسان سب نظم صغیر	پا گئے اہل مذاق اس سے بہت لطف زبان
فکر سال طبع کی جسدم تو یہ مصرع ملا	چھپ گیا پورا کلام شاعر رنگین بیان

سنہ ۱۳۰۵ھ

قطعہ تاریخ چکیدہ کلک شیخ فدا حسین اسیر متوطن قصبہ مئو ضلع الہ آباد
شاگرد مصنف دیوان ہذا

بہر تاریخ سال این دیوان	طبع موزون خویش جولان کن
سینہ نظم و پاے نظم بگیر	اے اسیر این دو را دو چندان کن

سنہ ۱۳۰۵ھ

از نتیجہ افکار گوہربار صاحب طبع باصفا جناب مولوی شاہ عبد الغفور صاحب بقا
رئیس مانکپور فریدی الحسامی از اشد تلامذہ مصنف مرحوم

رہا دیوان سے باقی جہان مین	صغیر خوش بیان کا نام نامی
کلام پاک سے ہے درد پیدا	بجا ہے گر کہون مین رشک جامی
یہی غفور اوستاد جہان ہین	انہین پر ختم ہے شیرین کلامی
انہین سے طالب اصلاح ہوتا	اگر اس وقت مین ہوتا نظامی

ہوئی مجکو لقا جب فکرِ تاریخ ‏ ‏ ‏ کہا دل نے زہے نظمِ گرامی
سنہ ۱۳۰۱ھ

ولہ تاریخ طبع

اوستادِ خوش بیان کا دیوان چھپ رہا ہے ‏ ‏ ‏ گلدستۂ لطافت لطفِ چمن ہی اچھا
کیونکر نہ شاعرون مین چرچا ہو آج اوسکا ‏ ‏ ‏ ہر عیب سے بری ہے کامل سخن ہی اچھا
اے فکرِ عرش پیما دکھلا دے زورِ جودت ‏ ‏ ‏ تاریخ بھی ہو رنگین رنگِ سخن ہی اچھا
لکھی سنین ہجری خوش ہوکے اے لقا یہ ‏ ‏ ‏ اشعار خوب عمدہ - شیرین سخن ہی اچھا
سنہ ۱۳۰۱ھ ‏ ‏ ‏ سنہ ۱۳۰۱ھ

ولہ

زہے دیوان صفیرِ خوش بیان کا ‏ ‏ ‏ چھپا مطبع مین اچھا حسبِ دلخواہ
دُرِ الفاظ ہین سب رشکِ خورشید ‏ ‏ ‏ دوائرِ حسن مین ہین غیرتِ ماہ
لقا لکھدو سنِ ہجری مین تاریخ ‏ ‏ ‏ گلستانِ سخن اچھا ہوا واہ
سنہ ۱۳۰۱ھ

از نتائجِ فکرِ شفیق دلی جناب میر سیف علی صاحب پرتو ساداتِ قصبہ منڈوا ضلع فتحپور

در فنِ شاعری جنابِ صفیر ‏ ‏ ‏ ہمچو عرفی و انوری آمد
ہر کلامے کہ از زبانش رفت ‏ ‏ ‏ از ہمہ عیب ہا بری آمد
پرتوے راز طبع این دیوان ‏ ‏ ‏ ظاہر از پردہ خفی آمد
چون بجستیم مصرعِ تاریخ ‏ ‏ ‏ سروِ بستانِ عاشقی آمد
سنہ ۱۳۰۱ھ

از نتیجۂ فکر سخنور مشہور جناب راجی سید تعشق حسین صاحب تعشق رئیسِ اعظم مانکپور

سب کلام و نکتہ ہے سرتاج کلامِ بے مثل ‏ ‏ ‏ طبع سے پا گیا معراج کلامِ بے مثل
مشک آنست کہ خود بوید ہاں این ست مثل ‏ ‏ ‏ نہین توصیف کا محتاج کلامِ بے مثل

ہوکے خوش مصرع تاریخ تعشق نے لکھا	شکر ہے طبع ہوا آج کلام بے مثل ۱۳۱۰ھ

از نتائج افکار گہربار اوستاد ہمہ دان محقق بیمثال جناب حکیم میر ضامن علیصاحب جلال لکھنوی

دیوان صغیر جنت مکان کا	چھپ کر ہوا کیا مطبوع احباب
لکھدو جلال ایک تاریخ اسکی	شاعر بھی بے مثل دیوان نایاب ۱۳۱۰ھ

از فکر جناب حافظ جلیل حسن صاحب جلیل مانکپوری

دیوان صغیر کا ہے یا معدن لطافت	ہر شعر مین صفائی ہر لفظ مین فصاحت
کیا لطف ہے غزل مین کیا بات ہو سخن مین	گویا ٹپک رہی ہے ہر شعر سے ملاحت
اشعار مین بندہی ہین ہر رنگ کی مضامین	دو چار مین فصاحت دو چار مین بلاغت
مضمون نگاریان کچھہ نازک خیالیان کچھہ	کچھہ لطف سادگی کا کچھہ شوخی و شرارت
کی اہی جلیل میں جبوقت سیر دیوان	بیچین ہو گیا دل پہڑکی مری طبیعت
فوراً قلم اوٹھا کر تاریخ طبع لکھی	اشعار کا ہی مخزن - یا نسخۂ فصاحت ۱۳۱۰ھ

ولہ

بڑہی دیوان چھپ جانے سے کیا شان صغیر اے دل
جسے دیکھو وہی ہے اب ثناخوان صغیر اے دل
چھپا دیوان ہوا نام اور اس اوستاد نامی کا
علو سے طبع عالی سے بڑہی شان صغیر اے دل
شگفتہ ہین برنگ گل ہزارون معنئ رنگین
بجا ہے گر کہین اس کو گلستان صغیر اے دل

جو لوگ ان تازہ سہروں پہ ہیں بلبل کی طرح شیدا
گلِ مدحت سے وہ بھرتے ہیں دامانِ صغیر اے دل
ثنا ہیں فصیح ایسے نہ کیوں لکھتے وہ شعروں میں ؎
فصاحت تھی ازل سے زیرِ فرمانِ صغیر اے دل
دل و جان سے ہیں صرفِ مدح گوئی دیکھ کر دیوان
جو قابل ایسے جوہر ہیں جوہر شناسان صغیر اے دل
لکھی منقوطِ میں تاریخ اسکے طبع کی میں نے ؎ ؎
چھپا ہے وصف کے لائق یہ دیوانِ صغیر اے دل

از نتیجۂ طبع شاعر بے نظیر جناب سید حیدر حسین صاحب حیدر رئیس مانکپور
شاگرد مصنف مرحوم

فصیح جہان جنت آرام گاہ
خدا بخشے ناسخ کے شاگرد تھے
تا مذ رہا کچھ دلوں رشک سے
نیا رنگ دیوانِ والا کا ہے ؎
مزا دے رہا ہے کلام صغیر
عجب کاہشِ دل کے مضمون ہیں وا
بندھی ہے جو قسمت کی برگشتگی
چمکتا ہوا چاند سورج کا ذکر ؎
معانی میں بحث لطافت پذیر ؎

تصانیفِ خلد آشیان میں ہے لطف
سپے یاد اس داستان میں ہے لطف
اونہیں کی زبان کا زبان میں ہے لطف
گلستان کا اس بوستان میں ہے لطف
فصاحت کا طرز بیان میں ہے لطف
کمان زخمِ نوک سنان میں ہے لطف
وہ کب گردشِ آسمان میں ہے لطف
شبیہ رخِ مہوشان میں ہے لطف
نفی کا ثبوت دہان میں ہے لطف

فراموشی دین و دنیا غلط ۔ خدائی کا ذکر بتان مین ہو لطف
کھنچی ہے جہان ابروؤن کی کمان ۔ وہان کیا خم کہکشان مین ہو لطف
کنایات انکار و اقرار واہ ۔ نہین نہین مین مزا اور ہان ہان مین ہو لطف
جدال رقابت کی بحثین لطیف ۔ کہان جنگ چنگیز خان مین ہو راحت
دکھاتے ہین مضمون نشیب و فراز ۔ زمین مین ہو لطف آسمانین ہو لطف
نہ حیدر بیان ہوگا لطف سخن ۔ کہان وہ تمہاری زبان مین ہو لطف
ادب سے لکھو تم یہ تاریخ طبع ۔ کلام فصاحت نشان مین ہو لطف
۱۳۱۱ھ

ولہ

بجا سے آمدہ از جا بجا سے ۔ کلام شاعر شیرین بیانی
مرتب گشت دیوان طبع گردید ۔ کلام شاعر شیرین بیانی
خوشش تاریخ طبع خویش گردید ۔ کلام شاعر شیرین بیانی

از نتائج فکر شاعر بلند مرتبت جناب نواب مرزا مہدی حسن خان صاحب رفعت لکھنوی شاگرد جناب جلال لکھنوی

اوستاد مذاق صغیر نامی ۔ پر درد کلام با مذاق و شاعرانہ
رفعت چہ بگفت سال طبعش فی الفور ۔ دیوان شدہ طبع بیمثال و نادر
۱۳۱۱ھ

از نتیجۂ فکر شاعر نازک خیال جناب پنڈت کشوری لال صاحب رکن تخلص دہلوی

دیوان صغیر خوش طراز و اسلوب ۔ چھپکر ہوا رکن سب کے دلکو مرغوب
ہاتف بھی خوشی سے بول اوٹھا واہ ۔ مضمون لکھے ہین اسکے کیا خوب

از نتیجۂ فکر با آب و تاب سید سبز علیصاحب سیماب رئیس مانکپور شاگرد مصنف مرحوم

میرے اوستاد تھے جناب صغیر ۔۔۔ جنت آرام گاہ خلد مآب
ذی ہنر ذی کمال ذی اخلاق ۔۔۔ ذی مروت یگانۂ احباب
متقی پارسا سخی ابرار ۔۔۔ خاشع و راکع و سجود مآب
[illegible] دینیات خداشناس ایسے ۔۔۔ بحر عرفان کے گوہر نایاب
عارفوں میں تھے عارف کامل ۔۔۔ کاملوں میں بھی منتخب تھے جناب
فضل کامل الٰہیات میں تھا ۔۔۔ نہیں علم فلاسفہ کا حساب
شاعر خوش بیان یگانۂ فن ۔۔۔ رکھتے تھے نظم و نثر میں نہ جواب
جامع علم و صاحب تصنیف ۔۔۔ ہیں تصانیف میں سے چند کتاب
ایک نسخہ حبیب ساغر ہے ۔۔۔ ایک تحسین نوشت خوش ابواب
ایک تاریخ ہے سبین سبھا ۔۔۔ ایک آئین اختر ایک نصاب
اک رسالہ عروض و قافیہ میں ۔۔۔ چند دیوان کا ایک لب لباب
خاص شاگرد آپ کے ہیں مذاق ۔۔۔ ذی شرف ذی وقار ذی القاب
شیخ احمد حسین اسم شریف ۔۔۔ خان بہادر بھی آپ کا ہے خطاب
آپ کی بڑی عرق ریزی ۔۔۔ ہوچکا تھا کلام نقش برآب
اہتمام بلیغ فرمایا ۔۔۔ تا ہو نو بادۂ سخن شاداب
طبع دیوان میں سعی فرمائی ۔۔۔ صرف فرمایا صرۂ زرناب
چھپا قومی پریس میں دیوان ۔۔۔ داد طبع سخن کی دو سیماب
کام دہن رسا کو فرماؤ ۔۔۔ فکر تاریخ میں ہو بیتاب
مصرع شکریہ میں ہے تاریخ ۔۔۔ چھاپا گلدستۂ سخن نایاب

۱۳۱۲ھ

بھائی کا بیٹا ہے اختر نام ہے — ہو نہ ہو اقبال اُن کا ہے قرین
دیکھ کر تھی اوستاد کا دیوان چھپا — فکر میں تاریخ کی تھا کمترین
دیکھ کر مکتب سے اختر نے کہا — لکھدو خوش بیان تم ہے غنی شیرین

تاریخ سنہ ۱۳۰۹ھ

قطعہ تاریخ عبد الرزاق سہیل ساکن شوری ضلع الہ آباد شاگرد مصنف دیوان ہذا

خوش کرد صغیر نظم دیوان — نایاب زمانہ ہر غزل است
ہر مصرعہ اوست سلک گوہر — ہر لفظ دُرِ یگانہ بل است
نزد صفحہ است نجم تیرہ — پیش ورق آفتاب نقل است
از بس کہ عزیز شد بہر کس — معشوق مثال در بغل است
خوش گفت سہیل سال طبعش — دیوان صغیر بے بدل است

۱۳۰۹ء

ایضاً

صغیر سخنگوے اوستاد من — سراپا چو دیوان خود جمع یافت
بہ نقش چنان سوخت ہر نکتہ سنج — کہ در چشم جان رشتۂ شمع یافت
دُہل زد بتاریخ عیسی سہیل — عروس سخن زیور طبع یافت

رشحۂ کلک فصاحت سلک عالم نبیلی و فاضل لوذعی جناب مولانا محمد ظہیر احسن صاحب شوق نیموی عظیم آبادی

چو دیوان صغیر نظم پیرا شد — سخن سنجے فصیح نکتہ دانی شد

بحسن و خوبی چو مطبوع گردید — ز هر سو چه زیبا گفت جانی
رقم زد خامه من شوق سالش — [illegible] شعر شیرین بیانی

از نتیجهٔ فکر سخن پرور جناب پنڈت [illegible] المعروف [illegible]
[illegible] ضیغم [illegible] پرتاب گڈھ

دیوان صغیر چھپ گیا با تزئین — مشتاق صغیر پہر سب تھے جسکے
ہاتف نے دل سے یون پکارا شنکر — مضمون ہین نادر اور رنگین ایسکے

از نتیجهٔ طبع عالی جناب شیخ سلامت اللہ صاحب شائق رئیس مانکپور
شاگرد جناب راجی سید تقی حسین صاحب

مطبع مین آج چھپ گیا دیوان صغیر کا — نخل ریاض طبع رسا بار ور ہوا
سنکے چُپ ہو گا دیکھکے ہر نکتہ چین دہر — سن سنکے خرده بینون کا منکر [illegible] ہوا
شائق لکھو یہ مصرعهٔ تاریخ طبع تم — دیوان واہ ہدیہ اہل نظر ہوا

قطعهٔ تاریخ انطباع دیوان ہذا چکیدہ کلک شیخ ظہیر الدین صاحب ظہیر
مہرونده صوبه الہ آباد شاگرد مصنف دیوان ہذا

شد مرتب عجیب این دیوان — نام اوستاد شد بعید قریب
بہر تاریخ فکر چون کردم — داد ہاتف ندا عجیب غریب

از نتائج فکر جناب سید عاشق حسین صاحب عاشق خلف سید حیدر حسین صاحب
ساکن قصبہ سلون ضلع رای بریلی وارد حال گنڈہ

نسخهٔ دیوان جناب صغیر — آنکہ بآفاق بُد اہل کمال
ہست پئے بسمل تیغ نظر — مرہم زخم جگر پر ملال

کرد تزیین چه عروس سخن　　شد بجهان فرد بحسن و جمال
بندشش الفاظ و مضامین او　　دلکش و مرغوب و عدیم المثال
بین سطورش صفت کهکشان　　دائرۂ حرف بشکل ہلال
احمد حسن خان بہادر مذاق　　اہل سخا صاحب بذل و نوال
ماہر شعر و سخن و قدردان　　ذی ہنر و شاعر نازک خیال
کرد چو مطبوع برنگ جدید　　گشت بگلزار جہان بیمثال
گفت چنین عاشق آشفته دل　　دفتر دلسوز فراق و وصال

ریختۂ قلم جواہر رقم شاعر سخن شناس سید یوسف حسین صاحب قیاس لکھنوی خلف اکبر جناب یاس شاگرد جناب جلال لکھنوی

طبع گردید چه بے مثل کلام　　که بر آن رنگ سخن تام شیداست
ہاتف این سال مسیحی ز قیاس　　گفت دیوان صغیر داناست

از گہر ریزی فکر شاعر شہرۂ آفاق عالیجناب خان بہادر شیخ احمد حسین صاحب مذاق آنریری مجسٹریٹ و تعلقدار بریاانوان شاگرد مصنف مرحوم

ایسا دیوانِ استاد چھپا پاکیزہ　　جس کے مشتاق تھے سارے برنا و پیر
عیسوی سن میں تاریخ لکھی مذاق　　یادگار لطیف صغیر کبیر ہے

ریختۂ کلک گہر سلک شاعر بلاغت انتمائے جناب منشی دہنپت رائے صاحب محقق لکھنوی خلف منشی جیسکہ رائے صاحب مقبول آنجہانی فرمان نویس سلطانی مختار سرکار نواب وحید الدولہ عضد الملک میرزا مہدی حسین خان بہادر اسد جنگ دام اقبالہ

طبع گشت اکنون چو دیوان صغیر با وقار ؎ لاجواب و بیعدیل و بیمثال و بے نظیر

از پئے تاریخ فصلیش محقق کرد فکر ؎ شد عیان در صنعت نادر زر - دیوان صغیر

۱۲۹۶ ف

د	ی	و	ا	ن	ص	غ	ی	ر	
چہار	دہ	شش	یک	پنجاہ	نود	ہزار	دہ	دوصد	۱۲
۲۰۹	۹	۱۰۰	۳۰	۶۱	۶۰	۲۱۳	۹	۱۰۴	۹۵

ایضاً

چھپ گیا دیوان بیمثل صغیر ذی کمال ؎ جس کا جویا تھا بہت مدت سے ہر برنا و پیر

بینات و زبر بین منقوط سے تاریخ طبع ؎ اے محقق کر رقم — نادر ہے دیوان صغیر

۱۳۰۱ ھ

قطعہ تاریخ از حکیم مقبول حسن متخلص بہ نواب مانکپوری

چو برخاست شور کلام صغیر ؎ بگو برق طبع و بگو برق نظم

درخشندہ مضمون و تابندہ لفظ ؎ بگو لعل و گوہر بگو برق نظم

فرد رفت نواب در فکر سال ؎ بگفتا بتاریخ او برق نظم

۱۲۹۲ ھ

از نتیجہ فکر گہربار جناب قاضی سید نواب صاحب نواب مانکپوری

میرے اوستاد کا کلام چھپا ؎ کرم رب ذوالمنن ہے واہ ؎

جلے جاتے ہین حاسدان جہان ؎ شہرت گرمی سخن ہے واہ ؎

ہین بھرے رنگ رنگ کے مضمون ؎ گویا پھولا ہوا چمن ہے واہ ؎

ہے یہ برجستہ مصرع تاریخ ؎ کیا یہ دستنبوِ سخن ہے واہ ؎

۱۳۰۵ ھ

از گہرریزی کلک جواہر سلک سخنور معنی شناس جناب میر ذاکر حسین صاحب

شد بسعی بندہ چو دیوان صغیر خوش گو
بود آن تارک دنیا و ادیب و عاقل

طبع گردید ز ارشاد مذاق عالے
این شرف مطبع قومی شدہ حاصل

یاس پرسید ز ہاتف چو سنین طبعش
زد ندا ہست ہمہ خوب کلام کامل

از نتیجۂ فکر جناب شرف الدین صاحب زخمی ساکن قصبہ جالیس شاگرد جناب مولانا شاہ صاحب مرحوم

طبع شد چون لفضل رب جلیل
کلیات صغیر عرش وقار

از سر جوش طبع برجستہ
گفت زخمی کہ مخزن الاشعار

تاریخ وفات جناب شاہ حیدر علی صاحب صغیر مرحوم لکھنوی از نتیجۂ فکر محمد ظہور الاسلام صاحب ظہور خلف الصدق جناب حکیم محمد عبد اللہ صاحب ساکن قصبہ دال آباد عرف موآیمہ پرگنہ سورام ضلع الہ آباد شاگرد جناب شاہ صاحب موصوف

کرون کیا بیان اپنے دل کا ملال
ہوئی جاتی ہے خود طبیعت نڈھال

کسی شخص نے آکے مجھ سے کہا
ہوا تیرے استاد کا انتقال

وفور الم سے جگر پھٹ گیا
دل پر الم کو ہوا غم کمال

جو یاد آگئی اونکی شفقت مجھے
یہ رویا کہ آنکھیں ہوئین لال لال

کہا مینے رو گے کب تک ظہور
کرو فکر تم بہر تاریخ سال

سر آہ سے دل نے رو کر کہا
چھپا خاک مین شاعر بے مثال

ایضاً تاریخ اختتام دیوان در صنعت زبر و بینہ

باغ معنی ہے سب کلام صغیر
جو زمین دیکھیے شگفتہ ہے

جتنی غزلین ہین سب ہین پاکیزہ
کیا بیان کیا زبان شستہ ہے

زبر و بینہ مین لکھدے ظہور
واقعی من کلام عمدہ ہے

٭ یہ تاریخین دیر مین وصول ہونے سے بے ترتیب درج ہوئین ـ

ایضاً در صنعت مذکورہ

ب کلام صغیر ؎	بہت خوش ہوئے دیکھکر خاص و عام
تاریخ فضلی ظہور ؎	مبرا ہے ہر عیب سے یہ کلام

ایضاً تاریخ طبع دیوان ہذا

کلام استادم طبع چون شد	بسا خورسند گشتند اہل جوہر ؎
ظہور این گفت تاریخش بہ منقوط	چہ شد مطبوع منظوم منور
چون بشد تیار دیوانِ صغیر ؎	ہر کہ دید او را بگفتہ مرحبا ؎
بہر تاریخش چنان گفتم ظہور	طبع شد نظم منور واہ وا

از نتائج افکار گہر بار جناب محمد عظیم اللہ صاحب عادل خلف الصدق جناب خلیل اللہ صدیقی ساکن قصبہ کمال آباد عرف مواءمہ پرگنہ سورام ضلع الہ آباد ؎

شفتی نہین بنا طبیعت کسی طرح	باقی جہان مین نام و نشان صغیر ہے
[illegible] کلام ہوئی سال طبع کی	آئی ندا سے غیب کہ نظم منیر ہے

خاتمہ

الحمد للہ کہ دیوان فصاحت عنوان اوستاد برنا و پیر حضرت شاہ صغیر لکھنوی مرحوم حسب فرمائش عالیجناب خان بہادر شیخ احمد حسین مذاق آنریری مجسٹریٹ و تعلقدار دیوان دام اقبالہ نہایت اہتمام کے ساتھ اپریل ۱۸۹۸ء مین طبع ہوکر سرمہ چشم مشتاقان ہوا۔ یہ بات آپ اسی مسلم الثبوت اوستاد کے کلام مین پائے گا کہ ہر شخص اپنے مذاق کا شعر دیکھہ سکتا ہے۔ اسی لحاظ سے حضرت صغیر کے کلام کو عام قبولیت حاصل ہے آپ کو حضرت مذاق کا ممنون ہونا چاہیے کہ اونہون نے ان بکھرے ہوئے موتیون کو یا پریشان پہولون کے گلدستے بنانیکی توجہ فرمائی۔